


Bodleian Libraries

UNIVERSITY OF OXFORD


This book is part of the collection held by the Bodleian Libraries and scanned by Google, Inc. for the Google Books Library Project.

For more information see:

http://www.bodleian.ox.ac.uk/dbooks



This work is licensed under a Creative Commons Attribution-NonCommercial-ShareAlike 2.0 UK: England & Wales (CC BY-NC-SA 2.0) licence.



16 D 32.

16 D 32



INDIAN INSTITUTE

کتب لغت مختص بمفردات طب

مخزن الادویہ - اردو جسمین ہر ایک دوا کی ماہیت - طبیعت - مضر - مصلح - بدل - قدر شربت - افعال و خواص کمال بسط و شرح سے لکھے ہین مع رسالہ تعداد ادویہ مترجمہ حکیم محمد نور کریم در دو جلد مین -

مجموعہ میزان الادویہ - الفاظ الادویہ فرہنگ نصیریہ - مخزن الادویہ - یہ مجموعہ تین کتاب کا علی الترتیب تصنیف حکیم نور الدین شیرازی و حکیم طالع محمد و حکیم احمد علی عظیم آبادی ہے

ضرورای المطب - مؤلفہ حکیم منتاب رای جداول مین نام دوا و اوسکے مضر و مصلح کا بیان ہے -

مقالات احسانی مفردات کا بیان مصنفہ حکیم احسان علی وکیل -

کتب غیر مختص

تنقیح اللغات - مؤلفہ سید ضامن علی تخلص بہ جلال -

امان اللغات - مصادر عربی کی مشتقات کا بیان مؤلفہ مولوی محمد امان الحق مدرس -

کریم اللغات - مشتمل و حاوی الفاظ لغت عربی و فارسی بہ بیان معنی اردو مصنفہ مولوی کریم الدین پنشنر ڈپٹی انسپکٹر مدارس پنجاب -

نفائس اللغات - جسمین لغت عربی اور فارسی کا چہرہ اور معانی اردو مین بیان ہے مؤلفہ مولوی امداد الدین بلگرامی

کغات سروری - عربی فارسی الفاظ اردو مین ترجمہ مؤلفہ منشی غلام سرور لاہوری

خیابان گلشن - نصاب لغت ہے زبان دری فارسی کی مؤلفہ مولوی محمد علی اربع عناصر - اسمین جداول کے چار خانے ہین خانہ اول لغت اردو خانہ دوم لغت فارسی خانہ سوم لغت عربی نسخ خط مین خانہ چہارم لغت انگریزی خط مین مؤلفہ مولوی محمد ناصر علی -

کتب طب فارسی

اکسیر اعظم - چار جلد مین جامع کلیات و جزئیات طب یونانی مؤلفہ حکیم محمد اعظم خان المخاطب بحکیم ناظم جہان

ملخص فصول بقراطی - مشہور کتاب بقراط کی جسکی تلخیص مولوی غلام حسنین نے فرمائی -

خلاصۃ التجارب - مجربات طبیہ حکیم علوی خان مدونہ حکیم بہار الدولہ -

مجربات اکبری - منشی تصنیف حکیم محمد اکبر خان مرحوم بحکیم ارزانی

کشف الحکمۃ - مصنفہ حکیم سلیم الدین خان -

مجربات رضائی - معالجہ امراض ضعف باہ و مشانہ مین مؤلفہ حکیم سید رضا حسین -

عجالۂ مسیحی - معالجۂ امراض وبائی وسوداوی
مولفۂ حکیم سید محمد ولی -

کیمیائی عناصری - ترجمۂ قرابادین قادری
مترجمہ حکیم نور کریم -

تشریح الاعضاء - علاج پھوڑا پھنسی
مؤلفۂ میر افضل علی ڈاکٹر -

مجمع البحرین - یہ کتاب طب یونانی
اور ڈاکٹری میں ہمقالب ہے اس عنوان کی
کتاب ابتک تالیف نہیں ہوئی جو جامع
کمالات حکیم محمد حیدر خان رئیس جالندھر ملازم
سرکار ریاست کپورتھلہ نے یادگار بنائی -

ترجمہ ذخیرۂ خوارزم شاہی کلیات و معالجات
طب میں اعلی درجہ کی کتاب جو زبان فارسی
میں تصنیف حکیم اسماعیل بن الحسن
محمد احمد الحسنی جرجانی کی تھی اور سکا ترجمہ
اردو میں بجانب مطبع حکیم ہادی حسین خان
مراد آبادی نے بہت سلیس اردو عام فہم
میں فرمایا تین جلد میں -

۱- حصۂ اول و دوم و سوم و چہارم یکجائی
۲- جلد پنجم و ششم و ہشتم - یکجائی
۳- جلد ہفتم و ہشتم و نہم و دہم - یکجائی

تریاق مسموم - نسخہ متحن اقسام
سانپون کے علاج میں مع اونکی شکلیں اور
تصاویر اور مقام اونکے پیدائش کے
مؤلفۂ حکیم محمد حبیب الدین احمد -

ترجمہ اردو قانون شیخ الرئیس
بوعلی سینا کے جلد اول کلیات فن طب میں
مترجمۂ مولوی غلام حسنین -

شفاء الامراض - مخصوص ہر ہر عضو کے
امراض کا علاج مولفۂ حکیم محمد نور کریم -

ترجمۂ اردو امرت ساگر - یہ بدیک امین
انتخاب کتاب ہے جس شخص نے اسکے
جس نسخے کو آزمایا مجرب پایا مترجمہ
پنڈت پیارے لال ملازم مطبع -

مجموعۂ میزان الطب - اردو
رسالہ بحران ذخیرہ مفصلۂ ذیل -
۱- میزان الطب اردو -
۲- رسالۂ بحران اردو
۳- طب عزیزی
۴- رسالۂ دلائل النبض
۵- رسالہ دلائل البول

مترجمۂ حکیم مولوی صادق علی -

مختص بعلاج بہائم وطیور

علاج المواشی - عمدہ معالجات بہائم وطیور کا
رسالہ ڈاکٹر جی ایچ بی ہیلن صاحب کا ترجمہ
مترجمۂ مولوی ابوالحسن -

علاج احسانی موسومہ بدواء البہائم والطیور
اسمین علاج بہائم وطیور کے مجرب نسخے اور اونکی
شناخت مرض کی ہے مولفۂ حکیم لعل علی وکیل

زینت الخیل - مع تصاویر اشکال اقسام
اسپ اور اونکے امراض کا علاج و شناخت
حسن و قبح و خم اسپ مولفۂ منشی محمد مہدی
ایضاً - رنگین تصاویر -

فرسنامہ - معالجہ اسپ مین مولفۂ
سعادت یار خان رنگین -

گوالیار مین صلہ اس عرق ریزی کا پایا یعنی ہر دو سرکار با وقار مین مدتہای دراز تک
ملازم رہا اور قدر دانی آقا سے خطاب فسر الاطبا پایا عرصہ چند سی کہ وارد وطن مالوفہ ہوا
شرف ملازمت جناب منشی صاحب مرجع متوسلان سرچشمہ عنایت و احسان جناب منشی
نول کشور صاحب سے حاصل ہوئی ادام اللہ فیوضہم علی رؤس المتوسلین شہر و مین مشہور
عالی ہمت و باوقار ہین سچ تو یہ ہی کہ مستثنای روزگار ہین ہماری قدرت نہین کہ انکی توصیف
مین قلم اوٹھاوین لسان کو طاقت نہین کہ اوصاف حمیدہ زبان پر لاوین بموجب اینکہ
ع از ذرہ بمہر التماسے + وز خاک بکیمیا سپاسے + تصور کرنا چاہیے غرضکہ منشی صاحب
ممدوح نے خادم کو اپنی اخلاق و محبت سے مرہون کیا اور یہ فرمایا کہ مجربات اکبری تصنیف سید محمد اکبر
صاحب غفرذنوبہم و ستر عیوبہم کہ جامع فوائد و مانع زوائد ہی ترجمہ اسکا زبان اردو مین ہو جاوے
تا عامہ خلائق اسکے طبع سی نفع کثیر پاوی اتباعا للامر اس کتاب کے ترجمہ کرنی پر کمر ہمت
باندھی و بتوفیق خدائے عزوجل و اقبال منشی صاحب ترجمہ اسکا بہ صحت تمام عرصہ
قلیل مین ہو گیا اور چند نسخہ مجرب کہ بصد خاک بیزی جمع کیے تھی وہ بھی درج کر دیے
اور یہ ترجمہ ماہ محرم الحرام سنہ ۱۲۸۴ ہجری مین باتمام کو پہونچکر
مطبوع ہوا طالبان اس فن سے یہ امید ہی کہ بہنگام ملاحظہ
اپنے نفع پر نظر رکھین خردہ گیر لیسے معاف فرماوین اور
حصول فائد لیسے جناب موصوف کے لیے دعای
ترقی اقبال و دولت اور خاکسار مترجم اور
مصحح کی حق مین دعای مغفرت بجا لاوین
آمین اللھم آمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و ثنا اوس حکیم بیریا کو سزاوار ہی کہ جسنے اپنی قدرت کاملہ سی زیرکان خاکسار کو مسیحائی عطا فرمائی و شکر و سپاس اوس قادر علی الاطلاق کو ہزارون ہزار ہی کہ جسنے اپنی رحمت عامہ سی ہر مرض کی دوائی بنائی و حکماء عظام نی جو بقوت مدرکہ ہزارون کتابین علم حکمت مین تصنیف کین سب اوسکے مجموعہ حکمت کے آگے اوراق سادہ ہین اور اطباء کرام نی جو بزور عقول عشرہ سیکڑون نسخہ فن طبابت مین اخراج کیی اوسکے اجزاء مجربہ کی رو برو قلمزدہ ہین ایسا رحیم کہ جسکی رحمت مس گناہ کو اکسیر بناتی ہی اور ایسا کریم کہ جسکی عنایت انتہائے مصائب مین تاثیر دکھاتی ہی الحق کارِ عنایت باقی بہانہ ہر مریض کو شفا دینا اوسی کا کام ہی شافی مطلق اوسیکا نام ہی درود و سلام بصد تکریم و اکرام اوسکی حبیب کو زیبا ہی کہ جسنے مریضان ضلالت کو شربت اسلام پلاکر صحت بخشی و فضل نعت اوس رسول مقبول کو روا ہی کہ جسنے مرقومان عصیان کو داروی درمان بی درمان ہدایت دیکر شفای کامل عطا کی محبت اوسکی ہر بشر کو نوشدارو مقوی نجات ہی عنایت اوسکی انسان ضعیف البنیان کو معجون عمدہ حیات ہی صلی اللہ علیہ و آلہ و صحابہ اجمعین اما بعد ہیچمدان خادم الاطباء واحد علی الہاشمی ساکن قصبۂ موہان نی فن طبابت کو اپنی والد بزرگوار جناب مستطاب حکیم مولوی وارث علی صاحب نور اللہ مرقدہم سی کہ جو فخر علماء و حکما تھی نہایت محنت و جانفشانی سے حاصل کیا بعد اسکے بمقتضاے آب و دانہ سرکار ذوی الاقتدار رئیسہ بھوپال تا ل و مہاراجہ

پگھلاوین تھیر پر جو کچھہ کہ چاہین لکھین تین روز تک رہنے دیوین بعد اسکے سرکہ ترش سے دھوڈالین دیگر لوٹہ سنجی قسم اول سپید عرق کیموں مین کھرل کرین تھیر مٹی وغیرہ مین لکھنے آگ پر دو رسے گرم کرین تمام نقش جگر مین اوسکے ہو جائین گے **تدبیر شکار کرنے چڑیون ہر قسم کی** اگر چاہین کہ بدون جال کے چڑیو نکو پکڑین گیہون گندھک مین جوش کرین جو چڑیا کہ کھاوی بیہوش ہو جائیگی جب چاہین کہ ہوش مین آوی سر چڑیا کا اپنے منہ مین رکھین ہوش مین آجاوی **شکار کرنا کبوتر کا** چاول یا جنے یا کسم کے بیج مدار کے دودھ مین ایک رات تر کرکے خشک کرین جو کبوتر کہ کھائیگا بیہوش ہوگا **شکار کرنا کوّی کا** کچلہ باریک کرکے ساتھہ آٹے کے خمیر کرین نان پکاوین نان کو ریزہ ریزہ کرکے ڈالین جو مرغ یا کوّا کہ کھاویگا جلد بیہوش ہوگا اوڑنے سے باز رہیگا **طریقہ شکار کرنی کلنگ کا** یہ لفظ فارسی ہی ہندی مین گونج کہتے ہین گنجائی کہ برسات مین ہوتی ہی ساتھ گیہون کی بیجا کر کسی تن مین رکھین اس عرصی تک کہ گنجائی گیہون مین باقی نرہین نابود ہو جاوین پھر جبکہ موسم کلنگ کا آوی جنگل مین گیہون کو چھڑکدیوین بجز دکھانیکے سست ہو جاوینگی طاقت اوڑنی کی باقی نرہیگی اور اللہ جانتا ہی حقیقت سب چیز کی اور وہی اوپر ہر چیز کی قادر ہی فقط

تمت بالخیر

شکر خدا کا اور احسان کہ نسخہ عمدہ **مجربات اکبری اردو** مطبع جناب منشی صاحب دریا دل کریم و باذل والاہمت ستودہ خصلت جناب **منشی نول کشور** صاحب دام اقبالہ مین باہتمام پنڈت **منشی بشیشر دیال** الحجنیٹ مطبع کانپور کے بماہ دسمبر سنہ ۱۸۶۲ع چھپا پا گیا فقط

ایلچا کرکے غرغرہ کرین فساد آواز کا کہ جو سبب خشکی کے ہو دور کرے دیگر پانی اسپند سے
غرغرہ کرنا صاف کرنیوالا حلق کا ہے **فصل** رنگ طرح طرح کی بنانی مین رنگ سیاہ لوہ چون
پاؤ سیر ترپھلا ڈیڑھ پاؤ چھلکا انار کا آدھ پاؤ کپڑے کو دونون طرف سی قدری قدری جرب
کرین لوہ چون کو پارچہ پر برابر بچھاوین الا پارچہ کو تہ بتہ کرلیا ہو کہ داغ نہ پڑے اور دوا کو پانی
مین جوش کرین کہ رنگ دوا کا نکل آوے پس پارچہ لپیٹے ہوے کو اس پانی مین ڈالین اور
جوش کرین کہ پارچہ سیاہ ہوجاوے درمیان جوش مین لکڑ پھیرین آگ سی اوتارکے
تمام رات رکھین صبح کو پارچہ کو نکالکر پانی سی دھوین کہ رنگ صاف ہوجاے اگر چھلکا
انار کا نہو تو مضائقہ نہین **رنگ طوطی** مجیٹھ آدھ پاؤ پھلی ببول کی آدھ پاؤ کسیس
دو ماشہ جوش کرکے رنگ بناوین **تدبیر** کہ ہتھیار زنگ نہ پکڑے تیل مرغی کا ساتھ تیل رنڈی کے ملین

باب دور کرنے خط کے ورق سی اور سوا اسکے

کہربا نوسادر کھرنی کے بیج مغز ریٹھی کا مغز نبولہ کا اجزا برابر لیکر کتاب پر لگاوین دور
ہوجائیگا خط دوسرا اوسجگہ قائم کرین **نوع دوسری** قلعی انڈیکی چھلکے کی بناکر ساتھ
عرق لیمو نکی پسین یہانتک کہ سب ملجاوے اور باریک ہوجاوے کتاب پر لگاوین تھوڑی دیر چھوڑ
دیوین کہ خشک ہوجاوے خط محو ہوجائیگا نشان اوسکا نرہیگا دیگر پھٹکری مازو گندھک سفید
اجزا برابر لیکر سرکہ مین پسین کہ مثل مرہم کی ہوے خط پر لگاوین کہ خط کو زائل کردے گا
دیگر کھلے ہوے خط کو چھپا دیوی میل الگہ گوند ببول برابر لیکر پانی مین پیسکے گولی بناکے
سایہ مین خشک کرکے رکھ چھوڑین جسوقت ارادہ ہو ایک گولی پانی مین ملاکے موضع
کتاب پر طلا کرین دو توقف کرین کہ خشک ہو خط چھپا ہوا ظاہر ہین اگر
پانی نوسادر سے اوپر کاغذ سفید کی لکھین ظاہر معلوم نہو جسوقت آگ پر رکھین سرخ
ظاہر ہو اور عرق پیاز سے اور مدار کی دودھ سے اسیطرح لکھنا بھی سرخ رنگ پیدا کرتا ہے
بدستور پہلے کے طریقہ نقش پتھر پر کرنا اور سوا پتھر کے موم کوتلی کی تیل مین

باہم ملاوی چھ تولہ تناول کرین دیگر بچہ کبوتر ساتھ تان تنکی سیدکی کھلاوین دیگر اسگند
کا دل متقشر یعنے چھلکا اوتارا ہوا ہر دو برابر نرم کوٹین و شکر سرخ برابر سبکے ملاوین وقدرے
ادرک بھی اضافہ کرین بوزن تین تولہ کی غلولہ باندھین ہر روز ایک غلولہ کھلاوین نہایت
فربہی ہوگی دیگر جس عضو پر ملین موٹی ہووی کیچوی آکین پینتالیس تولہ آٹھ ماشہ انجیر کی درخت
کی لکڑی آدھی کوٹی ہوئی پانچ سیر گندھک ایک سیر زفت تین سیر گدھی کا دودھ آدھا سیر
جملہ ایکجا کرکے جوش کرین کہ ایک من رہے صاف کرکے چھانین اوزتین سیر پھلا توہ کوٹ
سات سیر تلی کی تیل مین ملاکے اوسمین ملاوین و نرم نرم جوش دیوین کہ پانی جلجاوے
روغن رہجاوے جس عضو پر کہ ملین موٹی ہو دیگر موصلی اسگند ناگوری سایہ مین خشک کرکے
کوٹ پیسکے برابر سب دواکے شکر سرخ ملاکے ہر روز ڈھائی تولہ ساٹھ گائے کے دودھ کے کھلاوین

فصل آدمی کے دبلا کرنے مین چیزین کروی و کھٹی دنان خشک و ساگ پات وغیرہ
کھلاوین بھوک پر صبر کرین و جامہ کھردرا پہنانا و بستر سخت پر سولانا رات دین مین ایکوقت
کھانا و پینا بدن کو دبلا کرتا ہی دیگر کہ بدن کو بہت جلد دبلا کرتا ہی ریہہ کرمانی ایک
راتلدن سرکہ مین خمیر کرین یعنی بھگودین اور تین تولہ تخم کرفس و دو امرود و بورہ مرچ ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ تلی کے بیج نو ماشہ اجوائن ڈیڑھ تولہ سبکو نیک پیسکے ہر روز ساڑھے
چار ماشہ کھلاوین دیگر بیٹھنا نیچے درخت جائپھل کے نہایت دبلا کرتا ہی **فصل** واسطے
خوش آواز ہونے کے اور کھولنے آواز پڑی ہوئی کی مغز ٹہر بڑی پیپل نمک سنگ برابر کوٹ
پیسکے ساتھہ شہد کے ملاوین چودہ روز تک پلاوین آواز صاف ہوگی کدورت و برائی
آواز کی جاتی رہی گی اگر یہ دوا گائے کی دودھ مین جوش کرکے پلاوین وہی فائدہ دیوے
دیگر ادرک تین درم گڑ پورانا سترہ ماشہ ہر روز کھلاوین آواز بستہ کھلجاوے دیگر میتھی
سترہ ماشہ انجیر بیس عدد خرما دس عدد تین پاؤ پانی مین پکاوین پانی صاف اسکا لیوین ساتھہ
شہد کے یا قند کے قوام کرین آواز صاف کرے دیگر روغن بنفشہ و روغن بادام

پھر گذرے تو کنکی سات ماشہ پیسکے ساتھہ پانی گرم کے کہ بقدر ایک کاسہ ہو کھلاوین کہ
قے کری اگر جلد قے نہ آوی لکڑی ارنڈ کی حلق مین ڈالکے قے کرین بال شیر کا جگر حلوان مین
لپیٹ کے نگل آویگا دیگر تخم کسوندی کو ٹکے شیرہ اسکا جام بھر تین روز تک پلاوین
بال گھلکر پانی ہو جائیگا دیگر جھینگا مچھلی تین چار عدد کھلا دیوین بال معدہ مین یا آنت مین
کہ ہوگا دوسری یا تیسرے روز مچھلی کے کھانے سے پیٹ سے نکل آویگا پانچ نانہ کے ساتھہ
دوائی کہ زہر کھائی ہوئی کو دور کری تریاق فاروق چار رتی مرچ سیاہ نیم بہلول
یعنے نو ماشہ عرق لیمون پاؤ سیر اول تریاق کھاوی بعد تھوڑی دیر کی مرچ کو کھاوین
اوپر اسکے عرق لیمون پیوین دیگر کہ زہر افیون کو مفید ہی ریڈی کی جڑ باتی مین پیسکی ایک پیالہ
قہوہ خوری پلاوین دیگر کہ زہر دھتورہ کو دفع کری اگر تخم دھتورہ کی یا پھول دھتورہ کی
یا بیج اوسکے کھائی ہون مطابق اسکے جڑ بنولہ کی یا پھول بنولہ کی یا بیج بنولہ کی کھلاوین
کہ درخت روئی کا یعنے بنولہ کا فاد زہر دھتورہ کا ہی دیگر کہ غشی و زیادتی و نشہ بھنگ کو
مفید ہی ادرک و نمک سنگ و عرق لیمون پلاوین فوراً نفع دیوی اور کہتی ہین کہ بیگن کچا
کھلانا بھی نفع دیتا ہی بہتر دوا اسکی ذکر ناہی ساتھہ گھی اور نمک کے یا نیمبو پلا کی ایضاً قاری
پانی پوستہ کا دینا بھی مفید ہوتا ہی نشہ بھنگ کو دور کرتا ہی دوائی غشی و متلی و قی شراب کو
دفع کری تریاق فاروق جلکر کے دیوین و آب شور کھٹی اور شربت کھٹے بہت مفید ہین دیگر
بال سر کے مونڈ کر پانی سر پر ڈالین صندل و گلاب کا فور سونگھنا و پیشانی پر طلا کرنا
اور کپڑا گلاب کیوڑہ نیمبو تر کر کے سر کریں تا اوپر رکھین مفید ہی فصل موٹا ہونے مین
جس وجہ سے کہ آدمی دبلا ہوتا ہی اوسکو چھوڑ دیوی غذا مین زیادتی کریں یہ دوا موٹا کرنیوالی ہی
صفت مغز رینڈی چھلے ہوی ساتھہ دودھ گاہی کی پیسین ساتھہ آٹی سمنہ کی جسقدر کہ ضرورت ہو
نان پکاوین ایکوقت کھلاوین ساتھہ دودھ شکر کے دیگر مغز بادام مغز فندق مغز نارجیل
خشخاش تل سپید چھلے ہوی ہر ایک چھ تولہ کیسا تین تولہ شکر برابر سب دوا کو کوٹ پیسکے

اوپر زخم بچھو کے ملین درد کو دور کرے اور اگر اس بچھو نے کسیکو کاٹا پکرین اور نمک گھسا ہوا
روغن چراغ مین گرم کے زخم بچھو پر ملین درد دور کرے دیگر مغز جوز و انجیر و لہسن کوٹ
پیسکے ہمراہ سرکہ کے ملا کے کھلاوین فورًا درد کو زائل کرے دیگر کہ نشہ بھنگ کو دور کرے
ادرک اور چند دانہ اسبند کے ملا کر کوٹین اور سرکہ مین ملا کے کھلاوین درد کو دور کرے اور
پلانا دو دمکا اخیر نشہ افیون اور بھنگ مین فائدہ رکھتا ہی اور علاج کلی اول مین نے کرانا ہی
پہلے دہی یا گوشت وخشکہ کھلاوین بعدہ تیی مولی کی کو ٹکے عرق اوسکا تین تولہ لیکر ساتھہ
دو تولہ سرکے کے ملا کر پلاوین اور انگلی منہ مین ڈالکر قے کراوین اور بعد قے کے شیرۂ ادرک کھلاوین
دیگر اگر کسیکو آدمی کا ڈیا ناخن آدمی کا کسیکے لگی کو بھی پانی مین پیسکر شہد ملا کر طلا کرین
دیگر سگ و انگبین اوپر زخم کے رکھین زہر دانت اور ناخن آدمی کو دفع کرے دیگر ایک میٹھے
ریٹھی کو ساتھہ بہت پانی کے اسقدر ملین کہ ایک پیالہ ہو دو قطری اوپر زخم کے ملین باقی
پلا دوین زہر سانپ وغیرہ کو دفع کرے اگر سانپ کے کاٹی ہوے کو درد سر زیادہ ہو تخم درخت
نیم کے پانی مین پیسکر پلاوین اور پیشانی پر طلا کرین اور اگر ناف مین درد ہو تخم نیلوفر
یا ہمین پیسکر پلاوین اور پیشانی پر طلا کرین اور اگر زیر ناف درد ہو تخم نیلوفر پانی مین
پیسکر پلاوین اور اگر آنکھہ بند نکر سکے فلفل گرد یا ہمین پیسکر آنکھہ اوسکی مین لگاوین اور
اگر منہ اوسکے سی کف آوے صندل پانی مین گھسکر پلاوین دیگر اوپر زخم بچھو کے عصارہ
لہسن کو طلا کرین فورًا درد زائل کرے دیگر چرچرہ ہمراہ پانی کے زہر بچھو مین اثر بہت
رکھتا ہی اور بیخ یعنے جڑ یا تیی اوسکی مریض چیاوی بمجرد چیانی کے شفا ہو صاحب گنج باد آورد
نے اس باب مین حکایت بڑی لکھی ہی کہ چرچرہ دو قسم پر ہی ایک وہ کہ چھال اور شاخ اوسکی
سرخی مائل ہوتی ہی اسجگہ بھی نفع دیتی ہی دیگر واسطے دفع اذیت بال شیر کے کہ کسیکو
بال شیر کا کھلاوین نشانی اسکی یہ ہی کہ وقت بیٹھنے کے پیٹ درد کرے اور اگر ریٹھے کے
پتے پر پیشاب کرے بتا ٹکڑے ٹکڑے ہوتا ہی جگر کچا حیوان کا پارہ کر کے کھلاوین جو ایک

جاری ہو جبکہ دو بہت آویگی افاقہ ہوگا اور چاول دہی پکاکے آنکھہ پر باندھین تاکہ
آنکھہ آفت رسے محفوظ رہی دیگر کٹول کوٹ پیسکے پانیمین ڈالکے پلاوین تو آویگی اور
زہر سانپ کا دور ہوگا دیگر پوست درخت نیم کا پوست چندن کا پوست درخت
گولر کا جوش کرین اور ملین تو ہر جملہ حیوانات کا دفع کرتا ہے دیگر تخم کریلہ پیسکر طلا کرین
زہر بچھو کا اوتر جاوی دیگر کہ زہر دفعتہ یکدور کرے بیگن کو ٹکڑے کرکے پانیمین پیسکر دفعتہ
کھائی ہوے کو پلاوین فوراً ہوش مین آویگا دیگر زہر افیون کے دور کرنیمین مجرب ہے
اگرچہ ساتھہ تلی کے تیل کے کھائی ہو تیج بل کہ دوائی مشہور ہے پیسکے پلاوین دیگر پشاب آدمی
نہار منہ پلانا زہر سانپ کو دور کرتا ہے دیگر اگر اوپر جگہ کاٹی ہوئی بچھو کے مکھیان ملین درد کو
موقوف کرے دیگر نانخواہ کو جوش کرین پانی اوسکا اوپر کاٹی ہوئے بچھو کے ڈالین فوراً
درد موقوف کرے دیگر برگ مینہدی کو ٹکے اوپر زخم کاٹے ہوئے بچھو کے رکھین فایدہ دیوے
دیگر مدار کی جڑ کا چھلکا اور پھول مدار کے برگ کسوندی دسم دمبٹ طاؤس تازہ ہلدی
آنکھہ برگ مینہدی سب برابر لیکر کوٹکے بڑی گولی مثل شانہ کے بناوین وسایہ مین خشک
کرکے رکھین جس کسیکو کہ بچھو کاٹے گولی مذکور ایکطرف سے پانیمین تر کرکے دوسری طرف سے
ہاتھہ مین پکڑ کر جسجگہ کہ بچھو کاٹے رکھین تھوڑی دیر رکھی رہین تاکہ درد کو جذب کرے اور گولی کو
جسوقت کہ تر کرین تو احتیاط رکھین کہ ہاتھہ اپنا جسطرف تر ہی نہ لگے دیگر جالگوٹہ پانیمین
گھسکے آنکھہ مین جسکو کہ سانپ کاٹے لگاوین تو ہر سانپ کو دور کرے اور آنکھہ آفت سے محفوظ رہی
پرطاؤس کا چلم پر رکھکے بغیر پانی کے حقہ مین بطریق تمباکو کے کھینچنا زہر بچھو کا دور کرتا ہے
دیگر تخم انگور کی گولی بناکے اوپر کاٹی ہوئی بچھو کے رکھین درد موقوف کرے چونہ ساتھہ زردی انڈے
مرغ کے ملاکے اوپر کاٹے ہوئے بچھو کے رکھین درد دور کرے دیگر بچھو گھی مین چرب کرکے
چھان کے اوپر زخم کے ملین درد کو فائدہ کرے اور اگر اس گھی مین شہد مین ملاوین
اور پرتالو لڑکے کے نو ماشہ ملین تمام عمر اگر اوسکو بچھو کاٹی درد نکری دیگر بیٹ خرگوش کی

نہ لگا ہو سکو نرم کو ٹکے دونون ہاتھو نسے ملین کہ دونون ہتھیلی گرم ہون و ہر ساعت
ایسا کرین اور سکو نگھاوین دو تین مرتبہ مین زہر بچھو کا اوتر جائیگا دیگر تخم روئی کے
گاے کے گھی مین پسکے ڈنک بچھو پر ملین اور طلا کرین دیگر دودھ مدار کا یا تھوہر کا
ڈنک کی جگہ پر ملین زہر دور ہو دیگر عرق لیمون کا ڈنک کی جگہ پر ٹپکاوین فی الفور زہر
دور ہو جاتا ہی بعضے چونہ بھی ملاتے ہین دیگر جڑ کٹائی بڑی کی کھلاوین اور گھسکے
محل ڈنک بچھو مین ملین دیگر پٹھے کو نچوڑین زہر کھائے ہوئے کو دیوین عرق اسکا اگر
بیہوش ہو حلق مین ٹپکاوین فے ہوگی جلد صحت ہوگی دیگر بیج لیمون بڑیکے کہ جسکو
ترنج کہتے ہین کھانا واسطے دفع زہر کے بہت مفید ہی دیگر سمندر پھل پانی مین پیسین اور
اوپر زخم بچھو کے لگاوین اگر آنکھ مین لگا دیوین بھی فائدہ ہوگا دیگر گھونگچی کی لکڑی
پانی مین گھسین آنکھ مین لگا دین اور جس جا کہ سانپ نے کاٹا ہو لگاوین زہر سانپ کا دفع ہو جاوے
دیگر بھنگ کے بیج موم مین ملاوین اور جلاوین دھوان اوسکا ڈنک کی جگہ پر پہونچاوین
دیگر نیلہ تھوتھ نوشادر باریک پیسین اور لیمون کو کاٹکے طوطیا بھرین منہ سے چوسے
حلق مین اوتارین فوراً قے ہوگی زہر سانپ دفع ہو جائیگا دیگر چونہ نوشادر دونون
ہاتھو مین ملین اور مریض کو سنگھلاوین اور مریض سے کہین کہ دم اوپر کو کھینچین کہ بو
اوسکے دماغ کو جاوے اور دماغ سے زہر بچھو کا دور کرے دیگر مغز بنولہ آدھ پاؤ کو ٹکے
تھوڑے پانی مین ڈالکے ہاتھ سے ملین بوجہ نیک چھانین اور پلاوین سانپ کا کاٹا ہوا
یا زہر کھایا ہوا اگر بیہوش ہو فائدہ کرے اگر پیاس بہت ہو بجاے پانی کے پانی بنولہ کا
پلاوین فائدہ نشان یعنی پہچان ڈنک سانپ کی یہ ہی کہ اگر عرق لیمون کا اوپر
ٹپکاوین آبلہ پڑ جاوے دیگر اگر سانپ کاٹے پر آبلہ پڑ جاوے اور مریض بیہوش ہو مریض کو
سیدھا بٹھا لین اوپر ناف کے استرے سے بال مونڈین کہ کھال نہ چھلے الا خون
اوس جگہ سے نکل آوے بعدہ جمالگوٹہ پانی مین پیسکے طلا کرین اور ملین یہانتک کہ

اور ٹکڑا ہلدی مذکور کا اسمین رکھین جبکہ چار روز گذر جاوین نکال لیوین وقت ضرورت اور سرکہ مین گھسکے ملین دیگر کلیجن بعیے جڑ پان کی پانی مین گھسکے تین مرتبہ ایکدن مین لگاوین پانی سے احتیاط رکھین تیسرے روز چاول ساٹھی پیسکے طلا کرین کہ پوست سیاہ جدا ہو دیگر سہاگہ ہلدی پنواڑ کے بیج تینون کو تلی کے تیل مین موافق قاعدے کے پکا کر جھائین پر طلا کرین نمک سنگ باریک پیسکے ہمراہ پانی وقت رات کے منہ پر ملین صبح کو گرم پانی سے دھووین یا تربوز مین سوراخ کرکے چاول اسمین بھر کے سات روز تک رکھین بعد اسکے چاول خشک کرکے پیسین جھائین پر طلا کرین دیگر پھٹکری بھونی ہوئی حرام مغز نکبر یکا ہر ایک ڈیڑھ تولہ چونہ سفید نو ماشہ تینونکو عرق لیمون مین پیسین کہ مثل مرہم کے ہو دیر جھائین کے ملین ایکہفتہ مین خواہ چودہ روز مین دور ہو جاویگی جسوقت کہ عرق لیمون کا خشک ہو جاوے اور عرق ملا دین دیگر انزروت سفید کتیرا آدھا وزن انزروت کوٹ پیسکے دو دفعہ تازہ مین ملا کے ایکدن مین چند مرتبہ جھائین پر ملین مجرب ہی **فصل** دواؤن زہر کھائی ہوئی اور کاٹے جانورون زہردار مین **دوائی** کہ زہر کھائے ہوئے کو اور اوس شخص کو کہ جسکو جانور زہردار نے کاٹا ہو مفید ہی سوہاگہ بھونا ہوا گائے کے گھی یا اور کسی کے گھی مین ملا کر پلاوین تھوڑی تھوڑی دے آویگی پھر دو کو دیوین یہانتک کہ پاؤ سیر سوہاگہ کھلایا جاوے چند مرتبہ دیگر زہر سانپ کو مفید ہی وقت کاٹنے سانپ کے جگہ ڈنک پر پیشاب کرے زہر اثر نکریگا دیگر مدار کی جڑ روئی کی جڑ پانی مین گھسکے کاٹے ہوئے سانپ کو پلاوین دیگر مرچ سفید کو خوب گھسین اور کسیں مرتبہ شیر دیتی سرس سے اول زخم کو دھو لیوین پھر مرچ کو آنکھہ مین لگاوین یا ناک مین ناس دیوین یا پلاوین کاٹا ہوا سانپ کا کہ بیہوش ہو فرصت دیوی دیگر کاغذ سفید ایک تختہ پانی مین حلکے کے پلاوین زہر سانپ کو دور کرے دیگر گنج بادآورد مین مجربات سے لکھا ہی سوہاگہ یا نوسادر خالص برابر اسکے چونہ کلی یا چونہ کہ جسمین پانی

عرق کیھون مین گولی برابر چینی کی بناوین خوراک چار رتی دیگر زخمہای آتشک کو مفید ہی کہنت
جلایا ہوا نیلہ تھوتھہ کوڑی جلائی ہوئی سب برابر کوٹ پیسکے زخم پر چھڑکین دیگر واسطے آتشک و
زخم وناسور و بھگندر کو فائدہ دیوی جمالگوٹہ مغز کر بجوہ پورا نامرچ سیاہ وسونٹھہ برابر کوٹ پیسکے
پانچمین بقدر مرچ گولی باندھین ایک گولی یا دو گولی تین ہفتہ تک کھلاوین ایک دست وزمرہ آتا ہی
کچھ پرہیز نہین ہی **فصل** واسطے دور کرنے بدبو پسینے کی وصفائی وروشنی چشم کے صندل سفید زعفران
اگر نگر لودھا لا یعنی خس سبکو باریک کرکے بدن پر ملین بدن کو جلا دیوے اور نرم کرے دیگر گہ
بوے بغل دفع ہو مشک چودہ ماشہ صندل سفید دو تولہ چار ماشہ پوست انغوزک پاک وخشک
کیا ہوا جو کا آٹا ہر ایک چار تولہ آٹھہ ماشہ سبکو کوٹ پیسکے پانچمین ملاکے سات راتان ملین گرم
پانی سے بغل دھووین دیگر مردار سنگ سرکہ پورانے مین گھسکے بغل مین ملین گرم پانی سے دھووین
لگانا مردار سنگ کا ہمراہ سرکہ کے بغل پر شرط ہی الا گلاب یا روغن گل ملا لیوین کیونکہ تنہا
مردار سنگ مین خوف ہی کہ مواد جانب بغل رجوع نکرے دیگر برگ شقتالو کوٹکے بغل مین ملین
پانی گرم سے دھووین دیگر جب عرق چین کہ بوی بدبغل اور سنجارات فاسدہ کو زائل کرے
مردار سنگ چار تولہ مشک ایکتولہ عنبر اشہب ڈیڑھہ تولہ صندل سفید گھسا ہوا عنبر ایک تین ماشہ
کوٹ پیسکے گلاب مین ملا کی برابر فندق کے گولی باندھکے وقت ضرورت ساتھہ پانی خالص
گلاب کے گھسکے بغل مین ملاکرین بہت نادر ہی **فصل** دواون جھائین مین فصد وجلاب اسمین
بہتر علاج اور یہ دوا مفید ہی کنجارہ سرسون یعنی کھلی پاؤ سیر نوسادر ڈیڑھہ تولہ چوک ترش
تین تولہ سہاگہ سات ماشہ تیل سرسون کا بقدر حاجت سب دوا کو کوٹکے سرسون کے تیل مین
چرب کرکے ساتھہ شیرہ کسم کی بیج کی گولی بناوین وقت ضرورت شیرہ کسم کی بیج مین ملا کی جھائین پر
ملین بعد عرصہ کے سرسون کا تیل اوسی جا پر لگا کر صاف کرین ایکہفتہ اسطرح عمل مین لاوین جھائین
دور ہو جاوے دیگر ٹکڑا ہلدی کا تین روز تک پتہ بکری مین رکھین تین روز اور پیتو نمین
رکھین دسوین روز چوتھا پتہ لاکر پانی اسکا دور کرکے سرکہ انگوری اس مین بھرین

دوز ہوتی ہی دیگر نہایت مفید ہی اور بغیر دست اور قی نفع تمام ہوتا ہی کالو جی گنوار گیہوں کا آٹا
کہ چھلا ہوا ہو گڑ ہر ایک ڈیڑھ تولہ مردار سنگ نو ماشہ پختہ سبکو گولی ہمراہ گڑ کی گولی باندھین
اور یہ کامل سب چودہ روز کی خوراک ہی اور غذا روٹی ہمراہ روغن زرد کی کھلاوین اور گولیان
بھون لینا چاہیی فائدہ ہوتا ہی ساتھہ کسی چیز رطوبت ناک کی ضرر متصور ہی جہانتک کہ ہو
اشیای خشک کھلاوین مگر اتنا چاہیی کہ گھی دیتے جاوین کہ یہ مصلح ہی مردار سنگ کا دیگر
علاج آتشک کہ بہت مجرب ہے ہم الفار عاقرقرحا کات سفید ہندی بھنگرا چکنی سپاری
برابر کوٹ پیسکے برابر جنکی گولی باندھین ایک صبح ایک شام دیوین ترشی اور نمک اور گوشت سے پرہیز
کرین مجرب ہے ہفتہ میں بالکل زائل ہوتا ہی اگر حاجت ہو چند روز اور کھلاوین جب جیوہ کہ عمل نکھا
فرنگ کا ہی واسطے آتشک کی نافع ہی یعنے سیماب نو ماشہ سنبل یعنے سنکھیا چار رتی ہاون دستی
مین ساتھہ عرق لیمون کے پسین کہ پارہ مرجاوے پس عاقرقرحا مصطگی ہر ایک ایک ماشہ کوٹ پیسکے
اسمین ملاوین بقدر کافی مرچ گولی بناوین جس شخص کو آتشک ہو بال اوسکی گر گئی ہون اکثر
اس مرض سی ہاتھہ و پیر و کمر کام سی گئی ہون یا تالو و قضیب مین سوراخ پڑی ہون اوسکو پانچ گولی
صبح دین شام کو دیوین اور چاہیی کہ پہلے قیمہ شوربا گوشت کا ساتھہ دواؤن گرم کی کھلاوین
بعد اوسکے دوا دیوین ترشی سی پرہیز کرین سر نوسی جوان ہوگا درد بالکل جاتا رہیگا دیگر واسطے
باؤ فرنگ پارہ ساڑھے دس ماشہ افیون خالص سات ماشہ گڑ پورانا اکیس ماشہ تینونکو ساتھہ
عرق لیمون کے تین مرتبہ کھرل کرکے ساڑھے تین ماشہ شنگرف ملا کے پیسین کہ سب یکجا ہو جاوے
سبکی تیس گولیان بناوین صبح و شام کو ایک ایک گولی کھلاوین مچھلی و ترشی سی پرہیز کرین
دیگر گولی پاریکی دی ہوئی مجرب واسطے آتشک و جذام و زخم کہنہ و ناسور کی پارہ مغز پستہ مغز بادام
برگ مینہدی تازہ ہر ساڑھے سات ماشہ گوگل کتیرا ببول کا گوند انزروت ریوند چینی نشوت ہر ایک
ساڑھے سات تولہ غار یقون نشاستہ زعفران مصطگی ہر ایک سات ماشہ کافور جدوار ستقمونیا ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ چاہیی کہ پارہ کو عرق لیمون اور مینہدی مین باریک اور دوا کوٹ پیسکے باہم ملا کے

پلاوین دیگر اجوائن خراسانی نو ماشہ پختہ پارہ چار ماشہ اجوائن یعنی نانخواہ آدھ پاؤ
بھلا نوہ پاؤ بھر پورانا گڑ ایکپاؤ اول اجوائن خراسانی اور پارہ کو ایک جگہ کھرل کرین دو پہر تک بعدہ
نانخواہ ملا کے ایک پہر اور کھرل کرین بعد اوسکے دو دو یا تین تین بھلا نوین ملا کے چار گھڑی تک
کوٹین بعدہ گڑ ملا کر چار گھڑی اور کوٹین سبکی پندرہ گولی بناوین ایک گولی کی چار ٹکڑے
کرکے چار وقت پھینک دیوین اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو ایک پیالہ بھر
دہی تش مین جلکر کی دیوین اور بعد پینے کی دہی ترش اور بھی ملا دین اور جس قسم کی ترشی اور
بادی چاہی کھاوی مگر دودھ اور مٹھائی ندیوین اور اس دوا سے بعد تین روز کے منہ آتا ہی
دوا موقوف کردین تا گہ آلایش سب نکلجاوی بعد ازان جڑ درخت بیر جنگلی یا جنبیلی کی تپی جوش
کرکے غرغرہ کرین منہ صاف ہوجائیگا سات روز مین اور اس دوا سے اگرچہ باؤ فرنگ ہوی دور
ہوتا ہی اور چاہیے کہ بھلا نوہ ایک پاؤ بھی سراوسکا دور کرکے دوا مین داخل کرین دیگر واسطے اوس
بائی کے کہ جو بہت دنونسے ہی فائدہ رکھتا ہی پارہ خام ایکماشہ قند سیاہ مین ڈالکے گولی بناکر کھلاوین
اسیطرح تین روز تک دیوین اور غذا روٹی چپڑی بی نمک ہمراہ گھی بہت کے کھلاوین دیگر کہ ہر قسم کی
بائی کو دستونسے دور کری مروارید سنگ ایکدام عالمگیری یعنی ڈیڑھ تولہ جمالگوٹہ چھلکا اور سبزی اسی
پاک کیا ہوا ساڑھے تین دانی دونونکو پیسکے تین حصہ کرین واسطے تین روز کے گولیان بناکے کھلاوین
ایکحصہ مین دست بہت آوینگی اور گرمی بھی معلوم ہوگی لیکن باؤ کو دور کردیگا اور روٹی بی نمک ہمراہ
روغن بہت کے کھلاوین اور اگر گرمی ہو دہی دیوین اور کبھی ہووے کہ اس دوا سے قے مین خون آوے
اس حال مین چاہیے کہ زیرہ سفید بریان ہمراہ دہی کے دیوین قے بند ہوجاوے مجرب ہے دیگر واسطے
گرمی آتشک کے مجرب ہے اور اذیت نہین دیتی ہی کٹول کوٹ پیسکے روز اول ایکماشہ اور دوسرے
روز دو ماشہ اسیطرح سات روز تک سات ماشہ کھاوین پھر چھوڑ دین ایکہفتہ مین
ایک مرتبہ قے اور دست ہووینگا خواہ شروع یعنے ابتدا ہفتہ مین خواہ درمیان مین
خواہ اخیر مین اور اوسمین سوای ترشی کی اور کچھ پرہیز نہین ہے باؤ کہنہ یعنے بائی اس دوا سے

کہ جلنے پاوین پس باریک کرکے پکاوین تو ماشہ افیون خالص پانی مین جلکر کے دو اندکور کو پاسین
ملاوین اور مقدار بیضہ جنگلی کے گولی بناوین موافق قوت کی ایک گولی یا دو گولی کھلاوین صبح
اور شام اور غذا روٹی اور گھی یا گوشت اور گھی سو اسی غذا کی اور کوئی غذا نکھلاوین اور یہ
دوا نہ قے لاتی ہی اور نہ دست اور نہ منہ جوش کرتا ہے دیگر اندرائن کی جڑ مردار سنگ ہر ایک
دو تولہ گڑ پورانا چھ تولہ گڑ کو آگ پر رکھین تاکہ نرم ہوا وسمین مردار سنگ پیسکے ملاوین اور
اوتارلین پھر اندرائن کی جڑ پیسکے ملاوین سات گولی بناوین اور ایک گولی کھلاوین بعد
اوسکے گرم پانی پلاوین بعضی کو دست لاتا ہی اور بعضی کو قلق شدید پیدا کرتا ہی غذا روٹی
چینی کی ساتھ گھی بہت کی کھلاوین اور افراط گھی کی فقط واسطے ہضم مردار سنگ کی ہی
اگر اور کسی دوا سے فائدہ ہو تو حتی الامکان اس دوا کو ندیوین خصوصًا نازک طبع کو دیگر
شنگرف سہاگہ عاقرقرحا ہر دو کو باریک کرین اور اوپر چلم کے تمباکو رکھین اوسکی اوپر
یہ دو دوا رکھین اور پھر اسکے اوپر تھوڑی تمباکو رکھکر آگ رکھین اور کھینچین ایکھنٹہ تک اسیطرح
کرین یقین ہے کہ تین روز مین فائدہ کریگا اور اگر مرض سخت ہی اور کسی دوا سے
دور نہین ہوتا ہے اس دوا کو دیوین اور غذا سوائے دال اور خشکہ اور روٹی پر روغن
کی ندیوین اور بعد کھانے اس دوا سے ایک مہینے اور دس روز تک چیز ہا دی سے اور
وہ چیز کہ جو خون زیادہ کرتی ہی پرہیز کرین دیگر دوائی آتشک کی سنکو کوٹ پیسکے تین
پڑیان بناوین ایک پڑیا کی دو حصہ کرین ایکحصہ چلم مین رکھکے مثل تمباکو کی پیوین اور ایک
حصہ کو گڑ بھی مین ڈالکے جلاوین اور دھوان لیوین اسیطرح تین روز تک کرین اور غذا شیر
اور چاول ہمراہ دال مونگ کے بعنایت الٰہی صحت کلی ہوتی ہی شنگرف مردار سنگ
سوہن مکھی ہر سبی نخم ملہل عاقرقرحا برابر وزن لیوین دیگر بادام تلخ اور پیپر دفع کرے
پھلہ موتھہ دار ہلدی اندرائن کی جڑ ہر ایک ڈیڑھ تولہ سبکو جو کوب کرین اور تین حصہ کرین ایکحصہ کو
سیر بھر پانی مین رات کو بھگو دین صبح کو جوش کرکے جسوقت کہ آدھا پانی باقی رہے چھان کے

خوب گھسکے گڑمین ملاوین گولی باندھکے پانی سی اوتارین دست خوب آوین اگر ایک ہی گولی
کفایت کری بہتر ہی ورنہ اگر قوت ہوتین وزمتواتر گولی کھلاوین کہ مرض کو اوکھاڑ ڈالے
فصل دوائی باد فرنگ مین ننگی ہرگیارہ تولہ نیلہ تھوتھہ نو ماشہ کوٹکی عرق لیمون مین کھرل کرین
جسقدر زیادہ کھرل ہو بہتر ہی ہر مقدار جھربیری کی گولی باندھکے نگاہ رکھین ایک صبح کو
ایک شام کو کھلاوین غذا روٹی جنی کی بغیر نمک دیوین اگر عرق سولیمون کا خرچ ہو تو نہایت
بہتر ہوگا دیگر سنکھیا سفید گندھک آملہ سار ہر ایک آٹھ ماشہ کتھہ پیپر پانو ماشہ سمندر پھل سارے
چار ماشہ ہر ایک کو جدا جدا پیسین اور پکاوین کہ مانند سرمہ کی ہو پس ساتھہ عرق لیمون کے مقدار
کافی مرچ کی گولی بناوین صبح کو دو گولی اور شام کو ایک گولی پہلے روز دوسرے روز صبح کو
پانچ گولی اور اسکو چار گولی اسیطرح پانچ روز تک کھلاوین نمک سی اور بادی چیزی پرہیز کرین
اگر جوش کری یا گرمی کری ترشی بہت دیوین کھچڑی ہاروٹی غذا دینا چاہیے اور مٹھائی ہرگز
کھلاوین اور اس دوا سے بعضے آدمیونکو دست آتی ہین اور بعضے کو ورم بدن مین ہوتا ہی
خوف کرین بعد تیسرے روز کی ترشی بہت کھانا چاہیے مثل آلو اور املی کی اور دہی کہ مصلح
اس دوا کی ہی دیگر واسطے فرخ بیگ کے دوا طیار ہوئی تھی کلونجی ایکتولہ مروارسنگ ایکتولہ دونوکو
پیسکے سات پڑیان باندھین ایک فی سبیل اللہ پھینک دی چھ پڑیونکو ایک صبح اور ایک
شام ساتھہ پانی سرد کے کھلاوین اور کچلہ کو لوہی پر ساتھہ عرق لیمون کے گھسین بقدر
مکھی کے سر کے طوطیا ملاکر طلا کرین ادویہ واسطے آتشک کی مجرب ہی بھلانوہ ساڑھے سات
تولہ کاکی بانبارہ تولہ گڑ اٹھارہ تولہ پارہ ایک من طبی کہ اور دہی حساب کے چھٹیا سی تولہ آٹھ ماشہ
ہوتا ہی پہلے بھلانوہ کو پیسین بعدہ تل ڈالکے پیسین پھر گڑ ملا کے کھرل کرین پھر پارہ خوب ملاکر
نو گولی بناوین دو گولی نذر خدا کرین ایک گولی دہی مین ملاکر قبلہ رو بیٹھکے کھلاوین کسی
چیز سے پرہیز نہین ہے مگر مونگ سے دیگر مالکنگنی اجوائن خراسانی اجمود کچلا گیرو کلونجی ہر ایک
ساڑھے سات تولہ تخم دھتورہ نو ماشہ سوا آگیرو کی سب دوا کو مٹی کی برتن مین اسطرح بھونین

بائی نی پکڑا ہو دور کری سنبھالو کی تتی سرس کی تتی برابر لیکر گای کی دودھ مین یا پانی مین
جوش کرین پہلے عضو پر روغن ملین بعد اسکے دوا کا بھپارہ دیوین اگر سجای سنبھالو سجنہ ہووے
فائدہ زیادہ از حد کرتا ہے بعد بھپارہ دوا کو نکال کے عضو پر باندھدیوین اس عرصی مین ہوا سے
پرہیز رکھین دیگر مونج اور کچ ہو جانا عضو کا اگرچہ عرصی ہوئے نفع دیوی کھلی تل کی نرم کوٹین پانی
گرم مین ڈالین کہ گھلجاوی مثل قوام شہد کے آوی کپڑی پر لگا کر باندھین دیگر درد چوٹ کو
دفع کری اگرچہ گوشت اور ہڈی مین ہو صابون کو پانی مین خوب گھسکر طلا کرین دیگر
زرد چوبہ صابون پانمین گھسکر نیمگرم طلا کرین دیگر موچ کو ایکروز مین اصلاح دیوے پانی گرم
اوپر عضو کی ڈالین گل ارمنی ساتھ سفیدی بیضہ مرغ کی ملا کر لیپ کرین آگ پر عضو گرم کرین تاکہ
دوا میل بخشکی لاوے دیگر وہ چوٹ کہ بسبب گرنے کسی شخص کے یا گرنے دیوار کے لاحق ہوئی ہو یا کوئی
میخ یا سلاخ گھس گئی ہو اور خون بند ہو گیا ہو ہڈی اندر ہو سخت ہو گئی ہو بعد عرصی کے چاہین کہ
اسکو نرم کری اپنی جگہ پر بٹھالین فائدہ دیوی ہلدی آدھ پاؤ میدہ لکڑی آدھ پاؤ لوٹہ سبجی
ڈیڑھ تولہ میدہ گیہون کا آدھ پاؤ روغن تلی کا پاؤ سیر اول روغن کو گرم کرین بعد اسکی میدہ کو
بھونین پھر دوا علیحدہ علیحدہ باریک کر کے اول سبجی بعد اسکی میدہ پھر ہلدی ڈالکی پانمین پکاوین
کہ پانی جلجاوے تیل رہجاوی دگرم گرم سینک دیوین اسکو پٹری کہتے ہین جاننا چاہیے کہ بہتر
غذا واسطے چوٹ کھائی ہوئیکے شوربا کبوتر کا ہی اور مومیائی سانٹھ گای کی گھی کے کھانا بہت مفید ہی
دیگر ورم گرم کہ چوٹ سے لاحق ہوتا ہی اسکو مفید ہی کہ مثل غدود کی ہو جاتا ہی مغز ناریل
پورانا کہ تین چار سال کا ہو بلکہ کڑوا ہو گیا ہو لیکر کوٹین چہارم حصہ اسکا ہلدی لیکر کوٹ کے
ملاوین پوٹلی باندھکے آگ پر گرم کر کے دو تین گھڑی سینک دیوین پھر اوسیکو ورم پر
رکھکر باندھدیوین صبح کو کھولین دو تین روز مین صحت کلی ہو دیگر دوا کہ چوٹا در گرفتگی
عضو کو مفید ہی بیگن کچا کوٹ کے گڑ ملا کے جسقدر کھا سکین کھاوین نہایت اسکی آدھ پاؤ تک
ہے ادویہ واسطے ٹانکے وغیرہ کے مفید ہی چوک ڈیڑھ تولہ گڑ پورانا تین تولہ چوک کو

اوپر ہاتھ پیر کے ملنا پسینہ لاتا ہی خصوصًا لڑکونکو بخارمین فصل دواؤن سیت مین یعنی کثرت
عرق کی کہ ہاتھ اور پیر مین ہوتی ہی بیگن کو ساتھ تھوڑی پوستے کی پانیمین جوش کرین اور اوسکی
پانیمین ہاتھ اور پیر تر کرین دیگر مونگ سبز کو اوپر ٹھیکرے کی بھونین اور اوسکو دونون ہاتھ سے ملین
دیگر اونٹ کٹارے کی جڑ سایہ مین خشک کرین پیسکے ہمراہ شہد کے چھ ماشہ سات روز کھلاوین
دیگر پانی ہیجونکا کہ جو ٹھنڈی ہوتی ہین نکلنے پسینے کو منع کرتا ہی کشنیز خشک چاول سفید
دو مرتبہ دھوی ہوئے سماق پاک کیا ہوا ہر ایک بائیس ماشہ ساتھ تین گونہ پانی کے
جوش کرین جبوقت تھائی حصہ باقی رہے صاف کرکے ایکروز پچیس مثقال کھلاوین پسینا
بند ہو جائیگا تدبیر ہڈی ٹوٹی کی بیان مین پہلے دیکھنا چاہیے کہ ہڈی ٹوٹی ہی یا جوڑ سے
ہٹ گئی جو امر کہ ہو اپنی جگہ پر بٹھاوین فی الفور روغن ملین اول روئی روغن مین تر کرکے اوس
عضو پر لپیٹین اور جس جانب کو عضو ہٹا ہو گئی رکھکر باندھین تا عضو کو مضبوط کرے پس موافق
جگہ کی لکڑیان باندھین جیسا کہ متعارف ہی اور دو تین روز نکھولین تیسرے روز آہستہ بہت
کھولین میدہ لکڑی باریک کرکے سفیدی بیضہ مرغ مین جلکر کپڑی باریک پر طلا کرکے عضو پر
باندھین اوپر پٹی درختی وغیرہ باندھدیوین اسیطرح تیسرے روز کھولین نئی دوا باندھین کہ نرم ہو جاوے
پھر تھوڑا تھوڑا حرکت دیوین دویہ ضربہ و سقطہ یعنی چوٹ کسی عضو پر یا کسی عضو کو بائی نے
پکڑا ہو یا دبا ہو گیا ہو یا ٹوٹ گئی ہو یا اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو واسطے درد کے دوا جو لکھی جاتی ہی
لگاوین برار کا دودھ نو ماشہ ریڈی کا تیل کرنجوئے کا تیل تین تولہ نو ماشہ چینہ بچھیا کا نمک سنگ
ہر ایک آٹھ ماشہ سبکو باہم پیسکے ملاوین آگ پر رکھین آہستہ آہستہ پکاوین یہانتک کہ دودھ جلجاوے
تیل رہجاوے چھانین احتیاط سے رکھین اوس عضو پر کہ چوٹ لگی ہو مارنے لکڑ پیسے یا گرنے سے
ملین اسکو سمیر بینڈک تیل کہتے ہین بہت مفید ہی دیگر سہجنہ کی پتی کالے تل دونون برابر باریک
پیسین اور طلا کرین نیچے آفتاب کے بیٹھین دوا ئی کہ چوٹ کو اور عضو خشک کو مفید ہے
مغز ریڈی اور تل سیاہ ہر ایک جدا جدا پیسین تلی کی تیل مین ملا کے لگاوین دیگر جس عضو کو کہ

تعریف مرہم جاوین جیسا کہ مشہور ہی مرہم کہ جلی ہوئی آگ کو اور جلن زخم کو فائدہ دیوے
موم کافوری وروغن ہر ایک ڈیڑھ تولہ پیلہ تھوتھا بقدر نخود کھی ساڑھے چار تولہ قرص سرگ نیم
مقدار ایک پیسے کی جلا کی مرہم بنا کی کام مین لاوین دوائی کہ خون جراحت اور زخم کو بند کری
اگرچہ زیادہ ہو بسقراط کہ قسم کپڑا پیسے ہی اسکو جلا کی ساتھہ خاکستر اوپلی جنگلی کے ملا کر زخم پر چھڑکین
اور باندھین دیگر پھیپھڑا کسی حیوان کا کہ ہو خشک کری جلاوین اور خاکستر اوسکی زخم پر رکھین
خون بند کری فائدہ جسوقت کہ زخم شریان مین پہونچی اور شریان قلب سے آوگی ہی اور
کبد کو گئی ہی اور خون کسی دوا سے بند نہو شریان کو داغ دیوین کہ داغ ہمقدمہ مین مجرب ہی
اور داغ احتیاط سے دینا چاہیے کہ سوای زخم شریان کے اور کوئی عضو داغ نکھاوی اور نشان
خون شریان کا یہ ہی کہ رکا ہوا نکلتا ہی اور سرخ خالص ہوتا ہی ورقیق دیگر مرغ کا پر باریک اور
نازک لین اور مصطگی رومی برابر اوسکی لیکر دونون ملا کر زخم پر باندھین دیگر گرد زخم کی موم سے
حلقہ باندھین ایک ٹھیکری کوری کہ جسمین پانی نہ لگا ہو آگ مین گرم کری سامنی زخم کی لاکر اوپر
اوسکی گھی ڈالین کہ قطری روغن زرد کی زخم پر گرین کہ اس عمل سی خون بند ہو جاتا ہے دیگر
نیلہ تھوتھا باریک کری زخم مین بھرین اور باندھین اگر خون کسیطرح سے بند نہو حکم داغ کا دیوین
دیگر بانس جلا کی خاکستر اوسکی باریک چھانکی زخم پر باندھین فورًا خون بند کری دیگر کپڑا جلا ہوا
اور چمڑا باریک کا جلا کی اور دارائی جلا کی رکھین دیگر چونا پھٹکری دم الاخوین ایلوا اپنی
سرکی مانند پیسین خون بند کری دیگر گھوڑی کی لید تازہ گرما گرم اوپر زخم کی باندھین اگر خون بند
نہوتا ہو اوسیوقت ٹھہر جاوے اور جسوقت کہ خون زخم کا شکم مین پہونچی سات روز تک ایک قدح
پانی پیتھی کا لین ڈیڑھ تولہ جوا کھار اوسمین ملا کر پلاوین **فصل دواؤن پسینہ لانیوالی** مین روغن بابونہ
تنہا اوپر بدن کے ملین اور کوئی چیز اوڑھین پسینہ بہت آوگا دیگر عاقرقرحا تیل تلی مین جلا کے
اوپر بدن کے ملین اور کوئی چیز اوڑھین پسینہ بہت آوگا دیگر رس اوکھہ کا اوپر بدن کے ملین اور کچھہ
اوڑھین دیگر پاشتوبہ کرنا اور تنجار اوسکے بدن پر پہونچانا عرق لانا ہی مجرب ہے دیگر شیر قصب الجیب

لکھا گیا دیگر مرہم حیات سنحاک فرنگی سنگ بصری سفیدہ کاشغری گل محتوم گل ارمنی مردارسنگ
ہر ایک ڈیڑھ تولہ بچہ موم کافوری نیم پاؤ روغن گل آدھا پاؤ سب دوا کو باریک کرکے موم کو روغن
میں گرم کیا ہو ڈالیں اور دوا اوسمیں ڈالکے خوب ہتھیلی سے ملیں سب زخموں کو نفع دیتا ہی ایک پٹی
دو روز تک لگانی فصل مرہمونمیں اور جو کچھ کہ ساتھ زخم کی تعلق رکھی مرہم سیاہ کہ زخم کو
اصلاح دیوے سیندور لاکھ آدھی چمچہ تولہ کیسا سارھی سات تولہ مرچ سیاہ ڈیڑھ تولہ نیلہ تھوتھا
آٹھ تولہ چار ماشہ موم تین تولہ روغن پاؤ بھر سب دوا کو باریک کرکے روغن میں ملا کر لوہے کی برتن میں
جلاویں کہ سب جلجاوی زخم پر رکھیں مرہم کہ زخم اور ناسور اور فرحہ کو نہایت مفید ہی روغن زرد
سیر بھر شاہی شنگرف چار سیر شاہی مردارسنگ دو سیر شاہی نیلہ تھوتھا ایک سیر شاہی بھونا ہوا اور
وزن سیر شاہی کا ایکتولہ نو ماشہ ہوتا ہی اور بعضے چودہ ماشہ کہتے ہیں ہر ایک جدا جدا پیسیں اور رکھی کو
تانبے کی برتن قلعی دار میں سوپانی سی دھوویں پہلی نیلہ تھوتھا ملاویں بعدہ مردارسنگ اور شنگرف
اور اس مرہم کو پیتل کی برتن میں رکھیں یا لکڑی کے مرہم کہ واسطے دور کرنے ناسور اور زخم پورانی
اور بھرلانے اوسکی نافع اور مجرب ہے شنگرف ایکجز موم زرد تین جز کھی چھ جز نیلہ تھوتھا بریان
چوتھائی جز پہلے گھی کو گرم کرکے موم کو گھی میں پگھلا کے شنگرف اور نیلہ تھوتھا باریک کرکے اوسمیں
ڈالیں اور خوب ملاویں بقدر حاجت کے لیکر کام میں لاویں اور گرمی میں بجای شنگرف کے مردارسنگ
استعمال کریں مرہم کہ سوزش اور جلی ہوئی اور ہاتھ پیر ٹوٹی ہوئی کو فائدہ دیوے رال باریک کرکے
تل کے تیل میں ملا کر سات پانی سی دھوویں اور لگاویں مرہم کہ زخم کو جلد بھر لاوے پیتی درخت بڑ کی لیکر
جلاویں اور خاکستر اوسکی موم روغن میں ملا کر کام میں لاویں مرہم بول کو دور کرے ہندی کی مشہور
سرخ و سیاہ رنگا رہر ایک دو ماشہ بیروزہ خراسانی چار ماشہ موم سفید ڈیڑھ تولہ گھی تین تولہ دو ماشہ
پیاز دو سیر شاہی کہ جسکا سار تھی تین تولہ ہو پہلے پیاز کو باریک کاٹکے گھی میں بھونیں پیاز کالکر پھینک
دیویں اور گھی لیکر اوسمیں موم چھوڑیں بعدہ دیگر دوا ہی پیسی ہوئی ملا کر لگاویں زخم کو بھر لاوے اور فرحہ کو پاک کرے
اور کوشت زیادہ نہ ہونے دے مرہم کہ سب زخم اور فرحہ اور ناسور کو دور کرے گائے کا گھی بول سرخ مردارسنگ

برابر ہو جاتا ہی دیگر اندراین کی جڑ و کنیر کا نی کی زخم پر باندھین گا نسی تیر کی کہ گسی نہ نکل آوے
دیگر ماہی جھینگہ پیسکے زخم کی منہ پر باندھین گا نسی نکل جاویگی دیگر تیتہ گا ی کا روغن مین پکا کے
زخم پر ٹپکاوین نیزہ و کانٹا وہڈی کہ ٹوٹی ہوئی ہو باہر لاوی واسطے زخم چھری و تلوار کے
کوئی چیز مجربت تر برادہ آبنوس سی نہین ہے دیگر زخم کہنہ کو فائدہ دیگو کاغذ جلا ہوا اندراین کی جڑ
جلی ہوئی نوسادر گلسرخ جلایا ہوا کیلا ایلوہ برگ نیم ہر ایک زیرہ خراسانی لکڑی جھاؤ کی
جلائی ہوئی سیندور برگ کنیر جلایا ہوا برابر لیکر شہد مین ملاوین اور محل زخم کو طلا کرین یا اوپر
کاغذ یا اوپر پتی کے رکھکے ضماد کرین دیگر پتی ہا جر یکی میٹھی تیل مین گھسکے اوپر زخم کے ملین علاج واسطے
دفع ہونے درد زخم کی کڑا اگر زخم پر باندھین درد دفع ہو جاوے اگر زخم بند ہو کھلجاوے اور پیپ باہر آوی
اگر زخم پورانا ہو تین روز کی باندھنی مین فائدہ ہو دیگر لہسن کو کوٹکی قدری بھوک ملا کی زخم پر رکھین
درد دفع ہو جاوے دیگر تی توری کی تر ہون یا خشک پانیمین پیسکی زخم پر باندھین درد جاتا رہی و
زخم جلد بھر جاوے دیگر ہر طرحکی زخم کو فائدہ دیگو نیلہ تھوتھا دو جزو کتھہ سفید تین جزو طوطیا کو بھو
کہ خاکستر ہو کتھہ کو باریک کر کے دونکو باہم ملا کر ہاون دستہ مین ساتھ میٹھے تیل کے یا کڑوے کی ملا کے
خوب پیسین اور گولیان باندھین وقت حاجت عرق لیمون مین یا پانیمین پیسکی ملین فائدہ دیگو دیگر
واسطے زخم بند و قے کے و ناسور ہر طرح کا کہ زخم ہو و قرحہ خبیثہ کو مفید ہی کتھہ سرخ پانچ تولہ نیلکا تھوتھا
پانچ تولہ پانی کنوئین کا پانچ تولہ پیسکر ی ایکتولہ و تین ماشہ و طوطیا ایکتولہ تین ماشہ رال پانچ تولہ
اول پانی اور تیل کو ایکجا کر کے کانسے کی برتن مین ایک پہر کامل ہاتھ سے مالش دیوین کہ مثل
دہی کے ہو جاوے بعد اسکی اور دو اکوٹ پیسکے ہر ایک کا وزن کر کے روغن مین ڈالکی ایک پہر بلکہ
دو پہر اوسی برتن مین پتھیلی سی مالش دیوین کہ سب دوا ایکجا جمع ہو وین بعد اسکے برتن چینی یا
چاندی مین نگاہ رکھین اوپر زخم کی استعمال کرین بعد تین چار روز کی پتی کو باندھین اور جو کچھہ کہ
پیپ وغیرہ ہو پاک کر کے پھر اوسی پتی کو باندھ دیوین یا دوسری پتی مرہم سی آلودہ کر کے
اوپر اوسکی رکھین پر انکو نمک نہ سی کرین زخم سنیک کرین نفع عظیم ہوگا ساتھہ حکم خدا کے شیخ محی الدین سے

زخم پورانا اور ناسور پورائی کو فائدہ دیوی اور زخم تازہ کو بھی برابر کرے اگر اوپر ورم کی قبل تفحہ
ہونیکے رکھین تکمیل کرے بابچا دیوی سیپی جلا کی خاکستر کرین سہاگا بھی بھونین دونونکو گائے کی گھی مین ملاکر
لگاوین جکم آنجیات کا رکھتا ہی دریاب بھر جانیکے روغن کے واسطے دفع ورم سوداوی اور
سلطان دریکی معروف ہی بادرنگ زیبی پھٹکری سہاگہ ہر ایک چار تولہ نیلہ تھوتھا نوماشہ سنکھیا ڈیڑھ تولہ
زرد ہو یا سفید تیل کنکی کا آدھ سیر تیل کو کڑاہی مین گرم کرین پھٹکری وسنبل ہر ایک کو جدا
جدا باریک کرین پہلے ڈیڑھ تولہ پھٹکری اوسکے اوپر چھڑکین تھوڑا تھوڑا سا تو لکڑی نیم کے
پھیرین متصل بعد اوسکے چٹکی پھٹکری اور چٹکی سنکھیا کی ڈالین اسی دستور سے لکڑی پھیرتے جاوین
اوتار کے نیلہ تھوتھا پسا ہوا ملاوین اور دو گھڑی اور حل کرین پھر شیشہ مین نگاہ رکھین وقت
ضرورت قرح مین طلا کرین دستور یہ ہی کہ پہلی سوزش ہوتی ہی اور اکثر دوسرے تیسرے روز جوش ہوگا
تین روز مین دفع ہو جائیگا تین روز مین مہلت دیکے پھر استعمال کرے الغرض جبتک جوش نہ آوے
نفع نکرے بعد جوش کرنیکی حاجت پھر نہو گی ورم کہنہ دفع ہو جائیگا یہ دوا نہایت تحفہ ہی اکثر
دیکھا گیا کہ برسون ناک آدمیونکی ساتھہ ورم سخت کی مبتلا ہوتی ہی کسی دوا سے صحت نہین ہوتی ہی
اس روغن سے نفع ہوتا ہی شفا دینے والا اللہ تعالے ہی **دوائی** کہ زخم کو جلد برابر کرے اور لپٹ
جانے کو مفید ہی سہاگا بھونا ہوا گھی مین ملا کر لگاوین **مرہم** کہ بھرنے زخم مین بہت مفید ہی موم کا فوری
سیندور بغدادی مردار سنگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ رال چار ماشہ طوطیا ایکماشہ گھی ساڑھے چار تولہ اول
گھی کو داغ کرین اور موم کو اسمین چھوڑین پھر مردار سنگ پسا ہوا ملاوین اوتار کے خوب لت کرین پھر
گرم کرکے طوطیا ملاوین اور لت کرین پھر گرم کرکے سیندور ملاوین خوب ملاوین پھر اوتار کے پانی
ڈالین کہ سرد ہو جاوے وقت ضرورت مین لیجاوین اور چاہیے کہ برتن لوہے کا ہو اسطی لیجانے مین
مرہم کہ سریع العمل ہے **سفوف فلفل رال** ہر ایک چھ ماشہ طوطیا تین ماشہ بھون کے سیندور ہر ایک
چھ ماشہ گھی آدھ پاؤ ادویہ کوٹ پیسکے گھی کہ پگھلایا ہو ملاوین بڑی برتن مین رکھکے پانی سے
اکیس بار دھوین ہر مرتبہ خوب کف مال کرین مجرب ہے دیگر جامہ حیض کو جلا کی زخم پر چھڑکین

تل کا تیل چھ تولہ موم سفید نو ماشہ کتھہ سفید چار ماشہ طوطیا دو ماشہ خاکستر سیپی کی
گیارہ ماشہ مرہم بنا کر سولہ مرتبہ پانی سے دھووین مرہم کہ برابر کرلاوے زخم کو باڑنگ کرنے
نیب کی پتی سکو کوٹ پیسکے پانمیں قرص بنا کر تیل مین بھونین روغن صاف کرکے استعمال کرین
مرہم کہ واسطے برابر کرنے زخم آدمی اور گھوڑے کی نہایت مفید ہے گوگل بھینسہ صابون رال مائیں
دیکامالی موم سفید تلی کا تیل ہر ایک ایک مقدار لیکر مرہم کرین مرہم کہ زخم کو جلد اچھا کرے اور
درد کو بٹھائے مسور آملہ سپیاری چھالیہ دوپوست ہر ایک ڈیڑھ تولہ جلاوین پانچ دانہ مرچ سیاہ کی
طوطیا ایکماشہ اسمین جلاوین اور باریک کرین گھی مین ملاوین کام مین لیجاوین مرہم کہ واسطے
زخم ساتھہ پیپ اور ناسور کی ہو دور کرے منجملہ کہ چھاتیون عورت پر ہوتا ہے اور واسطے انکے
کی بھی مفید ہے آملہ سہاگا پھٹکری نیلہ تھوتھا سیندور کمیلہ مہندی سنگجراحت مردارسنگ کتھہ پاپڑ
ہر ایک ڈیڑھ تولہ مرچ ایکدانہ ہلدی ایکماشہ یا ایک گرہ مین دوا کو پہلے جلاوین اور سکو باریک
پیسین لوہے کی برتن مین تیل مین ملا کی ساتھہ نیب کی لکڑی کی ملائی کام مین لاوین اگر سبب دیر رہنی
مرہم کی سخت ہو جاوے تھوڑا روغن اور ملاوین تیزاب کہ ناسور و سگندر داد و سفید داغ کو
مفید ہے اور سب مرض کہ گوشت مین ہو اور چاہین کہ اسکو فانی کرین کام مین آوے گندھک آملہ سہاگا
شورہ قلمی پھٹکری سفید ہیر ایکسیر چار ون برابر لیکر دو شیشہ چھوٹی مین ڈالے نیتو مین تیزاب ملاوین
جس جا چاہین لگاوین اگر سفید داغ پر لگانا منظور ہو روئی بقدر داغ کی تیزاب مین تر کرکے رکھین
کہ خشک ہو جاوے تمام تیزاب اوس جا جذب ہو جاوے اگر حاجت پڑے دوسری بار لگاوین اگر زخم
بڑی ساتھہ مرہم کی تدارک کرین اور یہ مرہم اسجگہ نفع دیتا ہے نیلہ تھوتھا جلا ہوا مصطگی روی
سینگڑی موم سفید چار ون برابر تمام دوا کو گھی مین ملا کر مرہم کرین کام مین لاوین یہ مرہم
فائدہ کرے پھٹکری شہد مین ملا کی استعمال کرین دیگر مرہم فرنگی واسطے اچھا کرنے زخم کی سریع الاثر ہے
مردارسنگ ایکحصہ رال دو حصہ روغن بقدر حاجت پہلے مردارسنگ کو باریک کرکے تیل مین بھونین
اسقدر کہ رنگ اسکا سیاہ ہو جاوے رال ملا کر لگاوین کہ یہ بھی سیاہ ہو جاوے کام مین لیجاوین مرہم

اگر کو دھتورا سکندبالا سبکو باریک کرکے آبمین کرین دیگر کہ بالونکو دراز گری کثرت سے
پیدا ہون دانت ہاتھی کے جلائی ہوے رسوت برابر لیوین ساتھ پانی کے گولی باندھکر رکھین اوپر بالونکو
طلا کرین دیگر پتہ گاے کا جڑ بالونمین لگاوین بعد تین گھڑیکے ساتھ پانی آملہ کے دھوویں بال
دراز ہونگے دیگر جس موضع مین کہ تین روز ملین اگر بال ہنون نکل آوین کرم کہ ایک گھاس ہے
گرہ دار مانند ناکے اور پتی اوسکی بڑی پھول اوسکا جس ہنگام کہ پیدا ہوتا ہی مانند خوشہ کے
ہوتا ہی اور وہ نیچے درخت کریل کے اور جنگل مین ہوتا ہی ہندوستان مین مشہور ہے پتی اسکی کو نکی شیرہ
نکالین اور خاکستر ہاتھی دانت ساتھ اسکی ملاوین اور ایکبار اتدن رکھین پھر استعمال کرین دیگر
شیرہ بھنگرہ کا تل کے تیل مین باہم ملاکر جوش دیوین تا کہ روغن رہی شیشہ مین کرین مہر رات کو
سر پر ملین بال بڑی ہونگے دیگر کیلون کا عرق واکلہ باہم پیسکے رانکو سر پر ملین صبح کو
روغن سر پر ملکے پانی سے دھوویں متواتر ایسا کرین بال کثرت سے زیادہ ہون دیگر
جو عورتین استعمال کرین بدن اور رگون سے اونکے بوے خوش آوے ڈھاک کی کلی کہ
جو منہ بند ہو سایہ مین خشک کرکے کوٹکی کپڑ بھین چھانکر جسقدر کہ یہ سفوف ہو آدھا اوسکا
قند یا مصری ملاکر کھلاوین دیگر مور آنبہ دو حصہ جاوتری ایکحصہ طلا کرباریک کرکے صبح و شام
ہتھیلی بھر یا کم و زیادہ کھلاوین اعضا و عرق عورتون سے بوی خوش آتی ہی اگر چودہ روز
کھاوین اگرچہ اثر خوشبو کا جلد ظاہر آوی الا چند روز زیادہ کھلاوین دیگر جو بالونکو کھودین اور
اوس جا ملین تو بال سیاہ نکلین جڑ چڑ چڑ پکی پانیمین گھسکے بالونکو کھود کر طلا کرین دیگر سنگ آہن
مازو لونگ دگلی ہر چار ونکو برابر لیوین پہلے ہر کو پانیمین تر کرین بکبارگی دن باقی دوا کو ہر کے
پانیمین تھر پر پیسین یعنے جسقدر گھسا جاوے گولی باندھین سایہ مین خشک کرین وعند الحاجت
بال سفید کو کھود کر اس گولی کو گھسکر بالو نپر طلا کرین یکدم خدا چاہے بال سیاہ ہونگے دیگر کہ بالونکو جمنے
منع کرے تو ملیا سفید آب صاف ہر ایک ایکجز بھنگرہ سرکہ مین گھسکر بال کو کھود کر طلا کرین
منع اوگے کو کرتا ہے فصل درمرہم اور جو کچھ کہ مرہم سے مناسبت رکھتا ہی ہم کہ زخم کو برابر کرتا ہے

کرکے اوپر بال سفید کی ملین تین چار گھڑی مین رنگ سیاہ ہوگا بعد اوسکے آملہ کی پانی سی دھوین
دیگر نسخہ خضاب یا تبہ شاہ نظیر گل لالہ کی پتی تازہ پاؤ سیر لوہ چون آدھ پاؤ تلی کا تیل آدھ سیر
لوہی کی برتن مین ڈالکے نیچے چولھے کے کہ جو ہمیشہ گرم رہتا ہی کھود کر دفن کرین اکیس روز تک بعدہ
نکالکر صاف کرکے شیشہ مین نگاہ رکھین وقت ضرورت بال کو پانی آملہ سی دھوکر روغن مذکور
طلا کرین دیگر واسطے داڑھی کی بال کے کہ جلد نکل آوی داڑھی کی جگہ پر جونک لگاکر خون کھینچین
دیگر انڈیکا تیل چودہ روز جسجگہ کہ ملین بال نکل آوین اور طریقہ روغن نکالنے کا قرابادینو مین لکھا ہی
دیگر تلی کا تیل بیضہ مرغ دونونکو ایکجا کرکے ملین بال نکل آوینگے دیگر ہاتھی کے دانت کا
برادہ جلاکر خاکستر کرین تھوڑا ایکبیکی دودھ مین ملاکر تمام سر مین یا جسجگہ چاہین بال نکالنا ملین دیگر
خاکستر لوہار روغن تینون مین ملاکی اوپر ڈاڑھی کی ملین دیگر سیاہ دانہ بینے کا لادنہ جلاوین
پانی مین بیسکے لگاوین دیگر وہ دوا کہ بال کو سیاہ کری گل گڑھل سبزی اور سفیدی اسکی
دور کرکے خشک کرین بھنگرہ سیاہ کہ جسکی پتی اور لکڑی سیاہ ہوتی ہی جڑ سی کھود کر خشک کرکے
باریک کرین کیوڑیکی جڑ پسی ہوئی کیلے کی جڑ پسی ہوئی ہر ایک چھ تولہ تلی کی تیل مین کہ وزن
سیر بھر ہو ملادیوین اور لوہی کی دیگ مین رکھکر سرپوش اوسکا بند کرکے ایک گڑھا کمر برابر کھود کر
اور دو تین روز گوڑا وغیرہ بھرکر جلادیا کرین کہ رطوبت اسکی خشک ہوجاوے بعد اسکی آدھی گڑھی مین
لید گھوڑیکی خشک بھرین اور دیگ کو اسمین رکھکر آدھا گڑھا جو باقی ہی اور لید سی پر کرین ایک بانس
کنارہ گڑھی کا کہ خالی ہو خاک سی بھر دیوین کہ گڑھا یکسان ہوجاوے چھ مہینے تک اسمین رکھین بعد
اوسکے نکالکے روغن کو بالونپر ملین وقت ملنے کی ہاتھ اور پانو مین روغن گاؤ ملین تاکہ موضع سیاہ ہو
دیگر گری آنبہ پاؤ سیر گل سیاہ کہ میان کا والکی آنبہ مین ہوتی ہی پاؤ سیر مالکنگنی ڈیڑھ تولہ جوکھار
ڈیڑھ تولہ چارون دواکو باریک کرکے بقدر چھ ماشہ کی گولی باندھین و ہمراہ تلی کے تیل کے حلکر کے
طلا کرین واسطے ایکسال کے کافی ہی فصل دوائی کہ جلادینے والی بدن کی اور بڑھانی والی
بالونکی دوائی کہ بدن کو جلادیوے اور نرم گری بوی عرق مین دور کرے صندل غفران

لسکے ملین اور نزدیک آگ کے عضو کو رکھین جسقدر کہ متحمل ہو سکے اور مکرر ملا کرین اس دوا سے ایکرات میں
خارش جاتی رہتی ہی دیگر واسطے سب اقسام خارش کے مفید ہی فوراً نفع ہوتا ہی گندھک آملہ سا
بابچی مردار سنگ ہندی گٹہ ہندی سیل کھڑی کہ دواء معروف ہی مشابہ بنگبھسم کے ہر ایک تین تولہ
نیلہ تھوتھہ ڈیڑھ تولہ کوٹ پیسکے رکھین ہرگاہ کہ چاہین تھوڑی اس دوا سی موافق موضع خارش کے
لیکر پارہ ملا کر روغن کرد و مین حلکر بین پھر اس مین ملین سو وہ دوا کا اگرچہ چھ ماشہ ہو دو ماشہ پارہ
چاہیے اور تین تولہ تیل ہو اسی فن سی استعمال کرتی ہین اور یہ خضاب چونہ وگل ملتانی مردار سنگ
تینون برابر لیوین ساتھ پانیکی پیسین اور پر بال کے طلا کرین انجیر کی پتی اوپر اوسکے باندھین ایک پہر کے
بعد دور کرین پانی سی دھووین روغن ملین مجرب ہے چاہیے کہ یہ دوا دیر تک نرہی کہ بال کو موندڈالے
ہین کہ آمین چونہ شریک ہی دیگر خاکستر لوہار ونکی گھر کی وصابون پانچمین حلکر کے سیدھے دستہ کے
چار گھڑی پتھر پر کھرل کرین پھر خضاب بکرین دیگر مازو بھونی ہوی کہ قریب جلنے کے پہنچین
تین تولہ سنگ رانچ تین ماشہ نوسادر دو ماشہ تینونکو کوٹ کی چھان کی لوہیکے برتن مین یا پتھر کے
دستہ سی خوب حلکرین اور بالون پر ملین اور بعد چار گھڑیکے پانی سی دھووین کہ رنگ جلد سی
دور ہووے دیگر مازو چار حصہ سنگ رانچ دو حصہ نوسادر انچھ حصہ سینگڑی آدھ حصہ مازو کو بھون پھر بھونکر
مین جلا وین کہ خوب بھنے کہ مثل کویلی کے ہو جاوے پس سب دوا کو جدا جدا پیسکے برتن لوہی مین
رکھین اور آملہ کو لوہیکے برتن مین دو تین جوش دیوین اور پانی لیکر دوا مین ملا وین لوہیکے
دستہ سی خوب کھرل کرین اور بال کو پانی اوجلی سی دھوکر دوا ملین بعد دو تین گھڑیکے پانی آملہ سی دھووین
گرم کرکے عارج بال خورہ پہلے پانی آملہ سی اوس جا کو دھووین پھر نوسادر باریک کرکے مسکہ مین
ملا کے ملین ایکہفتہ مین دفع ہوگا مرکب خضاب گل ملتانی مردار سنگ چونہ تینونکو برتن لوہی مین
دستہ لوہے سے ساتھ پانی آملہ کے خوب باریک کرین واسطے تیزی چونہ کی ایک دو روز رکھا رہنے دیوین
بعد اوسکے استعمال کرین دیگر خوب سیاہ ہونگی مجرب ہے ایک فقیر سی سنا گیا مازو پندرہ ماشہ طلا
گیارہ رتی نمک لاہوری سات رتی مازو کو بھونین بعد سب دوا کو برتن لوہی مین دستہ لوہی سی خوب باریک

ساتھہ پانی ایکسو آٹھہ پانی سے دھوویں دوا کو تکے مع کجلی کے گھی مین ملاوین ایکپہر رکھیں
کرین تھوڑا بدن پر ملین لمحہ توقف کرکے پانی سرد سے نہلاوین اور دوا اس دوا سے بھی ماتا رہتا ہے
باوذ رنگ کو بھی مفید کجلی ہی کہ پارہ اور گندھک کو ایکی کرکے خوب پیسین کہ ایکپہر سے کجلی
نہین ہوتا ہی کہ سیاہ ہو فائدہ بہتیرے دوا واسطے خارشت کے نہانا پانی گرم سے ہو حمام مین ملین
جلد جانا اور دوا کہ بعد حمام کے ملتے ہین فائدہ بہت ہوتا ہی دیگر دھتورہ کا پھل سر لوسکا کھوکر
ڈالی شنگرف اندراوسکے کرین کھل حکمت گرمی آگ مین کھین یا تنور مین کھین کہ پکجاوی بعد اسکی باہر
لاکے پیسین اور ساتھہ تلی کے تیل کے بدن پر ملین دفع ہو دیگر ترپھلہ بابچی باریک کرکے ہر روز
سات ماشہ کھلاوین دیگر ہر تال ڈیڑھ تولہ جیتی کا کھلاڈیڑھ تولہ بیضہ مرغ ایکعدد سوراخ کرکے
ہرتال و کھار اسمین ڈالین بعد اسکے تانبی کا برادہ مصطگی ملاکر سوراخ بیضہ بند کرین اوپر بیضہ کے
تین کیپ کرین تین روز تک رکھین بعد اسکی مٹی کے برتن مین سوراخ کرکے لولہ بیضہ کو سوراخ سے ملاہم
لاکے اوپر اسکی ایک برتن مٹی کا چھوٹا اولٹا کرکے بیضہ کو چھپا لیوے اس چھوٹی برتن کو بڑے
برتن مین ریگ بھرکے اسطرح بناوین کہ چار اوگل اوپر برتن کے ہو پس اس ڈبی برتن مٹی کی مینگنی سے
بھرکے آگ دیوین اور نیچے لولہ کی برتن صینی کا رکھین تاکہ روغن ٹپک کر جمع ہو مقدار دو چاول
ہمراہ پان کے کھلاوین خارشت دور ہو اطور کہ بنائی کوپتال خبر کتی ہین دیگر نیلا تھوتھا
چار ماشہ پارہ ساڑھے تین ماشہ مسکہ گاے کا تین تولہ توتیا کو ساتھہ پارہ کے کھرل کرین مسکہ مین
ملاوین ایکسو سات پانی سے دھوکر ملین مجرب ہے دیگر کہ خارشت کو مفید ہی اور بدن کو نرم
کرے تیواڑ کے بیج چھ تولہ آملہ تین تولہ بیخ ساگ ڈیڑھ تولہ تینو نکو کوٹ پیسکے پانی مین ملاکر ملین
بعد تین گھڑی کے غسل کرین دیگر کہ خارشت کو مفید ہی چنبیلی کا تیل تین پیسہ بھر کافور چھیڑہ
ڈیڑھ ماشہ کافور کو پیسکے ساتھہ روغن کے خوب ملین دفعہ سو تک مالش کرین بعد تین روز کی غسل
کرین مفید ہی دیگر کہ اقسام خارش کو ساتھہ دانو نکی اور بغیر دانہ عجیب الی الشہد آمذ عیر گھلی کا لاہوا
ہر درد بیخ کھلی تین تولہ نوسادر دس ماشہ پارہ مارا ہوا دس ماشہ سنکھیا کی تیل مین جوش کرین بعد غسل

غسل کریں چند روز میں دور ہو دیگر تیل چنبیلی ساڑھے سات تولہ دودھ مدار کا تین تولہ
آنبہ ہلدی نو ماشہ پہلے تیل کو خفیف جوش دیکر دودھ مدار اور آنبہ ہلدی باریک کرکے تیل میں
وکشمش سارہے سات تولہ سب دوا کو علحدہ علحدہ کوٹ پیسکے رکھین اور میوہ کو علحدہ
اور لعاب دار چیز کو علحدہ پہلے دودھ کو کھویا بناوین جبکہ نیمگرم رہے دوا پیسی ہوئی کو ملاوین
کفگیر سے چلاوین پھر شکر اور میوہ ڈالین بعد اسکے دوا خوشبودار آمیز کرین پھر ابرک اور
روپ رس اور سار کو ڈالین اور گلاب سے گولی بقدر منڈیکے باندھین دو گولی صبح کو کھلاوین
ترشی اور بادی سے پرہیز رکھین دیگر کہ نہایت اثر دیتا ہی سیماب گندھک آملہ سار بھلانوہ گھنگچی
بیربہوٹی چھال کنیر سفید چرپی شیر خراطین مال کنگنی کیکڑا لونگ دارچینی میل کان کا مشک
ہر ایک دو تولہ چرپی سور کی چھ تولہ سم گھوڑے کا پاؤ سیر گل ہر یا سولہ عدد پارہ اور گندھک
اور بھلانوہ کو تین سیر عرق لیمون مین سولہ پہر کھرل کرین اور ساتھ سب دوا یونکی آتشی شیشہ
مین مانند چوئیکے ٹیکا لیوین جسقدر کہ سینک مین آوی پان مین رکھکر کھلاوین اور چودہ روز
طلا بھی کرین دیگر کہ باہ بہت لاوے یہانتک کہ پیدائشی نامرد بھی مرد ہوجاوین اور بیچ اکیس روز کی مرد
کو اوپر ازالہ بکارت کے قادر کرے وقت عصر کے اس دوا کو کری سیماب یکماشہ دارشکنہ دو ماشہ
اسپٹ پرانی تین ماشہ زرد چوب ایکماشہ کالی مری تین ماشہ سب دوا سے پارہ کے بیس بعد اسکے

اگر چاول پانمین پیسکے دیوین تو بہتر ہی نمک سی اور ترشی سی پرہیز رکھین دیگر بند کشاد کو دفع
کری املی کے بیج آدھ پاؤ باریک کرکی ساڑھے چار تولہ لیوین منسلوچن برابر اوسکے شکر تھوڑی
ملاکر دو تولہ ہمراہ دودھ گای کے کھلاوین دیگر ہلدی چھ ماشہ آملہ ایکتولہ راتکو پانمین بھگو کر
صبح کو پانی دو تولہ شہد ملاکر پلاوین دیگر کہ سوزاکا و رنبد کشاد کو مفید ہی صمغ ناگوری
ببول بیج زیر سیاہ اکیس ماشہ کوٹ پیسکے برابر شکر ملاکی دو تولہ پاؤ بھر دودھ کی ساتھ کھلاوین
وقت سونیکی چھ ماشہ دیوین تین روز تک دیگر سلاں منی اور سرعت کو فائدہ دیوے پیپلی
دس ماشہ تخم کرفس دس ماشہ تخم فرنجمشک سات ماشہ چنبیلی کی جڑ سات ماشہ کلی انار کی گلاب
کے پھول ہر ایک سوا دو تولہ کوٹ پیسکے سات ماشہ دہی مین ملاکر کھلاوین دیگر سفوف
بند کشاد ثعلب مصری چھ تولہ سنگند چھ تولہ جاوتری چھ تولہ لونگ آٹھ ماشہ عاقرقرحا دو ماشہ
مصری ساڑھی نو تولہ کوٹ پیسکے بیس خوراک کرین اوپر اوسکے دودھ گای کا سوا سیر جوش کرکے
جبکہ تہائی رہے پلاوین دیگر دانہ الائچی چھوٹی کشتہ قلعی ہر ایک سات ماشہ شکر برابر ملاکی چھ ماشہ
کھلاوین فصل ادویہ قوت باہ مین بچہ مرغ کو کہ نر ہو اور جفتی نہ کھائی ہو آتا گیہو نکا گھی مین ملاکر
گولی کرکی خودہ روز کھلاوین کہ خوب موٹا ہو ہر تال طبقی ایکتولہ لیکر ایکیس حصہ کرین ایکحصہ ماش بھر
آٹے مین ملاکے جوار کی برابر گولی باندھین ایک گولی اوسکو کھلاوین اور سوے آرد ماش اور جوار
کچھ ندیوین اور پانی دینے کی خبر ران رہین کہ پیاسا نر ہی بعد ایکیس روز کے ذبح کرکے آلائش پاک کرکے
سیر بھر گای کے گھی مین دم پخت کرین بعد اوسکے شہد خالص کسی ظرف مین اسقدر بھرین کہ مرغ
دم پخت کو چھپا لیوی سات روز تک زمین مین دفن رکھین پھر نکالکر ڈیڑھ تولہ گوشت اوسکا
لیکر ساتھ تھوڑی شہد کی کہ جو اوسمین پڑا ہوا ہی کھلاوین اگر واسطے خوشبو کے دارچینی
ملا دیوین تو مضایقہ نہین ہی وقت کھانے کی ترشی اور بادی سی پرہیز رکھین غذا مرغن ہمراہ
گوشت کے کھلاوین اور اوس مدت تک کہ مرغ کو دوا کھلائی جاوے درمیان مین اگر آواز دیوے
اوسی روز ذبح کرکے کام مین لیجاوین غرض یہ ہی کہ اگر مرغ اکیس روز تک زندہ رہے

برابر سب کی شکر سفید ملا کی چھ ماشہ ہر روز کھلاوین تخم شی اور بادی ہی اور وہ چیز کہ جو گرم ہو
پرہیز کراوین دیگر کہ سیلان منی اور مذی اور ودی کو دور کری تخم سداب یعنے تلی کے بیج
کو ٹکے برابر اوسکے شکر ملا کے ہر صبح ایکتولہ کھلاوین دیگر کہ بند کشاد اور سیلان منی کو
دفع کری پوستہ سونٹھ گوکھرو گل دھادہ ہر نگی ہر ایک ڈیڑھ تولہ شکر یا مصری برابر دواؤنکی
گوٹ پیسکے چھ ماشہ یا زیادہ موافق حاجت کے ساتھ پانیکی دیوین دیگر کہ سیلان منی اور مذی اور
ودی کو دور کری اور سرعت انزال کو دور کری اگر عورتکو دیوین تو اوسکے بدن کو درست
کری ایک بیضہ مرغ کو یا جسقدر کہ منظور ہو سفیدی زردی اوسکی دور کرکے اور پردہ بھی اوسکا نکالکے
پوست سخت اوسکا ظرف چینی مین رکھکر عرق لیمون کا اوسمین اسقدر ڈالین کہ ایک انگل اوپر ہووے
منہ ظرف کا بند کرکے چھوڑ دین تاکہ آب لیمون جذب ہو پھر آب لیمون ڈالین تین مرتبہ آب لیمون
جذب کرین بعد اوسکے مٹی کی برتن مین رکھکر گل حکمت کرکے جنگلی اوپلون مین گڑھی گزدر گزمین آنچ
دیوین پھر نکالکر دو مرتبہ اور اسطرح آنچ دیوین چھلکہ بیضہ کا سفید ہو جائیگا احتیاط سی رکھین اور
دو رتی اوس سے ساتھ شہد ملا کر کھلاوین ترشی سی پرہیز رکھین دیگر کہ بند کشاد کو دور کری کھیان سفید
سیپی گشتہ گل ارمنی پوست درخت سنبھل مصری چینہ بریان الائچی چھوٹی ہر ایک یکماشہ سبکو کوٹ
پیسکے سات گولی باندھین صبح کو سات روز کھلاوین دیگر کہ بند کشاد یادگار اوسید
شاہ عبداللہ قادری گھنگچی سفید عرق برگ کریلہ مین پیسکے فتیلہ موافق مرضی بنا کر گھنگچی سایہ مین کو فتیلہ کیپ
کرکے ایکساعت سوراخ ذکر مین رکھین بند کشاد دور ہو جاوے دیگر برابر سوا ک دو ہفتہ کھاوین
مجرب کباب چینی ڈیڑھ تولہ باریک کرکے دہی کو پارچہ مین باندھکر لٹکاوین کہ پانی ٹپکجاوے چکہ دہی رہجاوے
کباب چینی ملا کی مثل چٹنی کی چٹاوین اگر مرد خون پیشاب کرتا ہے ایکدم بستور دوا مذکور کھاوی
خون دفع ہو جاوے ترشی و بادی سی پرہیز رکھی دیگر برابر سوا ک دو ہفتہ مجرب ہے شورہ قلمی ٹکی لاکھ
چھلی ہوئی ہر ایک ڈیڑھ تولہ ہر دو کو کوٹ پیسکے چھ پڑیان باندھین ایک صبح کو اور ایک شام کو ہمراہ پانیکے
کھلاوین تین روز تک چوتھی روز چاول ساٹھی تین پیسہ بھر پانیمین تر کرین صبح کو پانی اوسکا پلاوین

باریک پیسین اور برابر مصری ملاوین اور نو ماشہ اس دوا سے ہمراہ تین تولہ دہی کی ملاکر صبح کو
کھلاوین ترشی اور بادی سی پرہیز کرین دیگر واسطے پرمیو اور سوزاک کے کہ کسی دوا سے دور نہ ہو
دور کری پھٹکری بریان کی ہوئی ایکماشہ اور مصری ایکماشہ دونونکو باریک کرکی صبح کو جسوقت کہ
پیشاب کرین اوسوقت نوش کرین اور اوپر اوسکے دودھ اور پانی کہ ہندی مین اوسکو لسی کہتے
ہین پیوین اور یہ سب پانچ روز تک کرین مگر وقت پیشاب کرنیکے بہت جلد فائدہ دیگا اور اگر
سات روز تک دیوین بہت خوب ہے اور مرض پرانی کو دور کری اور اگر مریض جوان ہو دو ماشہ
پھٹکری بریان مثلاً ڈیڑھ تولہ پھٹکری بھونی ہوئی اور ڈیڑھ تولہ مصری ملاکر دیسکتے ہین مگر وقت
پیشاب کرنیکے ترشی اور بادی سی پرہیز کرین دیگر آرد یعنی ماش چھلے ہوی اور مغز تخم انبلی برابر
لیکر بھونین اور بموزن اوسکے شکر ملاوین ہر صبح کو ایک ہتھیلی بھر ساتھ دودھ گاے کی کھاوین
پرمیو اور پیشاب ٹپکتے ہوی کو موقوف کری اور بند کشاد کو فائدہ بخشی دیگر دوائی کہ زخم اندر
قضیب کو بھر لاوے نیلہ تھوتھا تین ماشہ پھٹکری چھ ماشہ ہر دونکو پانچ سیر پانی مین جوش کرین
جسوقت تین چار سیر پانی باقی رہے شیشہ مین بھر رکھین تھوڑا اوس سے لیکر قضیب پر ٹپکاوین
اور اگر زخم تک ٹپکانی سے دوا نہ پہونچ پچکاری سی دوا پہونچاوین اور شروع مین جلن آویگا
اس سے نہ ڈرین کہ زخم ہی اگر درد بہت ہووے دودھ عورت تو نسی پچکاری لیوین تو درد جاتا رہیگا اور
پھر اوس دوا کو کام مین لاوین زخم خشک ہو جائیگا دیگر دوائی کہ جلن پیشاب کو نفع دے اور
حرارت کو دور کری صندل سفید اور سرخ ہر ایک دو رتی کا سنی کا فور ہر ایک چار رتی
مصری دو تولہ کو پانی مین جلکر کری اور دوا اونکو باریک کرکی ملاوین اور نوش کرین مجرب ہے
دیگر واسطے سیلان منی اور مذی اور دی کی مجرب ہے تخم انبلی بھونین پوست دور کرکی برابر شکر سفید
ملاکر ہمراہ دودھ گاے کی ایک ہتھیلی بھر کھاوین ترشی اور بادی سی پرہیز کرین دیگر واسطے زخم مثانے
اور زخم حلیل یعنے زخم ذکر کی اور خون آنے پیشاب مین مجرب ہے مہندی اور دھنیا خشک ہر سفید
آملہ ملٹھی تخم خیارین کاسنی کسر یالی گوکھرو ریوند چینی گلاب کے پھول نشاستہ ہر ایک ایکتولہ کوٹ پیسکر

شہد ملاکر شیر گرم پلاوین بند کشاد دور ہو دیگر تال مکھانا صبح پلاس نشاستہ برابر لیکر کوٹین اور
مساوی اوسکے شکر نسرخ ملاکر کھاوین دیگر تال مکھانا کپڑے مین چھان کر کے نو ماشہ کیلہ مغز دور کر کے
اوسمین بھرین اور رات بھر رکھین صبح کو مع دو ابھری ہوئی کی کھاوین دیگر راوند ختائی چودہ روز تک
ساتھ شربت مصری کی کھلاوین اور غذا سوای خشکہ اور گھی اور شکر کی اور کچھ نہ دیوین پرہیو جسم کا
کہ ہو دور کری پہلے روز ایکماشہ راوند کھلاوین دوسرے روز ایکماشہ زیادہ کرین سات ماشہ تک
پہونچے چودہ روز تک سات ماشہ تک کھلاوین اور کبھی موافق برداشت طبیعت کے زیادہ کرین اور
یہ دوا سوزاک اور جو شخص کہ خون پیشاب کرتا ہو بھی دور کرتی ہی دیگر واسطے خون پیشاب
کرنے اور سوزاک کے مجرب ہے راوند ختائی ڈیڑھ تولہ بچہ کوٹ پیسکے تین حصہ کرین اور ہر حصہ
سات ماشہ کا ہو کی پانی سی گولی باندھین اور نیچے حلق کے اوتارین پیچھے اوسکے ساڑھے
سات تولہ مصری کا شربت گاڑھا نوش کرین تین روز تک دیگر کہ سوزاک اور سیلان منی کو مجرب ہے
کشنیز خشک سونف ہر ایک نو ماشہ کو کنار ساڑھے چار ماشہ تینون دوا کو جو کوب کر کے اوس پانی مین
کہ جسمین پانی نہ لگا ہو ڈیڑھ پاؤ پانی ڈالکر شب کو رکھین صبح کو بغیر ملے ہوے چھانکر نوش کرین ایک
شخص بیماری سخت رکھتا تھا بارہ روز تک اس دوا کو اوسنے نوش کیا صحت پائی باوجود اسکے کہ کچھ
پرہیز نکیا ترکیب اندری جھاڑ یعنے برلانی والی ادہ کی بول سے یعنے پیشاب سے اور پاک کرنیوالی
آلات تناسل کی پتی مولی کی آدھ سیر کوٹین چار پانچ پیسیہ بھر عرق نکلیگا اوسمین بمقدار ایک
ماشہ کے شورہ قلمی ملاکر تین روز تک نوش کرین کہ یہ دوا بڑی پیشاب لانے والی ہے دیگر
سوزاک اور سیلان بیپ قضیب کو دور کری لونگ عاقرقرحا گوکھرو گوگل کافور چنیان
افیون خالص گڑ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ لیکر کوٹین اونیس گولی باندھین ایک گولی کو
پھینک دین اور باقی کو چودہ روز تک ایک صبح کو اور ایک شام کو کھلاوین مگر شام کو
ساتھ پانی کے کھاوین اور غذا گیہون کی روٹی ساتھ گھی بہت کے بی نمک کھاوین دیگر واسطے
سوزاک کے مفید ہے کباب چینی ساڑھے سات ماشہ بنگ یعنے قلمی کشتہ ڈیڑھ تولہ لیکر

سات روز تک مجرب ہے اور بعضے نقرہ کشتہ اور سونا کشتہ و یاقوت و مروارید ہر یک چھ ماشہ
اس دوا مین زیادہ کرتے ہین دیگر السی بھونی ہوئی ہتھیلی بھر کھلاوین ثعلب مصری کوٹ پیسکے
پانچ ماشہ ساتھ پاؤ بھر دودھ گاے کے دیوین اوپر اسکے بعد دو گھڑی سفوف مقدار دو تولہ استعمال
کرین تا ل مکھانا کھیر کا گوند شکر سفید برابر لیکر کوٹ پیسکے سفوف کرین اور پیچھے اس سفوف کے
چار تولہ چنے کہ رات کو پانمین تر کیا ہو نوش کرین سرعت انزال و بند کشاد دور ہو جاوے دیگر
دودھ گاے کا ایک سیر پانی دو ناخرما چار عدد چھال جڑ اونٹ کٹارہ ڈیڑھ تولہ ہر تینو نکو خوب
پکاوین چھال کو لتہ مین باندھکر دوا مین لٹکاوین اور جوش کرین کہ پانی جلجاوے دودھ رہجاوے
بہت بہی مقوی مدن ہے دیگر کائی تالاب کی مٹی کے برتن مین رکھکے آگ پر رکھین تا خشک ہوے برابر اسکے
شکر ملاوین و مقدار چار ماشہ یا زیادہ صبح کو دیوین سلیان بنی دورہے دیگر حلوا کہ مٹھہ کو مضبوط
کرے درد گردہ و کمر کو دفع کرے تخم املی ایکتولہ گوند ڈھاک ایکتولہ نشاستہ ایکتولہ نباتا سنخ تین تولہ روغن زرد
چار تولہ گرم کرین اسمین نشاستہ بھونین پھر املی کے بیج و گوند ببول باریک کرکے ڈالین اور
مصری کو پانمین گھولکر ملاوین اور پکاوین کہ حلوا ہو دیوے یہ ایک خوراک ہی تین روز بلکہ پانچ روز
اسیطور کھلاوین و حسب مزاج کم و زیادہ کرین دیگر کہ پرمیو عورتونکو نفع دیوے دودھی چھوٹی
سایہ مین خشک کرکے زیرہ سفید گوکھرو ہر سہ برابر کوٹ کی برابر اسکے شکر سفید ملاکے ایکتولہ
تین وقت صبح ظہر شام کھلاوین پرمیو سرخ و سفید دور ہووے دیگر کچلہ و مرچ سیاہ مساوی
لیکر کوٹ کے دو پہر یا چار پہر کھرل کرین ساتھ پانی کے بقدر جوار گولی باندھین اور سایہ مین
خشک کرین پہلے ایک گولی کھلاوین ہر روز ایک گولی زیادہ کرین نو مین روز نو گولی ہووین
پھر ایکسال تک نو گولی معتاد کرین اگر کوئی ایکسال اس دوا کو کھاوے از سر نو جوان ہووے لیکن
یہ دوا سرد مزاجونکو نافع ہے و کچلہ خوب باریک نہین ہوتا ہے اسکو پانمین تر کرکے ورق ورق
چھری سے کاٹین سایہ مین خشک کرکے کوٹین کہ یہ طریقہ کوٹنے کا ہے دیگر اجواین ہلیلہ بلیلہ ہر ایک
سوا گیارہ ماشہ جو کوب کرکے آدھ سیر پانمین جوش کرین جسوقت آدھ پاؤ پانی باقی رہے ڈیڑھ تولہ

اور اتوار سے دھوان لینا شروع کرین منگل تک

باب امراض کہ مردون کے واسطے مخصوص ہین اور عورتونکو بھی بعض مرض اوس سے لاحق ہوتا ہے

فصل دواون سیلان منی اور سوزاک اور پرمیو اور بندکشاد اور سرعت انزال کے بیان مین

دیگر کہ سیلان منی اور سوزاک اور بندکشاد کی تین مفید ہی انڈا مرغ کا سپیدی نکالکر زردی لیوین مشک اور زعفران اور لونگ اور جوتری ہر ایک دو رتی پیس اور مرچ سیاہ چار رتی سبکو باریک پیسکر زردی مذکور مین ملاوین اور اوڈیکو ماش کے آٹے مین رکھکر اوپر سے پکڑ وٹی کرین اور لٹکا رکھین صبح کو کھاوین اسیطرح تین روز تک کرین دیگر واسطے سیلان منی کی مفید ہے

منتر یک چار ماشہ سربالہ ڈیڑھ تولہ ہلدی آدھ ماشہ عناب چار عدد دو عدد عناب سے بیج جدا کرین اور دو کے تین مع تخم پھر سب ہر ایک دوا کی تین جدا جدا کوٹ کر ایک جگہ کرکے پانچ حصہ کرین اور ایکحصہ صبح کو ہمراہ دودھ بکری کے کہ ڈیڑھ پاؤ ہو پیوین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر بندکشاد اور پرمیو کو مفید ہی سربالی تین تولہ رال تین تولہ شکر سرخ چھ تولہ کوٹ پیسکے سات حصہ کرین ہمراہ گای کے دودھ کے یا ساتھ بکریکے دودھ کے ہر صبح کو ایکحصہ کھاوین سات روز تک دیگر دھوان لینا اسبند کا فصل مستی اور عورتونمین مذکور ہے

واسطے بندکشاد اور سوزاک کے مفید ہی دیگر ست سلاجیت آفتابی ست گرچ دو چھوٹی الائچی دو تال مکھانا گندھک آنولہ سار ہر ایک یکمثقال یعنے ساڑھے چار ماشہ مصری دونی خوراک حسب حال مریض دیگر چوبیدہ صمغ پلاس مساوی کوٹ پیسکے گفدست صبح کو ہمراہ دودھ بکریکے پلاوین غذا روٹی بی نمک ساتھ بہت گھی کے اکیس روز تک دیوین کہ پرمیو بھی جاتا رہی دیگر گل کیکر ڈھنپے بھونی ہوے شکر سفید ہر ایک نو ماشہ صبح کو کھلاوین دیگر بندکشاد و سیلان منی کو دور کرے ثعلب مصری مغز تخم سرس ایک دھوئی ہوئی ہر ایک دو تولہ کوٹ پیسکے پاؤ سیر دودھ بکرا اسمین ملاوین کھرل کرین تا غلیظ ہوے پس بقدر جھربیر کی گولی باندھکر صبح کو ایک دیوین

اور اوپر سے ایک چمچہ دہی کا پلاوین دیگر پودینہ پانچ تولہ ہینگ تین ماشہ ہر دونکو کوٹکر آدھی
پیالے پانیمین جوش کرین جسوقت کہ چھ پیسہ بھر باقی رہے صاف کرکے دیوین اور جانین کہ رعایت
مزاج کی ضرور ہی جو چیز کہ گرم ہی جب تک مزاج سرد نہو ندینا چاہیے دیگر پیشاب جاری کرتا ہی
مجرب ہے حکیم ابراہیم گیلانی سے شورہ پکا ہوا قلمی اور رائی ہر ایک آدھ سیر شاہی باہم پیسکے
پانی کرکے نہار کھاوین کہ بند پیشاب جاری ہوتا ہے عجیب ہے دیگر کہ پیشاب بند کو کھولے
بھینس کے کان کا میل مریض کی ناف پر ملین فوراً پیشاب لاوی مجرب ہے حکایت
اکبر بادشاہ کے تئین پیشاب بند ہوا تھا اور کسی دوا سے نہ جاری ہوا آخر الامر حکیم مصری
نے تین تولہ شورہ پانیمین پیسکر پلایا اور بعد دو گھڑی کے دو مرتبہ پھیر دیا اللہ تعالی نے شفا بخشی
فصل دواؤن سلس البول یعنے پیشاب ٹپکنے مین کالے تل اجوائن برابر پیسین اور گڑ مین ملاکر
گولی باندھین مقدار نو ماشے کے کھلاوین دیگر موٹھ چار ماشہ باریک کرکے کھاوین دیگر کہ
سیلان بول کے تئین کو بسبب ضعف گردے کے یا سوا اسکے ہو فائدہ دیوے پتی درخت لسوڑی کی نرم نرم
یعنے کونپل چند عدد لیکر ہمراہ شکر سرخ کی کھاوین دو تین روز مین دفع ہووے دیگر مصری نا گیسر پیل
زیرہ سفید انار دانہ لونگ سبکو باریک کرکے ہمراہ شہد کے کھاوین دیگر مرغ کے انڈے کا پوست
گائے کے گھی مین بھونکر پیسین اور ایکدرم یعنے ساڑھے چار ماشہ ہر روز کھاوین فصل اون دوا دینمین
کہ مستی مرد اور عورت کی توڑی پھٹکری بھونی ہوئی ایکماشہ یا دو ماشہ ہمراہ شربت
مصری کے ملاکر ہر صبح کو کھاوین دیگر دہ برگہ کہ قسم ہی صدبرگہ کی تخم اوسکے لیکر کوٹ پیسکے
نو ماشہ کھلاوین دیگر سپیاری چھالیہ درخت کیلہ مین دو ہفتہ تک رکھین اسطرح پر کہ درخت
کیلے کے تئین خالی کرین اور بعد دو ہفتہ کے نکالین اور عورت مستی والی کو دیوین شہوت کم
ہوگی دیگر نخود کہ بند کشا یعنی مقام پیشاب کا بڑھاوی اور سوزاک کو مفید ہی اسبند کے تئین
کسی تن مین جلاکر چادر اوسکے سر پر لپیٹین اور مرد قضیب اوسکے دھوئین پر رکھے جلد پیشاب آویگا
دو تین روز تک اسطرح کرتے رہین فائدہ ہوگا اور کہا ہی کہ اسبند کو روز سینچر کے لاوین

ہر ایک ایک تولہ ہو حلوا پکا کے کھاوین دیگر تن آدھسیر جونا نو تولہ عالمگیری تن کو کھرل مین
ڈالکے دستہ سے ہلاوین تو بھوسی اوسکی نکلجاوی بعد اوسکے ڈھائی پاؤ پانی مین جوش دیوین جبکہ
ڈیڑھ پاؤ پانی رہجاوی اوتارلین اور چونا قدرے اس پانی سے حاکر کے نرم آگ پر رکھین اور پانی بچی
ہوی تن کو تھوڑا تھوڑا بیچ اسکے ڈالین تو تمام جذب ہوجاوے اور چونا گارا سا ہوجاوے پس بقدر
جھڑ بیر کے گولی باندھین اور ایک گولی دہی کی ہمراہ صبح کو کھاوین بادی اور ترشی سے پرہیز رکھین
بواسیر خونی اور بادی کو دفع کریگی اور زیادتی کو تحلیل کرکے ایکہفتہ کھاوین اور اگر بعد دو تین مہینے
کے یہ بیماری پھر ہووے پھر ایکہفتہ کھاوین دوسری بار نہ آویگی اور چونا چاہیے کہ بھیگا ہوا ہو ہمراہ پان کے کھاوین

بیان امراض گردہ اور مثانے مین

فصل جلن پیشاب اور سنگ گردہ مین واسطے جلن پیشاب کے کانجی کی بیان کہ ترکیب اوسکی
مشہور ہے ساتھ شیرۂ تخم خیارین کے اور کاسنی کے پیوین جلن پیشاب کی جو بسبب گرمی اور
پھوڑے کے ہوتی ہو دور ہوجاوے دیگر کو کھرو ہلیلہ بلیلہ آملہ سونٹھ مرچ پیپل ہر ایک
ساڑھے چار تولہ سونٹھ ڈیڑھ تولہ کوٹ چھان ساڑھے دس تولہ پہلے گوکھرو کے تئین چھ گنا
پانی مین جوش کرین پس ملاوین بیچ درمیان اس پکنے کے گوگل چھوڑ دین اور پکاوین تو
مانند حلوہ کے ہوجاوے نیچے اوتار کر باقی دوائین کوٹی ہوئی اسمین ملاوین اور وزن
نو تولہ یا کم موافق حال مریض کے دیوین جلن پیشاب کی جس قسم کی کہ ہووی دور ہوجاوے
خصوصاً اوس شخص کو کہ سرد بسیے ہووی اور جاننا چاہیے کہ دوائین جلن پیشاب کی پرمیوٹین
ذکر ہوچکا ہی دیگر کہ سنگ مثانے کے تئین دور کرتی ہی مجرب ہے کلتھی تین ماشہ سونف چار تولہ
جو کوب کرکے بقدر چار پیالہ پانی کے جوش کرین جسوقت کہ ایک پیالہ رہے صاف کرکے ڈیڑھ تولہ
نمک سنگ نو ماشہ روغن گاؤ ملا کے تھوڑا تھوڑا پیوین کہ سنگ گردہ اور مثانہ گرہڑی دیگر
تیل بید یکا ساڑھے چار تولہ گرم پانیمین ملاکر پیوین پیشاب صاف ہوگا یہ دوا اوسوقت
دیوین کہ کوئی دوا فائدہ نکری دیگر پھٹکری تین ماشہ یکم زیادہ لیکر پیسین اور گھی مین ملاکر دیوین

ترشی سے پرہیز کرین اگر دفع کرنا قبض کا منظور ہو تو بھوہ کا ساگ کھاوین دیگر تری آنبہی کی سبز ملکے
بعوض نمک کو کہ حقہ مین رکھکر کھینچین بواسیر دور ہوگی خونی ہو یا بادی ہو دیگر بواسیر کے خون کو
بند کرتی ہے مجرب ہے گوکھرو سبز لیوین اور پتی نرم اوسکی مع گوکھرو نرم کے گی مین نمک ڈالکر پکا کر
کھاوین اور اگر گوکھرو نرم نہو جیسا کہ ساگ اوسکا پکایا جاتا ہے پکاوین اور اگر سبز ہو ہی عرق
نکالکر کھاوین مفید ہے دیگر ناگیسر تین تولہ پھٹکری نو ماشہ شکر سفید برابر تمام کے کوٹ پیسکے
چودہ پڑیان باندھین صبح ایک شام ایک پانی کے ساتھ کھاوین دو تین روز مین نفع ہوگا لیکن
جو شخص کہ کھانسی خشک رکھتا ہو یا پھیپھڑا اوسکا ضعیف ہوا اوسکو پھٹکری نہ دینا چاہیے کہ پھیپھڑے کو
مضر ہے دیگر بائین ہاتھ کی درمیان خنصر و بنصر یعنی چھنگلیا اور اوسکی پاس کی انگلی کے داغ دینا
واسطے بند ہونی خون بواسیر کے مجرب ہے اور داغ کرنا جگہ جوڑ ہنسلی پر واسطے بواسیر بادی کے
مجرب ہے اور بائین ہاتھ کی انگوٹھے کی جڑ سے پشت کیطرف چھ انگل موٹہی کیطرف بائین
اور جسجگہ کہ چھٹی انگلی پہونچے وہین تپی سی داغ دین اور داغ پختہ چاہیے یعنے خام نہو
اور بعد داغ دینے کے دو تین روز حرام مغز زخم پر رکھین تو زخم تراوش یعنے بہا کری بعد
اسکے پرانی روئی پانی مین تر کرکے زخم پر رکھتے رہین اور جو آلایش کہ زخم سے نکلے پاک کرین اور پھر
روئی صاف لعاب منہ سی تر کرکے زخم پر رکھین دو تین مہینے اسیطرح داغ کو خشک نہونے دے
یعنے تراوش بند نہونی پاوے بعدہ جبکہ چاہین زخم کو خشک کرنا یہ دوا کری یعنے تیل چنبیلی کا
روئی مین تر کرکے اوپر زخم کے رکھین اور یہ داغ چاہیے کہ بعد سولھوین تاریخ مہینے کے روز
چارشنبہ کے دیوین بعد داغ کی نفع جلد حاصل ہوگا اور خون بند ہو جائیگا اور کیسی ہی بواسیر ہو
اس دوا سے دفع ہوگی لیکن ایکسال تک مچھلی اور دودھ اور بگین اور مثل اسکے نہ پرہیز
کرین اگر اتفاقاً کسیکو یہ بیماری پھر ہوی سبب اوسکا یہ ہوگا کہ چیزین منع کی گئین مذکور کھائی
ہونگی آزمودہ ہے دوائی کہ بند کرنے خون بواسیر مین آزمودہ ہے نواب فراسیاب خان
سے گل مچکند کہ دوا ہندی مشہور ہے باریک کوٹین اور بقدر تین ماشہ کے گھی اور شکر مین

بواسیر خونی اور بادی کو دور کرے پتی آنبہ کی اور پتی آملہ کی اور پتی جامن کی اور مصری ہر ایک
تین تولہ دودھ گائے کا کہ ایک رنگ ہو آدھ سیر تینوں کو ٹ پیسکے شیرہ نکالین بغیر پانی ملائے
اور اگر شیرہ نہ آوے تو تھوڑا دودھ داخل کرین پھر دودھ ملا کر پیوین یا فقط شیر پیوین
اور بعد اوسکے دودھ پیوین سات روز تک اسیطرح کرین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر
گھلانی باسور مین مجرب ہے چمڑا گھوس کا کسنی تن مین جلاوین اور ایک کپڑا اوسکے منہ پر بندھ کرین
تو دھوان اوس تن سے باہر نہ نکلنے پاوے اور دھوان اوسکا باسور تک پہونچاوین اسیطرح
کہ مشہور ہے دیگر واسطے بند کرنے خون اور دور کرنے کانچ کے اور بواسیر کے مجرب ہے درمیان جھنگلیہ
اور اوسکے پاس کی انگلی کی کپڑ پکی بتی سے داغ دیوین اور بعد اسکے کپڑا بھگو کے اوسجگہ
ہمیشہ باندھین کہ خود بخود تراوش سے ٹھہر جاوے اور بہتر یہ ہے کہ داغ اوپر گاسلم کے دیوین
کہ پاس جھنگلیہ کے ہوتی ہے دیگر بواسیر کو فائدہ دیوے اور خون کو بند کرتی ہے کوئلے کی ٹہنی کو جلا کر
دھوان اوسکا مقام بواسیر مین لیوین دیگر کہ زیادتی بواسیر کو دور کرتی ہے چڑہ سنار ملی کی ہمراہ
عرق لیموں کے گھسین اور بواسیر پر ملین دیگر وہ گولی کہ حق بواسیر مین ایک بزرگ سے منقول ہے شورہ قلمی
تج اور تلسی رسوت تگر کوٹی ہر ایک چھ تولہ سبکو کوٹ پیسکے عرق بھنگرہ مین گولی بناوین اور
ایک گولی کھاوین دیگر شورہ نرم کرکے اوپر دانون بواسیر کے نہاد کرین ایکساعت مقعد کو
نرم آگ پر رکھین اور چند روز اسیطرح کرین دانہ بواسیر کے مرجھا کر گر پڑینگے آزمودہ ہے دیگر کہ
واسطے خون بند کرنیکے مجرب ہے مرغ کا انڈا جوش کرین پوست جدا کرکے جسقدر کہ ہاضمہ کو
ضرر نکرے ہمراہ پودینہ کے کھاوین دیگر کہ خون بند کرتی ہے ہلیل کہ دوائی مشہور ہے پتے
اوسکے لیوین اور ایک جوش دیوین اور پانی جوش کیے ہوئے سے آب دست لیوین اور پتے
جوش کیے ہوئے کے تئین پھر پکاوین جیسا کہ ساگ کو پکاتی ہین ہمراہ خشکہ کے بقدر مناسب
کھاوین خون زیادہ آتا ہوا بند ہو جاوے دیگر خون بواسیر کو بند کرتی ہے پوست پیل پکاین کا
ڈیڑھ تولہ کالی مرچ تین تولہ مصری نو تولہ کوٹ پیسکے دو ماشہ صبح تین ماشہ شام کو کھاوین بادی اور

اگرچہ شکم ملایم مین گوشت بھی کھلاوین دیگر پتی مدار کی بجاے کلونج یعنے ڈھیلے کی لیوین نیم کے
بیج کا روغن اوپر بواسیر کے ملنا نفع رکھتا ہی روغن تخم سودہ بھی ملنا اوپر بواسیر کے نفع رکھتا ہی
دیگر شیر دودھ سیاہ گاو کا ساتھ تلی کے تیل کے جوش کرین شیرہ جلجاوی روغن باقی رہے
روئی آلودہ تر کرکے اوپر بواسیر کے رکھین دیگر رسوت اور اندرجو چھال کڑھوا تیس
برابر لیکر کوٹ پیسکے شہد مین معجون پکا کر رکھین اور تھوڑی معجون مذکور ساتھ دھوون چاول
ساٹھی کے کھلاوین دیگر کالی زیری ساڑھے چار تولہ آدھی بھونی دونون ملا کر تین حصہ کرین
ہر روز ایکحصہ کھلاوین اوپر اوسکے چاول ساٹھی ساتھ دہی کے دیوین دیگر چھال سرس تگر
ملٹھی صندل سرخ آنبہ ہلدی دار ہلد بھنگ تخم بکائن ہر یک ڈیڑھ تولہ لودھ پٹھانی نوماشہ سبکو
کوٹکی دو حصہ کرین ایکحصہ آدھ سیر دودھ گاے کا ڈالکے جوش کرین اور بھپارہ لیوین حصہ دوسرے
گھی گاے مین ملاکے لیدی باندھکے سینک کرین اور باندھدیوین درد ورم دور ہوجاے دیگر
بواسیر کو گرادی ایکہفتہ مین مجرب ہے زخم حیات لاوین اور سایہ مین خشک کرین کوٹ پیسکی ہر ایکو
چھ تولہ ہمراہ گڑ کے کھاکر سورہین اور صبح کو ایک ہتھیلی بھر اس دوا سے ہمراہ پانیکی کھلاوین اور
ترشی اور بادی سے پرہیز کرین ایکہفتہ مین بواسیر دفع ہو زخم حیات ایکدرخت چھوٹا ہی کہ اوپر
زمین کے پھیلا ہوا ہوتا ہی اور نیچے اوسکے تمام زمین جانی معلوم ہوتی ہی اور یہ درخت کھیت
گیہون اور کناری دریا کی بہت ہوتا ہی اور اوسکی دو قسمین ہین ایک وہ کہ پتی چھوٹی اور
بہت باریک ہو اور مطلوب یہی ہی دوسرے وہ کہ پتی اوسکی موٹی ہو اور نسبت اول کے چوڑی ہو
یہ کام کی نہین دیگر کہ درد مقعد کو دور کرے کائی پانی پر کی لاوین اور اوپر مقعد کی باندھین کہ گرے
اور درد دور کرے تجربہ ہے دیگر املی کے بیج آگ مین ڈالکر بقدر ایکماشہ کی پوست اوسکی کہ جلا
جمع کرکے سفوف کرین سات تولہ تین ماشہ دہی مکھن کی ملاکے سات روز تک نہار جائین اور ترشی اور بادی
سے اور جماع سے پرہیز کرین بواسیر بند ہوجائیگی دیگر کہ خون بواسیر کو بند کرتی ہی آزمودہ ہے
پوست املی کے بیج کا کوٹ پیسکے مقدار چنے کی گولی باندھکے تین روز تک یا زیادہ دیوین دیگر

پرہیز رکھین غذا دودھ پیازہ اور نان کرین بعد تین روز کی عرق برگ پان سے لیکر ایک گولی جلکر کے
روئی اوسمین تر کرکے ناسور پر رکھکر لنگوٹ باندھین سات روز تک کرین بیان ایک عامل کا ہے
کہ یہ دوا سات روز مین بواسیر گرا دیتی ہے ضرورت پچاس روز کی نہین ہوتی اور ساگ چولائی
اور روئی خوب روغن مین تر کرکے کھلاتی ہین دیگر کچور ونکور روغن زیت مین جوش کرین قدرے
سہاگہ ملا کی مرہم بناوین کپڑا پشمینہ کا اوسمین تر کرکے بتی کرین دیگر کھال شغال یعنے سیار کی
اپنے پاس رکھے ساگ بتھوے کا یا بیج اوسکے تلی کے تیل مین بھونکے کھلاوین قبض بواسیر کا
دور ہوجائیگا دیگر بچھو چند عدد تلی کے تیل مین شیشہ مین چالیس روز نیچے آفتاب کے رکھین
اور وہ تیل بواسیر پر ملا کرین دیگر ناگبیر اور مصری برابر لیکر دو ماشہ تناول کرین خون
بواسیر کا بند ہوجائیگا اور درد ٹھہر جائیگا دیگر کیلہ کو جلاوین اور دھوان اوسکا مقعد پر
پہونچاوین درد دفع ہو اور خون بند ہو آخر کہ زیادتی درد کو موقوف کرے اور نرم کرے رسن
و بھنگ ہر یک چھ تولہ میدہ گیہون کا تین تولہ میدہ تیل تل مین بھونین اور دوا کو باریک کرکے ملاوین
اور پانی ڈالکے حلوے کی مانند پکاوین مقعد پر باندھین پھر لنگوٹ کھینچین آخر سینگری آدھ پاؤ
لیکر پاؤ بھر کاغذ سفید مین لپیٹین جنگلی اوپلے مین جلا کر رکھین کہ جوش مارکے خشک ہوجاوے لیکر باریک
پیسین پاؤ بھر روغن گاؤ مین ملا دین ساتھ لکڑی نیم کے کسی ظرف مین دہی ملا کی دو تین روز رکھین
تاکہ سرخ ہووے اور خوشبو دیوے روئی اوسمین تر کرکے مقعد پر رکھین لنگوٹ کھینچین ایکدن رات بندھا
رکھین اسطرح ایکہفتہ تک عمل مین لاوین جملہ گوشت بڑھا ہوا گھلکر دفع ہوجاتا ہے اگر پہلے سوئے کے
بیج پانمین پکا کر مقعد پر باندھین دو دن رات بعد اوسکے مرہم مذکور لگاوین جلد فائدہ بخشی
مجرب ہے دیگر چونا چنہ بھر گولی باندھکر کھلاوین ٹھہر بیٹھرہ بڑی مائین بکائین کے بیچ برابر لیکر
گوٹ پیسکے دو تی شکر ملا کر ہتیھلی بھر صبح کو کھلاوین بواسیر خونی بادی کو فائدہ بخشی دیگر چھاچھ
کرہ کہ مشہور ہے اور نہایت تلخ ہوتی ہے گوٹ پیسکے دو ماشہ یا تین ماشہ تنہا یا ساتھ پانی یا
شہد کے تین ہفتہ کھاوین خون بواسیر کا بالکل بند ہوجاے پرہیز ترشی اور بادی سے رکھین

بڑی چونٹی سرخ سرا گرنہ ملین کالی چیونٹی پیسکر سات ایکماشہ مصطگی اور شہد ملاکر کھلاوین
دیگر زبیبی کوٹکے یا تراش کے کھلاوین صاحب نشے والے کو زیادہ دیوین

باب امراض مقعد یعنی جاہی ضرور کے

فصل باہر آئی مقعد یعنی کانچ سپستان روغن مین جلاکر جلاکے کانچ پر لگاوین اندر جاتی رہیگی
دیگر کنول کی پتی ترہود و ماشہ گڑ سیاہ مین ملاکے گولی باندھین اور ہر صبح کو کھلاوین دیگر
سناکوٹ پیسکے ہمراہ دودھ پانی ملاکے اوپر کانچ نکلی ہوئی کے رکھین اور پٹی باندھ دیوین
اگر درد شدت سے ہو بھنگ کوٹ پیسکے اوس دوا مین ملاوین دیگر بھلندر کو دور کری
بلی کی سینہ کی ہڈی پانی سرد مین پیس کے لگاوین اور مریض پیشاب اپنی کو کسی برتن مین کرے
وقت پاینخانے پھرنے کی آب دست اوس سے لیوین تین مرتبہ پھر پانی سے پاک کرے تین روز
مین آرام ہوجائیگی وہ دوا کہ باہر نکلنے کانچ کو دور کری چنے کا پوست جلاکی تھوڑا تھوڑا
کانچ پر چھڑکین باہر نہ آویگی بیج گل مہندی کی کوٹکے چھڑکین اور لنگوٹ باندھین **فصل**
دوا بواسیر مین بواسیر دو طرح پر ہی ایک وہ کہ کناری مقعد کی گوشت بڑھجاوے خون اوس سے
نکلے یا نہین دوسرا وہ کہ مقعد پر معلوم نہو لیکن شکم قراقر کری کبھی کبھی دست خون کے آوین اور اسکو
یونانی ناسور کہتے ہین اور عوام باسور کو یہ کہتی ہین کہ زیادتی گوشت کی مقعد پر ظاہر ہو لیکن خون اوس سے
نہ نکلے کھچڑی چاول دال مونگ دھوئی ہوئی جسقدر کھائی جاوے سات روز بی نمک کھاوی ساتوین
روز مقام پاینخانے کے دانہ مثل خشخاش کے ظاہر ہونگے اوسکو خوب دھوئی ضعف سے نہ ڈرے
پھر کھچڑی سات روز کھاوے بواسیر خونی بفضل الٰہی دور ہوجائیگی دیگر دوائی کہ خون بواسیر کو
دور کری اگرچہ کہنہ ہو سمر سرخ ڈیڑھ تولہ زنگی ہڑ چھ تولہ بعضے تین تولہ اڈانے ہین جداجدا پیسکے پندرہ
تولہ گڑ مین ملاوین بقدر چھٹر سیر کی گولی باندھین ایک صبح کو اور ایک شام کو کھلاوین صبح کو ساتھ
گوبی کے اور شام کو ساتھ پانی کی اسیطرح اکاون روز کھلاوین دو ہفتے تک ترشی و ربادی سے

سات مرتبہ آگ پر گرم کرکے پانی مین سرد کرین اور تھوڑا اس پانی سے اور تھوڑا شہد دوا مین ملی ہوئی مین ملاوین جسطرح گولی بنائی جاتی ہے بقدر جھربیری کی گولی تیار کرین اور ایک گولی کھلاوین

فصل وہ دوائی کہ کینچوے پیٹ کو باہر کرے اجوائن مغز کرنج پلاس پاپڑہ بابرنگ ہر یک ساڑھے تین ماشہ باریک پیس کے ساتھ گڑ کے ملاکے اگر مرد جوان ہو سبکو دو خوراک کرین اور لڑکا ہو چار یا پانچ گولی بنا کر دین پیچھے کھانے کے تھوڑا پلاوین وقت سونے کے ایک گولی کھلاوین ہمراہ بتاشے کے دیگر لڑکے کی مقعد مین چھوٹی کیڑی کہ جسکو چُنے کہتے ہین دو رہون ارنڈ کی درخت کی کونپل نرم نرم ہاتھ سے ملین اور مقعد کے مقام پر باندھ دین کیڑی مر جائینگے دیگر تربد ایکدرم خشتیرک سات ماشے نرم کوٹکے ساتھ پانی گرم اور شہد کے پلاوین سب قسم کے کیڑونکو دور کری دیگر کرم چھوٹی یعنے چنے دفع ہون شیرہ تی بھنگرہ سیاہ کا اور شیرہ تی دھتورہ کا اور شیرہ پان کا سبکو ملاوین اور ہر روز دو مرتبہ اونگلی سے پانچانیکے مقام مین لگاوین باتی ساتھ اوسکے آلودہ کرکے رکھین تین روز مین سب کیڑی باہر نکل آوینگی دیگر سم گھوڑے کا جلاوین خاکستر اوسکی شہد مین ملاکر کھلاوین دیگر نیب کی تی بابرنگ کمیلہ ہر یک سات ماشہ کوٹ پیسکے ایک ہتھیلی بھر کھلاوین سب قسم کے کیڑی مر کر گر جاوینگے اور چاہیے کہ قبل اوسکے کباب کھانیکی خواہش ہو دونون سوراخ ناک کی ہاتھ سے مضبوط بند کرکے کباب کو کھاوین اوسکے بعد دوا کھلاوین **فصل بیان ہیضہ مین** عوام اسکو باسی بھات کہتے ہین کہ رات کا ہوا نیل کا جلاوین خاکستر اوسکی ساتھ پیشاب آدمی کے ملاکر پلاوین اگر بیہوش ہو ہوش مین آوے اور تنہا بھی پیشاب آدمی کا فائدہ کرتا ہے دیگر جوناخنہ برابر ہلدی باریک کرکے چوٹی پر لپیٹ کر کھاوین اور تلی کا تیل جاپھل اوسمین ملاکر تمام بدن مین ملین دیگر گوند ببول کا کھلا ہوا ایکیا شہ جٹہ مدار کی کا بی مرچ ملاکر گولی باندھکر کھلاوین اور شراب اور پیشاب بھی ہیضہ کو فائدہ دیتا ہے دیگر روٹی گیہون کی بہت دن کی رکھی ہوئی صاحب ہیضہ کو کھلاوین چھوٹی الائچی کا چھلکا ایکتولہ پانیمین جوش کرکے صاحب ہیضہ کو پلاوین دیگر واسطے ہیضہ لاعلاج کے مفید ہے

بیج سوکھے کے ملاوین اور بقدر حاجت آب گرم ڈالین اور تھوڑا سا شہد بھی ملاوین اور پلاوین تے
ہوگی فصل دوائین کے قے اور متلی کو دفع کرین مغز ٹیٹھہ پانچمین تین گھڑی تر کرین تو نرم ہوے
تھوڑا تھوڑا چباوین ٹکڑی حلق کے نیچے جاوین قے اور متلی جاتی رہے دیگر کپور کچری چھوٹی
باریک پیسکے مقدار بیر کے پانچمین گولی باندھ کے کھلاوین اگر ایک گولی کفایت نکرے
دوسری گولی دیوین یاد تی کی ایکساعت مین جاتی رہے دیگر موسے پر کو جلاوین
اور خاک اوسکی شہد مین ملاکے دیوین دیگر کونپل نیب کی کچھ تپی بھی اوسمین ہو بھو بھل
گرم مین رکھین کہ گرم ہوے پیس پیس کے پلاوین ہوک دفع ہو جائیگی دیگر ساٹھی کے چاول
پانی مین تر کرین اور پانی اوسکا پلاوین یاد تی کو کہ بعد شراب کے ہوتی ہے موقوف
کرے دیگر گلاب کے پھول بیج بھو بھل کے گرم کرکے پانچمین سرد کرین وہ پانی پلاوین دیگر ٹاٹ کہ
اوس سے شیلتہ اور سوا اسکے بناتی ہین جلاوین اور خاک اوسکی پانچمین ڈالین کہ نیچے پانی کے
بیٹھے کہ پانی صاف اوسکا لیکر پلاوین دیگر دارائی کہ اوسکو طلس کہتے ہین سبز رنگ لیوین اور
جلاوین اور خاک استر اوسکی پانچمین ڈالکر پلاوین دیگر کہ قے موقوف کرے دانہ الائچی چھوٹی ناگیسر
کنول گٹہ موتھ کمیل دھان چندن بیل گلان سبکو برابر کوٹ پیس کے تھوڑا تھوڑا شہد اور شکر
ملاکر کھلاوین اگر کسی خلط سے قے ہو بند ہو جاوے دیگر تخم اور قے کو دور کرے ناریل کے چھلکے کا
ریشہ چھری سے جدا کرکے مقدار تھوڑا سا لیکر تین چار سنگریزہ کہ نہر مین پیدا ہوتی ہین اور
اوس سے کچھ نا بناتے ہین پانی جوش کرین جبکہ آدھا رہے اوتارین پانی کو سرد کرین پلاوین
جسکے سے دیگر کا سبب حرارت کے ہو دور ہو جاوے سماق دھنیا خشک زیرہ گلاب کے پھول کا
بنسلوچن سب برابر کوٹ پیسکے پانچمین دیوین قے بند کرے دیگر کہ قے صفراوی دور ہو جاوے
بارتنگ چار ماشہ پانچمین ملاکر پلاوین دیگر انار دانہ ترش مویزہ دانہ ساڑھے سترہ ماشہ
زیرہ کرمانی ساڑھے تین ماشہ تینوکو کوٹکی دس ماشہ کھلاوین قے بند ہو جاوے دیگر غثیان لازم کو
دور کرے مغز جھربیری تپی تلسی مصری ہر ایک ایکدرم مچ سوا تولہ کوٹین اور باریک کرین اوسکو پلاوین

ڈالکے کھرل کرین مغز دور کرکے پارہ نکال لیوین اور اگر پارہ کپڑے سفت مین دو تین مرتبہ
نچوڑ لیوین قائم مقام سود ھنے کی ہی کہ سیاہی اسکی دور ہوجاتی ہی بہتر یہ ہی کہ اول پارہ کو
کپڑے مین چھپاکے مغز بھیگوار مین کھرل کرین اور گندھک کو بند کرکے چمچے مین رکھکر گھی تھوڑا
ملاکے آگ پر رکھین کہ گندھک مثل پانی کے ہوجاوے اوسوقت گلے کی دودھ مین ڈالین پھر
گندھک اور پارہ کجلی کرکے داخل دوا کرین اور غذا اس دوا پر دہی ساتھ چاول کے کھاوین
دوائی کہ بلغم بستہ کو نکالے اور امراض پیچ بدن کے جو کہ ہون اور درد پیر کا کہ جو عرصی سے ہو
دور کرے ٹہر ٹبری ہلدی نمک لاہوری تینو نکو کوٹ پیسکے اندرائن کے پھل کے شیرہ مین
تین روز کھرل کرکے بقدر جثہ ہر یکے گولی باندھین خوراک موافق مزاج کی ایک گولی سی سات
گولی تک طریقہ کھانے کا اوسکے یہ ہی کہ پہلے دوا کھاوے بعد دو تین گھڑیکے کھچڑی ساتھ
گھی بہت کے استعمال کرے کہ گھی مصلح اوسکا ہی **فصل دواؤں لانی والی کی بیان مین**
کڑوی تمبی کے بیج اکیس دانے اکیس مرچ دونو نکو پانی مین پیسکے نیم گرم پلاوین بعد اوسکی خیلقہ
غذا کے کھلاوین اور یہ قاعدہ مقرر ہی کہ قی نہار منہ کرنا چاہیے اور خاصیت اس دوا کی
وہ ہی کہ قے ساتھ فراغت کے لاتی ہی اور سینہ کو بلغم لزج سے پاک کرتی ہی اور کھانسی اور
ضیق اور درد زانو اور پیر کو نفع تمام دیتی ہی اور فائدہ قی کا بیچ کتاب طب کے لکھا ہی موافق
اوسکے دینا چاہیے اور جسکو کہ قے نہین چاہیے اوسکو احتیاط رکھنا چاہیے **دیگر نسخہ** تھوتھا
دو تولہ سہاگہ ایکتولہ دونون نرم پیسکے موٹی کے پتی کے عرق مین چنے برابر گولی باندھین اور
ایک گولی یا زیادہ عرق لیمون مین ڈین تی آسانی آویگی ضیق کو مفید ہوگا بلغم حنجرہ کا اور
فم معدہ کا نکلے گا **دیگر** مین پھل کے بیج پانی مین پیس کے کھلاوین قے جلد آویگی مرد جوان کا کیواسطے
وہ ماشہ سے چھ ماشہ تک اور لڑکے کو موافق سن کے ایک پتھیلی بھر **دیگر** کہ قے فراغت سے
آوے اور بے تکلف سوئے کے بیج چھ تولہ آدھ سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھا رہے
ایکدام جوزالقی یعنے مین پھل ساتھ تھوڑے پانی کے پیسین اور شہد ملا کی ہمراہ مطبوخ

کھلاوین دست خوب آوینگے لیکن بعضی شخصونکو متلی وکرب لاتا ہی اگر اسکو اصلاح دیکے
کھلاوین متلی اور کرب نہین لاتا ہی اور اصلاح اسکی یہ ہی کہ کالے دانی کو بھونین اور تیل
بادام مین یا سوا اسکے چرب کرین اور بعضے چھلکہ اوپر کا نکال ڈالتی ہین بعد اسکے بھونتی ہین
وچرب کرتی ہین وصاحب یونان کہتے ہین کہ اسکو ساتھ ہڑ کی یا مثل اوسکے ملاکی دیوین کہ
وہ دوا مین عمل کرتا ہی وہ چیز جو جلد عمل کری ملا کر دینا چاہیے اگر چاہین کہ رنگ دوا کا بدل
جاوے تھوڑی گلاب کی پھول ملاوین ویگر حب نیل یعنے کالا دانہ کو مین گلقند آفتابی باریک
پیسکے اسمین ملاوین تا معجون ہوجاوے گولی بنا کر ساتھ پانی گرم یا گلاب کے کھلاوین
خوب فائدہ کرتا ہے اور متلی نہین ہوتی اگر چاہین کوئی جوشاندہ بھی اسکے شریک کر دیوین
دیگر جو اوپر ناف کے ضماد کرین دست لاوی بیٹ کبوتر کی شہد مین ملا کی ناف پر ضماد
کرین جبکہ چاہین کہ بند ہوجاوے دوا اوٹھالین قہوہ مسہل سنا بغیر کوئی ہوئی
نو ماشہ خواہ تیرہ ماشہ دو شیشہ عرق گلاب مین مثل قہوہ کے جوش دیکر پلاوین مسہل تمام
خلطون کا ہی ساتھ سہولت کی دست لاتا ہے اور ساڑھے چار ماشہ لڑکون بھی دیسکتے
ہین اگر گلاب موجود نہو گلاب کے پھول سنا کے ساتھ جوش کرکے دیوین کہ یہ مصلح اسکا ہی
دیگر قبض وسدہ کہ پیٹ لڑکے مین پڑجاوی سونف وبیگی چوہے کی برابر لیکر پانچمین مسکہ
نیمگرم نیچے ناف کے ضماد کرین اوپر اوسکے پتے مولی کے یا پان بنگلہ رکھکے کپڑا دیسے باندھ
دیوین ڈیڑھ پہر بند رہنے دیوین جو سدہ کہ پیٹ مین ہوگا نکل جاویگا ترکیب ہندی
ہر بار کہ اوپر اوسکے پانی پیوین دست آوین شنگرف سوہاگہ سونٹھ پیپل ہر ایک پونی دو ماشے
چوگنہ جمالگوٹہ سودھا ہوا ہر ایک سات ماشہ سبکو ملا کی گائے کے دودھ مین پیسین بقدر
گھنگچی کے گولی باندھین وخشک کرین اور ایک گولی کھلاوین طریقہ سودھنا شنگرف
یا اور دوا کا کہ بدون اسکے کھلانا درست نہین شنگرف کو شیرۂ لیمون یا شیرۂ گاو مین ایک پہر تک
پیسین اور خشک کرین پھر داخل دوا کرین سودھنا پارہ کا یہ ہی کہ پارہ کو مغز کھیرا مین

اس سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیے بدرجہ ضرورت دینا چاہیے واسطے سخت مزاجونکے
ترپھلہ ترکٹہ ہرتال گندھک پارہ سہاگہ زہر بچھناک سب برابر لیکر برابر اوسکے مغز جمالگوٹہ ملاکر
پیسین بقدر مرچ سیاہ گولی باندھین ایک گولی دیوین اوپر اسکے پانی سرد پلاوین چند مرتبہ جب کہ
بند کرنا دستونکا منظور ہو گلتھی کو پکا کر مثل خشکہ کی کھلاوین پارہ یا جمالگوٹہ تیل اوسکا لین وقت
حاجت دو تین قطرہ مصری کی شربت مین ملاکے دیوین تین چار دست بفراغت بلا اذیت
آوینگے دیگر جمالگوٹہ ڈیڑھ تولہ آملہ چھ تولہ ہر دو عرق لیمون مین کھرل کرین کہ غرق کتیس
لیمون کا خرچ ہووے پھر چنے برابر گولی باندھین ایک گولی صبح کو کھلاوین اور سبزی جمالگوٹہ کی
پہلے دور کرلی ہو دیگر تخم سرس پہلے روز ایک عدد کھادی اور ہر روز ایک زیادہ کرتا رہے
کہ سو دانی تک پہونچے پھر ایک کم کرتا جاوے کہ چالیس دانے رہجاوین اسیقدر کھایا کرے
قبض اور خشکی کہ مزاج مین ہوگی چالیس روز کے کھانے مین دفع ہوجاویگی دیگر شافہ یعنے
پاخانہ کی مقام پر دواہتی مین لگاکر اندر رکھنا بلغم نکلے گا دماغ کو فائدہ ہوگا سونیز مثقی تین تولہ
کشمش عنفری بادام ہر ایک ڈیڑھ تولہ یوماد ران سوکلف یکجا شہ طوطیا چار رتی چاہیل چھ رتی
سب دوا کوٹ کے ایک کرین آخر کو طوطیا مس کے ملاوین وشیاف تیار کرین واگر
نو ماشہ مغز تخم ارنڈ بھی ملاوین قوی ہوئے دیگر کہ بہت جلد عمل کرے گڑ سیاہ تانبے کے
برتن مین رکھکر آگ پر پگھلاوین پھر نمک پیس کے اوسمین ڈالین اور کسی چیز سے پھیرین پھر تھوڑا
نمک اور ڈالین کہ گرد جم جاوے پس سرد کرین شیاف کرین دیگر پارہ کو ساتھ عرق تتی
ساگون کے پیسین اور ناف پر ملین دست لاتی ہی دیگر مسہل قبض کہ باسانی طبع کو نرم کرے
وبہندی سوکھہ چھار کہتے ہین سنار مکی ڈیڑھ تولہ انیسون مغز بادام گڑ سیاہ ہر ایک
تین تولہ کوٹ پیس کے ملاکے تین خوراک کرین وقت سونے کے کھلاوین مسہل زہر کی کہ
دو اشہور ہی اور عوام چھار مرچا کہتے ہین وتبازی کا لادانہ کہتے ہین کوٹ پیس کے بوزن
پونی دو ماشہ یا کم وزیادہ موافق طبیعت کے برابر اوسکے شکر سفید ملاکے ساتھ پانی گرم کے

ببول سوا ماشہ کوٹ پیسکے برابر مرچ سیاہ گولی باندھکر کھلاوین ایک سکے اوپر سکے گولی ورنہ دیگر
تین چار گولی کھلاوین اگر افیون کھاتا ہو دس گولی تک دیوین دیگر واسطے دستونکی بیاض محمد یوسف
سے سونٹھ سونف پوست خشخاش موچرس مال سفید مغز بیلگری ہر ایک ڈیڑھ تولہ معصری چھ تولہ
سبکو آدھا بھونا آدھا کچا کوٹکے چھ ماشہ ہمراہ پانی سرد کے کھلاوین اور غذا دال مونگ اور
خشکہ دیوین دیگر پیچش کو فائدہ کری ببول کا گوند کتیرا تین تولہ اسپغول تین تولہ شکر ڈیڑھ تولہ
سب پیسکے سات ماشہ صبح کو کھلاوین **فصل بیان مغص مین** درد آنت کے خواہ ساتھ قبض کے ہو
خواہ بدون قبض اور پیٹ کی درد کو کہ ہند مین سول کہتے ہین درد آنت کا کہ ساتھ قبض کے ہوتا ہے
اسکو عربی مین قولنج کہتے ہین دوائی کہ سول پیٹ کو دور کری تیتی درخت پیپل ڈھائی لیکر
صاف کرکے پیسین ساتھ گڑ کے کھلاوین سونٹھ چھال درخت جڑ ارنڈ ہر ایک ڈیڑھ تولہ نمک سوکھل
بھنگ ہر ایک یکماشہ جڑاور سونٹھ کو تین پاؤ بھر پانی مین جوش کرین جبکہ آدھ پاؤ رہی چلکے نمک وغیرہ
چھوڑ کے کھلاوین دیگر تیل چنبیلی کو گرم کرکے روئی بھگو کے پیٹ پر رکھین درد جاتا رہیگا دیگر
شیرہ تیتی ارنڈ کا برابر اوسکے تلی کا تیل ملا کر گرم کرکے پیٹ پر ملین درد فوراً جاتا رہیگا باذن اللہ
اگر درد بسبب ورم کے ہو یہ دوا نہ لگاوین دیگر لکڑی ارنڈ جلا کے خاک اسکی ہتھیلی پر رکھلاوین
باد شکم وسول جاتا رہیگا تخم کرفس انیسون سونف اجوائن وزن برابر لیکر کوٹکے چار ماشہ کھاوین
درد آنتونکا دور ہو جاوے اگر سبب درد کا سردی ہو یا ریح یا بائی ہو سب جاتا رہیگا دیگر واسطے
دور ہونے قولنج کی عجیب ہے خصوصاً جو قولنج کہ عرصے سی ہو اجوائن دیرہ سیاہ انیسون سونف ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ سبکو کوٹکے صبح کو کھلاوین اوپر اوسکے آدھ سیر اونٹنی کا دودھ کہ اوسیوقت
دوہ کر جوش کیا ہو پلاوین چند روز پرہیز کامل رکھین اور بدن کو اخلاط خام سے پاک کرکے کھاوے
ساتھ مدد خدا کے بزرگ تخم متھی تخم سوہیہ ہر ایک دو تولہ یا کم وزیادہ موافق مزاج کے لیکر جوش دوبین
صاف کرکے روغن دو یا تین تولہ گرم کرکے ملا کے پلاوین **فصل دوائون مسہلہ کی بیان مین** یعنے جلاب دینے کی
اہل یہ ہے کہ جو قانون در باب جلاب طبیبونے لکھی ہین اوسپر لحاظ رکھنا چاہیے دوائین سنجد جو ہم یہان لکھتے ہین

دیگر دہ گولی کہ بہت قابض ہے موتیرمنقے سات دانہ گٹھلی انبہ کی پرانی بکعدد افیون چار رتی جملہ
نرم کوٹکے باہم ملا کر سات گولی باندھکے ہر روز ایک گولی کھلاوین دیگر بہت دنونکی دست دور
ہوجاوین اور معدہ کو قوت ہو پیپل ایکتولہ مصری ایکتولہ باریک کرکے سات روز تک کھاوین سقوف
کہ واسطے دست و پیچش و زحیر وغیرہ و ضعف معدہ کو نافع ہی بھنگ سبز ساتھ روغن بنفشہ یا بادام کے
چرب کرکے تھوڑا عرق دوب ہری کا اور تھوڑا شیرہ اجواین کا باہم ملا کی بھنگ مین ملاوین اور ہاتھ سے
ملین اوپر برتن مٹی کے کہ جسمین پانی نہ لگا ہو آہستہ بھونین پھر اوتار کی سرد کرین پھر ساتھ شیرہ مذکور کے
بھنگ کو بھونین اسیطرح سات مرتبہ بھونین پھر پیس کے بھنگ بھونی ہوئی ڈیڑھ تولہ لیکر مصطگی رومی
ساڑھے چار ماشہ سونٹھ کہ آدھی بھونی اور آدھی کچی ہو ساڑھی چار ماشہ کوٹکی سبکو ایک مین ملاوین
ساڑھے تین ماشہ وقت حاجت ہمراہ باسی پانیکی کھلاوین دیگر بھنگ خالص طور سی کہ لکھا گیا مصطگی
سوا تولہ انار دانہ پوستہ نیمبریان ہر ایک دو ماشہ زنجبیل بھونی ہوئی ہیل و دھنیا بھونی موئی ہر ایک
چار ماشہ صمغ عربی یکماشہ سب کوٹ پیسکے چار ماشہ سوانف کو ہمراہ پانیکی صبح کو کھلاوین دیگر واسطے
دستون خونی و بلغمی کے مجرب ہے سوہاگہ بریان دو ماشہ شنگرف چار ماشہ افیون مصری ایکماشہ سب
دواؤنکو خوب پیسکے ملا کی آدھی کو ساتھ شہد کے آدھی دوا کو ساتھ عرق لیمون کے بقدر ماش کے گولی باندھین
اگر مریض کو وقت رات کی دست بہت آوین گولی شہد والی کھلاوین اگر دنمین دست بہت آوین
گولی لیمون والی ساتھ پانی سرد کے کھلاوین دیگر مائین رال گل دھاوہ ہر ایک ایکتولہ باریک کرکی ساڑھی
چار ماشہ ساتھ پانی سرد پانیکی کھلاوین قبض ہوجاویگا **دوائی غذائی** یعنے دوا کہ پیٹ کو بند کرے
انار کچا چھ عدد پانچمین پیسین اور کڑھی بناوین چاول کے ساتھ کھلاوین دیگر گوند ببول دس ماشہ خشخاش سفید
گیہونکی آٹی مین ملا کر پکاوین ساتھ گھی گائی کی چرب کرکی کھلاوین پانچمین پکا کی چاول ڈالکی کھلاوین
دست بند ہوجاوینگے دیگر مجرب ہے بڑے حکیم کا معمول کوٹکی ساتھ تین لقمہ چاول ساٹھی کی اور گائی کا دہی
ملا کر کھلاوین پہلے تھوڑا پانی پوست کا پی لوین پیچھے سی یہ دوا کھاوین عجائب دواہی وہ گولی کہ
واسطے دست کبد و غیرہ کبد کے مجربات بوعلی سینا سی ہی نازو دو مائین ہر ایک نو ماشے افیون ساڑھی چار ماشہ گوند

دفع کری اور مجرب ہے آملہ سونف ہر ایک ڈیڑھ تولہ پانچمین پیسکے چھانین مقدار دانہ جوار کے افیون جلکر کے
کھلاوین اگر مریض لڑکا ہو وزن کمتر اور افیون کھانی والیکو افیون زیادہ دیوین دیگر سنگرہنی کو
مفید ہی کاسنی اسپغول رال مغز پنبہ مغز تخم انبہ مغز تخم جامن نمک سونجل ناگرموتھ پوست سونٹھ
سب دس دواہین سوائے اسپغول کے سب کوٹین بچاوین ایک ہتھیلی بھر ہر صبح کو کھاوین دیگر سنگرہنی
اور موررچھی پیچش کسی قسم کی ہو دفع ہو جاوے دیکھا مالی کہ دو مشہور ہے کوٹکی ایک لیمون دو ٹکڑی کرکے تخم دور
کرکی خوب بھرین لیمون کو آگ پر رکھین کہ گرم ہو وے ہر بیمار کو دونون ٹکڑی چوسا وین دیگر پیچش و دست
بند ہو جاوین مردار سنگ سوا دو تولہ کا فور چار رتی ساتھ تیل چنبیلی کے گولی باندھین ایک گولی کھلاوین
اگر زیادہ کھلاوین درد قولنج پیدا کرلاوے وصورت ہلاکت ہوگی دیگر سنگرہنی اور بیسار و خون و بلغم کو
دفع کری پیچش ہر قسم کی کہ ہو دور ہو جاوے شنگرف افیون لونگ جائپھل داڑھی درخت پیپل کی مغز
تخم انبہ مغز تخم جامن گل ملتانی پردارش موچرس گل دھاوہ جاوتری سونٹھ ستوہ کوتہ بری کہ
ہندی دوا ہے زیرہ سفید مصری سبکو برابر کوٹ پیس کے عرق پان مین کھرل کرین کہ ایک مین ہو جاوے مقدار
چنے کی گولی باندھین موافق حاجت ایک گولی یا زیادہ ساتھ پانی چاول کے کھلاوین بعضے لڑکو نکو دو گولی
دیگئی ہین لیکن پہلے کم کم دیوین مرجان ستوہ ماشہ عنبر اشہب مشک ہر ایک دو ماشہ رال سنگرحاجت
الائچی چھوٹی ہر ایک چار ماشہ گلاب تین تولہ گلاب مین سب دوا کھرل کرین کہ خشک ہو جاوے ایک ایک ماشہ کا
قرص باندھین صبح و شام ایک قرص ساتھ گلاب کے دیوین دیگر دست خون کی و بلغم و پیچش ہو دور
ہو جاوے زیرہ سفید کوٹ پیس کے ساتھ شکر سفید کے کھلاوین دیگر زیرہ سفید جلاب کے ساتھ
دہی کے کھلاوین دیگر پیچش و سنگرہنی گٹھیہ کو دور کری ادرخ جوکڑ وا موچرس گل دھاوہ سونٹھ ہر ایک
انجیصہ بھنگ تہائی حصہ سب دوا کوٹ پیسکے ڈھائی ماشہ صبح کو ہمراہ پانچکی دیوین سات روز تک غذا
دال ارہر خشکہ دیوین اور کچھ ندیوین بھنگ کو بھون لینا چاہیے دیگر کام رس چوراو واسطے دور
سنگرہنی کی ابر کاری ہوئی ستوہ ماشہ گندھک ساڑھے تین ماشہ سونا گیرو دو ماشہ فلفل دراز مرچ سیاہ
سونٹھ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ پیسکے ہر روز صبح کو شہد ملا کے کھاوین سنگرہنی کھانسی دفع ہو جاوے

بیج لیمون کے پکا کی جاوتری دو تولہ برابر لیکر باریک پیسین تین ماشہ بڑی آدمی کو دیوین پہلے دو ماشہ سے
شروع کرین وطریقہ پکانی سنگ بصری کا لیمون مین یہ ہی کہ لیمون کے دو ٹکڑی کرین اور آگ پر رکھین اور
سنگ بصری کو لیمون مین ڈالین کہ سب جذب ہوجاوے دیگر سنگ بصری کو دو تولہ پتی انار مین آگ دیوین
کہ سرخ ہوجاوے و گلاب مین سرد کرین اسیطرح اکیس مرتبہ پانیمین بجھاوین اور پتی مین رکھین پس دو رتی ساتھ
دو ماشہ بازنگ کے کھلاوین غذا کدو بدون گھی و خشکہ کے سنگرہنی کو مجرب ہے دیگر سنگ بصری تین تولہ
دہی چکہ سیر بھر بصری کو آگ مین گرم کرکے اکیس بار دہی مین سرد کرے پھر پیسکے دس ماشہ جاوتری
اوسمین ملاوین اور باریک کرکے رکھین اور ایکماشہ مریض کو دیوین کہ پانی سی اوتار جاوے دیگر سنگرہنی کو
دفع کرنی جائیپھل ایک چھوارا دافیون یکماشہ سب سے سات گولی باندھین نہار کھلاوین دیگر سنگرہنی
دفع کرنی بگر بکاو دو دھ آدھ پاؤ پیالہ مین ڈالکر آدھا لیمون کا غذی اوسمین نچوڑین دیگر بچیش اطفال
شیر خوار دسولے اوسکے دفع ہوجاوے پوستہ یک یک بیج گھی مسکہ کے بھونین کہ سرخ ہووے پھر
کوٹ کے تھوڑا اوس سے کھلاوین دیگر اتیس پانی مین بیسین چھوڑی کو ایکماشہ بڑیکو چھ ماشہ کھلاوین
دستونکو موقوف کرنی مثل صندل کے گھسکر کھلاوین دیگر آملہ دہی کے پانی مین گھسین گردناف کے
مانند دائرہ کی طلا کرین کہ کناری اوسکے بلند ہون پھر عرق ادرک درمیان مین بھرین ایکساعت
ٹھہرجاوین مثل پانیکی جو دست آتے ہون فورًا بند ہوجاوین اوس دوا کو بادشاہ جملہ دوائی کا
کہتے ہین چھال بیخ نغر کساتھ سرکہ کی ملاکی اوپر پیٹ کی طلا کرین دیگر بگر بکی دو دھ مین مغز پیپل کچا
ڈالکے جوش کری پھر اسمین اندرجو گل دھاوڑہ وسیندھی برابر لیکر ساتھ دھوئی چاول کے پانیمین پیسکر ڈال
دیوین یعنی اوس جوشاندہ مین تھوڑا شہد بھی شریک کرکے دیوین ایسا خونی قوی فی الحال دفع ہوجاوے
دیگر چھال درخت اکورہ ساتھ دھوئی ہوئی پانی چاول کے پیسکے شہد ملاکر کھلاوین شکم کہ مثل دریا کی
جاری ہو بند ہوجاوے دیگر رسوت اتیس انار جوگل دھائی کی وسیندھی سب برابر ساتھ دھوئے ہوئے پانی
چاول کے پیسکے ساتھ شہد کے کھلاوین دیگر کلی انار کی و پتی نرم ببول برابر لیکر سونف تھوڑی بھونکے سب
دوا کی برابر پوستہ ملاکر کوٹین اور دیوین بیحش لڑکونکی دفع ہوجاوے دیگر کہ بیحش قوی ساتھ حکم اللہ کے

دیگر پیچش اور دست اور یلغم کو فی الحال فائدہ کرے تخم انبلی کا پوست دور کرکے لیوین پس پانچ عدد
تخم چھلے ہوے پیسکر اندر لیمو نکی کہ سر لیمون کا تراش کر اندر تخم لیمو نکی دور کرکے سفوف تخم انبلی کا بھر دین
جیسا کہ مشہور ہے بعدہ اسکو آگ پر رکھین تا جوش آوے اور اسطرح کتنے ہین عرق اوسکے کو پیو سین
دیگر دستونکو کہ کسی دوا سے فائدہ نہو موقوف کرتا ہے ہلیلہ اجوائن بیرہ ہر ایک سوا دو تولہ علیحدہ
علیحدہ بریان کرکے بعدہ سبکو ملا کر کوٹین اور ڈیڑھ تولہ اوس سے ہمراہ دہی کہ پانی اوسکا کپڑے سے
چھانکر نکال لیا ہو ملاوین اور قدرے نمک سنگ شامل کرکے کھاوین بعدہ تین لقمہ خشکہ اور دہی کے
کھاوین اور گرم پانی ٹھنڈا کرکے پیوین دیگر دستون خونی وغیرہ کو دور کرے انار کچا بیج نکالا ہو زیرہ سفید
کوٹ کر لین اور اوس انار کو خمیر مین لپیٹ کر پکاوین بعدہ خمیر دور کرکے کوٹین اور چار پانچ عدد پتی
جامن کی داخل کرین اور سبکو کوٹکے مقدار بیر کی گولی باندھین پیچش اور دستونکو دور کرے گا بھاموی کا
کوٹ کی چھ تولہ دودھ اوسکا لیوین ایک برتن مین رکھکے آگ پر چڑھاوین اور تین ماشہ سونٹھ باریک
پیسکے اوس دودھ مین ملاوین جبکہ دو تین جوش آوین اتارلین نیمگرم پلاوین ترشی اور بادی سے
پرہیز کرین دیگر دست خون کے اور پیچش دور کرے سونف سونٹھ کو کنار تینو نکو برابر لیکر آدھا بھون
پھر پیسکے رکھین ساڑھے تین ماشہ روز صبح کو گڑ اور گھی مین ملا کر کھاوین دیگر گٹھلی چھوارے کی گھسکر
ڈیڑھ تولہ ہمراہ تھوڑے دہی کے کھلاوین خون جو جلد جلد آتا ہو فوراً موقوف ہو جاوے دیگر
پنواج ختائی یعنے کالا کورہ کوٹکے نو بیس کے لڑکے کو انکیا شہد دہی مین ملا کر کھلاوین - دیگر
ملتانی مٹی لعاب بہدانہ کے ساتھ کھلاوین پیچش دور ہوتی ہے دیگر کوڑی جلا کر ڈیڑھ تولہ لیوین تین تولہ
شہد مین ملا کر کھلاوین اگر نمک لاموری تھوڑا ملاوین بہتر ہو ست و سنگر ہنسی اگرچہ ساتھ زیادتی کرے ہو
مفید ہے اوپر اوسکے چاول ساتھ دہی گاے کی نوش کرین دیگر طریقہ جلانی کوڑی و سنکھ کا یہ ہے کہ بیچ مٹی کے برتن کے
رکھکے منہ اوسکا گل حکمت کرکے تنور گرم مین رکھ دیوین بعد سرد ہونیکے باہر لاوین اگر جلکر سفید ہو جاوے
بہتر ورنہ دوبارہ جلاوین دیگر دست ہاے خونی کو مفید ہے جائفل یکعدد تراش کے سفیدی بیضہ مرغ مین
ملا کر کھلاوین غذا دہی و خشکہ و لڑکے کو تھوڑا سا دیوین دیگر سنگر ہنسی کو مفید ہے سنگ بصری

بوزن لغ ماشہ کھلاوین دیگر گٹھلی جامن کی ساڑھے چار تولہ کوٹ پیسکے برابر اوسکا شکر ملا کی صبح شام
ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کھلاوین تین روز مین دست بند ہوجاوینگی پیچش اور خون اور بلغم تینون کیسونسی
دور ہوجاوے دیگر دستون اور بادی بواسیر کو دور کری ہینگ سہاگہ سونٹھ نمک سیندھا برابر لیکر
کوٹکی عرق چہال درخت سجنہ مین ملا کی مقدار بیر کر گولی باندھکر صبح ایک شام ایک ہمراہ پانی سرد کی
کھلاوین دیگر دستون خونی اور صفرا اور بلغم کو بند کری آنیس لودھ ناگیسر بلوچ مونتھا پوست
انار کا گٹھلی آنبہ کی ہر ایک آٹھ ماشہ موچرس گل دھاوہ مغز بیل ہر ایک سولہ ماشہ کوٹ پیسکے سفوف
کرین نو ماشہ یا کم زیادہ کھلاوین دیگر سونف دھنیا مصری کوٹ پیسکے بقدر کفدست یعنی ہتھیلی بھر
کھلاوین خون اور بلغم دور ہووے اور تپ کو بھی مفید ہے دیگر کہ دستونکو فوراً موقوف کری جسطرح ہو یعنی
فقط خون آتا ہو یا بلغم آتا ہو یا پاخانہ فقط تمام اقسام کو مجرب ہے سہاگہ قسم اول بیان کری کیا ش
شنگرف دو ماشہ افیون خالص چار ماشہ ہر تینونکو پیسکے بقدر مرچ سیاہ کے گولی باندھین ایک گولی
دیوین جوان آدمی کو کہین دست اگر راتکو زیادہ آوین شہد مین گولی باندھین اگر دنکو دستونکی
زیادتی ہو عرق لیمون مین گولی باندھین دیگر کہ پیچش اور خون اور بلغم اور درد اور پھولنا پیٹ کا کہ
ساتھ گرمی کی ہو مفید ہے زنگی ہڑ گھی مین تر کر کے لوہے کی برتن مین بھونکی ایکتولہ سونٹھ گرم پانو مین چھپا کر
پانچ ماشہ سونف پیچ پھٹکری کی بھونکی پانچ ماشہ دھنیا بریان کری تین ماشہ مڑ ڈر پھلی مصری دو تولہ
سبکو پیس کے ہمراہ مصری کی ملا کی موافق ہتھیلی کے چھ ماشہ سی ایکتولہ تک ساتھ لعاب بیشہ خطمی یا سیاتھ
عرق پتی پار تنگ کے دیوین یا سوا اسکی جو چیز مناسب حال مریض کے ہو دیوین دیگر ہنکوت ساتھ پانیکی پیسکے
دیوین دست خون کے موقوف ہون دیگر پیچش اور دست اور درد شکم کو فائدہ دیوے مرچ و پوست انار برابر
لیکر ہر ایک کو بھونین اور بعد ازاں اوس سے ساتھ پانیکے دیوین دیگر کہ واسطے پیچش اور خون اور بلغم کے
مجرب ہے اسپغول تخم آنبہ دال سفید شکر ہر چار کو برابر پیسکے ساتھ پانیکی ہتھیلی بھر نہار منہ کھاوین اگر پیچش
جلد جلد ہو وقت شام کی بھی استعمال کھاوین اور احتیاط کرین کہ اسپغول کو اسطرح بدون کوٹی نا بہت
ملاوین اگر فائدہ نکری کوٹکی دیوے اہل تجربہ دیتے ہین اگرچہ طبیبونے منع کیا ہے کہ اسپغول کو ٹکی نکھاوین دیگر

پیچش اور خون اور دستونکو دفع کرے اس گولی کو جب لرتان بھی کہتے ہین سونٹھ سونف
ہر ایک برابر بہم نیمرشتہ کرکے ہمراہ پانی کے موافق حاجت کے کھاوین دیگر کتیرا بقدر ضرورت لیکر تھوڑے
پانیمین تر کرین صبح اور رات کو تھوڑی شکر ملاکر کھاوین دیگر سونٹھ سونف مغز بیل ہر ایک نو ماشے
مصری سفید دس ماشہ سبکو کوٹ پیس کے پہلے روز سات ماشہ کھلاوین دوسرے روز دس ماشے
تیسرے روز ڈیڑھ تولہ کھاوین دیگر تخم ریحان مٹی کے برتن مین ڈالکے اوپر سے دو تین قطرے تل کا تیل
ڈالکے آگ پر رکھین جبکہ سرخ ہووے پانی ملاکر نوش کرین پیچش اور دستونکو بہت مفید ہے دیگر ہڑ بڑی
سونف سونٹھ برابر لیکر آدھا بھونکر کوٹ پیسکے بقدر ضرورت کھلاوین مادہ شکم کو تحلیل کرے اگر
بجائے ہڑ بڑی کے زنگی ہڑ ڈالین تو زیادہ فائدہ ہوگا دیگر پیچش کہ لڑکونکو ہوتی ہے اوسکو مفید ہے
گل دھاوہ کو دھنیا مغز بیل سبکو برابر لیکر جوش کرکے کپڑے مین چھانین اسکیا شہ یا زیادہ موافق مزاج کے
شہد مین ملاکر کھلاوین اگر چاہین جو بش دیگر دوا کو پلاوین اسصورت مین دوا کو جوکوب کرلیوین دیگر
واسطے دفع کرنے ہرے پاخانہ بچھو کے پتی نیم کی ہلدی برابر لیکر گولی باندھکے پاخانے کے مقام مین
رکھین دیگر کہ اسکو دھانا پاچک اور دھنیا پاچک بھی کہتے ہین دست بچے اور پیچش کو مفید ہے موٹھ
دھنیا مغز بیل خس سونٹھ ہر ایک تین تولہ لیکر جوکوب کرین پانچ حصہ کرکے ہر روز ایکحصہ تین پاؤ
پانی مین جوش دیوین جبکہ آدھا پاؤ رہے دیوین اگر پانی خشک ہوجاوے اور پانی ڈالین اسکو جوش کرکے
اسیطرح پانچ روز دو وقتہ دیوین اگر خون ٹھہر جاوے تو سونٹھ موقوف کرین اور ہوا سیر خونی مین
بجای سونٹھ گڑ ملاوین دیگر دودھی سبز پیسکر ایک پیالہ پلاوین دست موقوف ہون اگر خون کے
دست آتے ہون تو مغز بیل اور موچرس بھی ملاوین دیگر چھال درخت آنبہ کی باریک کرکے دہی کے
ہمراہ ملاکر زیر ناف طلا کرین دست بند ہوجاوینگے دیگر کچا انار مٹی مین لپیٹ کر گرم راکھ مین رکھکے
پکجاوے پھر مٹی دور کرکے پانی اوسکا نچوڑ کر نوش کرین دست بند ہون دیگر لیموںکو دو ٹکڑے کرکے
تخم اوسکے نکالین اور قدری سہاگہ بھونا ہوا بھرین اور دبا دین دونون پھاکونکو باہم ملاکے
آگ پر رکھین کہ پکجاوے پس اوتار کر نوش کرین دیگر زنگی ہڑ کو گھی مین بھونکر کوٹ پیسکے شکر ملاکے

بہت ہون تو انکیساتھ اور بھی شام کو کھاوین دیگر افیون خالص و چونا برابر لیوین برابر موٹھ کے
گولی باندھین یا بقدر مسور کے موافق حال کے صبح کو ایک شام کو ایک کھاوین کہ دستونکو اور بیچش
خونی اور بلغمی کو جلد بند کری مجرب ہے دیگر رال ڈیڑھ تولہ شکر سفید ڈیڑھ تولہ کو کنار بھونا ہوا ایکعدد
کوٹ پیسکے ہتھیلی پر کھاوین دیگر رال سپل گل سپیاری چھوارہ سونف ہر ایک نو ماشہ کوٹ پیسکے
پانچ گولی بناوین صبح کو ایک اور شام کو ایک کھاوین دوائی کہ سنگرہنی کو مفید ہی سنگدانہ مرغ اونگ
ہر ایک ایکتولہ باریک کرکے ایک خوراک کرین فائدہ بہیڑہ علاج کلی ہی واسطے دستون ہر قسم کے اور پیچش میں
کم کرنا غذا کا بھی مفید ہوتا ہی ایک شخص ساٹھ برس کا تھا کہ اوسکو پیچش ہوئی اور ورم ہاتھ پیر میں ظاہر ہوا
ہر چند دوا کی فائدہ نہوا تین مہینے گذر گئی جبکہ پوستہ بامیہ ق تکا لکر کھاتا تھا اثر اوسکا دیکھا
یعنے دستونمیں کچھ تخفیف ہتی تھی مگر پھر وہی حال ہو جاتا تھا آخر اوسکو غذا سے باز رکھکر فقط کباب کلو
کھلاتی تھے اول روز ایک لوہ و بتدریج سات لوہی دیتے تھے اور اجوائن تین ماشہ کلی بھر اوسکو کھلاتی تھے اور
پانی فالسہ کا بھی کبھی کبھی پلاتے تھے دیگر زنجبیل و سیج اور دستونکو نافع ہی یہ دونون قسم پیچش کی ہین قہوہ
ریگ میں بریان کرین مانند چینی کی کوٹ پیسکے دیوین لیسیں کہ دستونکو موقوف کری جائفل تخم انبہ
پرانا مغز بیل ہر ایک بقدر مناسب لیوین اور افیون تھوڑی داخل کرین اور پیٹ پر طلا کرین
دیگر دوا کہ سہل ہے اور نفع بہت رکھتی ہی پیچش اور دستونکی بند کرنیمیں مولی کے بیج بھونی ہوئے
چھ ماشہ کو نکی برابر اوسکے شہد ملا کر کھلاوین دیگر کہ دستون اور پیچش کو بند کرتی ہی مغز بیل اور
سونچر نمک اور گٹھلی پرانی انبہ کی ہر ایک ڈیڑھ تولہ جائفل ایکعدد افیون بقدر حبہ سبکو سفوف کرکے
وقت حاجت ایک ہتھیلی بھر کھلاوین یا کم و زیادہ دیگر مغز تخم انبہ پرانا سونف برابر لیکر ساتھ
شکر پرانی کی تناول کرین دیگر انار کچا کہ قریب پکنے کی ہو محض کچا نہو دو ٹکڑی کرین پھر ایک جائفل
لیکر اندر اوسکے خالی کرین اور افیون اوسمیں بھر بین بعدہ جائفل کو انار مین کہ اندر اوسکا خالی
کیا گیا ہو رکھکر دونون ٹکڑونکو باہم ملا کر سوت سے خوب مضبوط باندھین کہ بدبو نہو بھی مین بھونین جبکہ نیم پختہ ہو
نکال لین پس کوٹ پیسکے نو ماشہ جوتری اوسمیں ملا دین اور بمقدار بیر گولی باندھین صبح کو ایک گولی کھلا دین

ناک مین دو تین قطرہ ٹپکاوین دیگر بھوسی جنپہ اور بھوسی ہر کی بجائے تنباکو حقہ مین بھر کر پیوین
دیگر کالی مرچ تنہا یا ہمراہ اجواین کے جلاوین دھوان اوسکا ناک مین لین دیگر جو شخص کہ اس مرض مین
مبتلا ہوا اوسکو ایکبارگی ڈراوین جسطرح ممکن ہو بیحکی دور ہو جاویگی اگر بعد کھانا کھانے کی بیحکی لاحق ہو
بہترین تدبیر قی ہی اور دم کا روکنا بھی مجرب ہے دیگر خاک مور کے پر کی اور خاک پرانی ٹاٹ کی باہم
ملا کی ہمراہ پانی کی دیوین بیحکی فورًا موقوف ہو جاویگی مقدار انتہا کی چار ماشہ دونون ہو چھینک
لاتی ہی اور مفید ہی دیگر ریشہ لیتے بال ناریل کے جلاوین اور پانیمین ڈالکر ایکساعت چھوڑ دین پھر
تھوڑا پانی لیکر قدری ہینگ اوسمین پیسین اور صاف کر کی کھلاوین کلی انار کی پتی تلسی کی دوب
باریک پیسکے دو تین قطری ناک مین ٹپکاوین بیحکی بند ہو جاویگی فصل ہائے گولہ اور ڈکار کی بیان مین
نمک سنگ پیپل سونٹھ مرچ کالی زیری اجمود ہینگ بریان سب برابر لیکر پیسین پہلے کھانیکی یا بعد
کھانیکی کھلاوین باؤ گولہ دفع ہووے دیگر کہ ڈکار دور کرتی ہی نمک مولی کا ایکماشہ پانچ کے ہمراہ
مفید ہی اور طریقہ نمک مولی کے نکالنیکا پہلے مذکور ہو چکا ہی دیگر پھولنا پیٹ کا اور سختی اور قبض اور
بواسیر کو مفید ہی ہر چورکوٹکی بقدر چنے کی گولی باندھین و آملہ کفدست کوٹکی صبح کو پانیکی ہمراہ کھائین بعد
چار گھڑیکی دو گولی کھلاوین بعد دو چار گھڑیکی دو گولی اور کھلاوین یہانتک کہ تمام دنمین سولہ یا بیس
گولی کھلاوین اسیطرح تھوڑی روز مداومت کرین فصل پیچش اور سنگرہنی مین فرق دونو مین ہی کہ
سنگرہنی مین کچا کھانا نکلتا ہی دوائی کہ پیچش کو دور کرتی ہی مغز بیل پھل ایکتولہ پوست اندر جو
دو تولہ سونف ایکتولہ ہلیلہ زنگی ایکتولہ اسپغول آدھا تولہ مصری تین تولہ مذکور روغن مین بھونین
اور سوائے اسپغول کے سبکو کوٹین اور باہم ملاوین خوراک سات ماشہ سے ایکتولہ تک اور بعضے اسپغول
کو بھی کوٹتی ہین دیگر مکھان بید مغز بیل مڑوڑ پھلی گل سپاری رال کھٹی آنبہ کی شکر تری ہر ایک ڈیڑھ تولہ
سبکو چار حصہ کرین اور ایکحصہ اوسمین سے کسیکو دیدیوین باقی کو موافق حال کے تین دن یا کم و زیادہ مین
کھاوین دیگر دستونکو بند کری مائین کوٹکی بقدر تین ماشہ پانچ کے ہمراہ کھاوین دیگر تج سادھی چھوٹی
کوٹ کے ڈیڑھ تولہ شکر مین ملاوین نو حصہ کرین ہر صبح ایکحصہ ہمراہ دہی کے کھاوین اگر دست

کرمنہ دونوکا ملاوی نیچے اوسکے آنچ تیز کرین دوپہر تک اور اُتار چندہ پانیمین تر کرکی اوپر کی برتن پر
رکھتے رہین جبکہ کٹورا گرم ہوجاوے دوسرا سرد کرکے رکھین بعد دوپہر کی برتن کو اوتار لیوین اور جو کچھ
اوپر کے برتن مین آکر جمع ہوجاوے چھوڑا لیوین تھوڑی دارچینی اور جایفل اور مانند اوسکے ملاکر تھوڑا
کھلاوین دیگر دوائی کہ نام رکھا گیا ہی ساتھ گولی گندھک کی کہ واسطے بھوک لانیکے نفع کثیر رکھتی ہی
گندھک دودھ مین صاف کرین مرچ بابرنگ اجمود جوا کھار ہرایک تین تولہ کالا نمک پیپل ہمپدیر
ہرایک ڈیڑھ تولہ سیندھا نمک تین دام یعنی ساڑھے چار تولہ پوست ہلیلہ زرد چھ تولہ سبکو کوٹ
پیس کے عرق اورک مین پیسین بعد خشک ہونی کی لیمو کے عرق مین ایک رات دن گھسین اور گولی بقدر چنگلی
بیر کے بناوین دیگر گولی کہ بھوک لاتی ہی اور معدہ کو صاف کرتی ہی بلغم اور ریاح سے رنگی ہی
چار ماشہ ہلیلہ زرد پانچ ماشہ سونٹھ بالچھڑ دس ماشہ مصطگی دس ماشہ نمک ہندی دس ماشہ ایلوا
سوا دو تولہ سبکو ملاکر گولی باندھین سفوف کہ بھوک لگاتی ہی اور معدہ اور آنتونکو قوت بخشتی ہے
اور دستونکو فوراً بند کرتی ہی انار دانہ پاؤ سیر سونٹھ زیرہ سفید ہرایک تین تولہ نسوت
کالا زیرہ تشریک ہلیلہ زرد بہیڑا ہرایک ڈیڑھ تولہ نمک سنگ چار تولہ سبکو کوٹ چھان کے باریک
کرین بقدر ایکتولہ قبل کھانیکے یا بعد کھانیکے استعمال کرین دوائی کہ بھوک خوب لگاتی ہی آنا سانس کا
آملہ اجوائن سونٹھ مرچ پیپل کالی مرچ الائچی زیرہ کرمانی لونگ سبکو برابر کوٹ پیس کے دوگنا اُنکی مصری
ملاکر صبح کو ہتھیلی بھر کھاوین دوائی کہ پیاس کو کم کرتی ہی نیم کی کوٹ پیسکے غلولہ باندھین بعدہ
غلولہ کو آگ مین ڈالین جبکہ گرم ہوجاوے پانی مین بجھاوین چند مرتبہ اوس پانی کو پلاوین بگیر تتی کنسر کی
صندل کلیسر تل ہرچہار برابر لیوین ہمراہ گانجے کی پیسین اوپر سے طلا کرین فصل کھمک یعنی بچھی ہوئی
مسکہ ڈیڑھ تولہ کلونجی تین ماشہ پہلے کلونجی کو پیسکر مسکہ کی ہمراہ ملاکی کھلاوین بعد اوسکے تھوڑی دیر
عرصہ کے کھانا کھلاوین ہر قسم کی بچکی دفع ہوگی دیگر کالی مرچ اکہیں دانہ سونف نوماشہ کا سنی لوماشے
ہر دو پیس کے کھلاوین دیگر مسکہ تین تولہ مصری ڈیڑھ تولہ دونون باہم ملاکر کھلاوین خشک کھانسی دور
ہوگی دیگر ماش سیاہ بجائے تنبا کو حقہ مین بھر کر کھینچین دیگر چرک مکھی کا دودھ لڑکی والی عورت مین پیسکے

عرق لیمون مین گولی باندھین دیگر سونٹھ پیپل کالی مرچ ترپھلا تج اجوائن سونف نمک سونجر نمک سانبھر
سبکو برابر پیس کے سفوف کرین دیگر پیپل مول دھنیا زیرہ سیاہ نمک سیاہ پوست لیمون کا تالیسپتر ناگیسر ہر ایک
سات ماشہ تج دانہ الائچی چھوٹی ہر ایک دس ماشہ نمک دریا سوا دو تولہ امل بید ساڑھے چار تولہ
انار دانہ چودہ ماشہ سبکو سفوف کرکے کھلادین دیگر قبض شکم کو دور کرتی ہی سونٹھ نمک سیندھا
قدری چینہ پیپل موزمنقی کہ دانہ اوسکا دور کری ہموزن سب دواؤنکی لیکر باہم ملاوین دیگر کہ بھوک
بہت لاتی ہی بجای اکسیر کے ہی پارہ ڈیڑھ تولہ بزمہ کی پھول دو صد دھاگہ چار ماشہ پہلی پارہ شکر عرق
برگ بھٹ کٹائی مین کہ اوسکو جنگلی بیگن کہتے ہین دو روز تر کرین تیسرے روز پارہ کو باہر نکالکر ایک
گاڑھے کپڑے مین دو تین مرتبہ چھانین تاکہ تری اوسمین نرہی بعدہٗ آفتاب مین خشک کرین پھر پارہ اور سہاگہ
کو ناریل کی گولی مین نیم کی لکڑی سے حل کرین یہانتک کہ سب پھول حل ہوجاوین میعاد پینے کی
چار پہر ہی بقدر مرچ کی گولی باندھین اگر گولی نہ بندھی تھوڑا گلاب داخل کرکے باندھین بعدہ کھانا کھاکے
دو گولی کھاوین ترشی اور بادی سے پرہیز رکھین جاننا چاہیے کہ پھول بزمہ کی منہ بندھی ہوتی ہین کھلے
ہوں تو بہتری دوائی کہ بھوک لاتی ہی اور آلائش شکم خوب نکالتی ہی ہڑ بہیڑہ آملہ نمک سیاہ سانبھر
ہر ایک برابر لیکر عرق لیمون مین گولی باندھین وقت حاجت بقدر ایکتولہ کم وزیادہ گرم پانی کے
ہمراہ سوتے وقت کھاوین دیگر کہ بھوک لاتی ہی اور بادی شکم دور کرتی ہی اور جو مرض کہ
سردی سے ہوا وسکو بھی دور کرتی ہے مرچ سیاہ پیپل عاقرقرحا ہر ایک دس ماشے سونٹھ
کباب چینی سونف ہر ایک ڈیڑھ تولہ ہینگ چھ ماشہ سبکو کوٹ پیسکے عرق لیمون مین قرص بناکر ادرک
تو یکی کے نیچے آگ ہو رکھکر سرخ کرین بقدر حاجت استعمال کرین دیگر بھوک زیادہ لاتی ہی نمک سانبھر
نمک سیندھا نمک سونجل نمک پان کا جی لون نمک کھاری نمک کچراتی نمک کونی جوا کھار سبکو برابر لیکر
نوشادر سب دواؤنکے برابر باریک کرکے چینی کی پیالے مین رکھین اور عرق لیمون کا غذی کا اسمین ملاوین
اسقدر کہ دواؤنکے اوپر ہو سر باندھکر آفتاب مین رکھین پھر عرق اسقدر ڈالین اور خشک کرین جبکہ تین مرتبہ
خشک کرچکین مٹی کے برتن مین رکھکر گل حکمت کرین لیکن ایک برتن دوسرا اوسکے منہ پر کم بند کرین

پر پکاوین کہ تمام شیرہ جذب ہوجاوی نکال کے رکھہ چھوڑین پان کے ہمراہ مقدار ایک چاول کے
کھاوین دونی بھوک ہوجاویگی دوائی کہ بھوک لاتی ہے اور قوت باہ زیادہ کرتی ہے ایک
پیسہ لیکر برابر اوسکے قلعی لیوین پہلے قلعی کا پتر باریک بنا کر پیسہ پر لپیٹین اسطرح پر کہ وہ پیسہ
مانند گھریے کی ہوجاوے اندر اوسکے درخت سرس کے اندر کی چھال سات ماشے تین تولہ اوس گھریے
نیچے بچھاوین اتقدر چھال اوپر گھریہ کی رکھین کہ سب چھال نیچے اوپر کی آٹھہ تولہ وزن ہو درمیان
گھریہ مذکور کے رکھین پھر اوسکا گولہ باندھ کے منہ اوسکا بند کرکے ایک کپڑوٹی اوپر سی کرین بعدہ
ایک گڑھا گز بھر طول عرض کا جنگلی اپلونسے پر کے وہ گولہ مذکور درمیان رکھکر شب کو آنچ دیوین
صبح کو قلعی اور پیسہ کو نکالکر کہ وہ کھیل ہوگیا ہوگا ہمراہ پندرہ عدد لونگ کے ملا کر ایک رتی اوس سے
موافق حال اور فصل کے کھلاوین دوائی کہ کھانے کو ہضم کرے اور قبض کو دفع کرے کھیلہ پاؤ سیر عفران
پیپل کالی مرچ آملہ سونٹھہ بسلوچن چھوٹی الائچی ہر ایک ڈھائی ماشہ اصل شہد مکھی کا تین پاؤ مصری
آدھ پاؤ گلاب تین پاؤ تیل بادام کا دو ماشہ پہلے کھیلہ کو صاف کرکے چار پہر تنہا کھرل کرین
جیسا کہ دستور ہے معجون بناوین اور صاف کرنا کھیلہ کا دو طرح پر ہے ایک یہ ہے کہ ریزی اوسکے
چن کر لاوین کہ خاک آلودہ نہو دوسرا یہ ہے کہ کھیلہ کو پانی میں ڈالین جو کچھہ پانی اوپر آوے اوٹھا لیوین
اسصورت میں ضائع بہت ہوتا ہے مقدار سات ماشے کی قدرے پانی کی ہمراہ معجون مذکور کو کھلاوین دیگر
واسطے قبض شکم اور پیٹ کی کپڑونکے اور بواسیر اور کھانسی کے مفید ہے شنگرف میٹھا تیلیہ چلغوزہ پیپل
مرچ تخم دھتورہ سہاگہ بھونا ہوا ان سبکو برابر لیکر عرق برگ دھتورہ میں ایک پہر پیسکر مقدار چھوٹی
مرچ کی گولی باندھکر کھلاوین بفضلہ تعالیٰ فائدہ ہوگا دوائی کہ جس شخص کا پیٹ بڑھ گیا ہو مثل
استسقا کی صورت ہوگئی ہو شہد ڈیڑھ تولہ چار تولہ پانی میں ایک مدت تک پلاوین دوائی کہ بھوک
لاتی ہے لاہوری نمک سیاہ ہلیلہ زرد چترک متر ہر ایک دھنیا سبکو برابر لیکر پیسکے عرق لیموں میں
گولی باندھکر کھلاوین دو پہر لونگ دارچینی چھوٹی الائچی بڑی مرچ پیپل دھنیا ہر ایک اجوائن نیم پھلا انتر بید
چوک نمک سونچل انار دانہ نمک سیندھہ نمک سانبھر نمک دریا جوا کھار انجبود سونف کنکول سرخ سبکو برابر لیکر

بھوک اور امراض نادی کی دفع کرنیمین بے نظیر ہے دیگر فصل درد بھوک مین ہوتا ایک درد ہے کہ پہلو
کی نیچے بسبب بادی کی ہوتا ہے دوا اوسکی یہ ہی درخت مدار کی جڑ کا پوست ایک حصہ کٹ اور بچی
چوتھائی حصہ ہر روز لڑکے کی پیشاب مین پیسین اور بھوک پر لگاوین اور آفتاب مین بیٹھین اگر آفتاب نہو
تو بجلی اوپر سلگالین دیگر کالی مرچ سات عدد لگے کے پتہ مین رکھکر تین روز سایہ مین خشک کرین
پتہ غلیظ ہو جاویگا بھوک پر ملین اوپر اوسکے پرانی روئی رکھکر باندھدیوین دیگر جائفل مصری
سونٹھ تینون برابر لیکر پیسین اور نوشادر کی مقدار کھلائین جاننا چاہیے کہ بھوک جو ساتھ تپ
کے ہو علاج اوسکا بہت احتیاط سے سمجھکر کرنا چاہیے اسواسطے کہ استعمال سب دواؤن کا درد
ذات الجنب و درد ذات الصدر مین کہ درد پہلو اور درد سینہ کو کہتے ہین نہایت منع ہے اور مشرے
دیگر زیتون رومی کو پر مین رکھکر آگ کی گرمی دکھا کر جسجگہ درد ہو باندھدیوین بشرطیکہ وہان ورم نہو

باب دواؤن بھوک لانیوالی و امراض معدہ و امعاء و مقعد و ذکر جلاب کی دواؤن مین

فصل بھوک لانیوالی دواؤن اور قبض شکم کی بیان مین ہڑ بہیڑہ چینہ سنا مکی نمک لاہوری سکو برابر
کوٹ پیس کے سفوف کرے دیگر بھوک لاے اور دستونکو بند کرے انار دانہ دو تولہ مصری سوا چار تولہ
مرچ سیاہ دانہ الائچی دارچینی ناگیسر سونٹھ میل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سکو باریک کرکے رکھین
بقدر چار ماشہ یا کم و زیادہ کھاوین دیگر بھوک لانے اور دستونکی بند کرنیمین مشہور ہے ساتھ
جب چرک کے چینہ تین تولہ مرچ عاقرقرحا ہر ایک ڈیڑھ تولہ ہنکوت چار عدد گڑ سب دواؤنکی برابر
لیکر پیس کے گولی باندھین نخم ہنکوت اسطرح ہو کہ ہنکوت گڑ کی ہمراہ تر کرکے یمین باندھین تاکہ نرم ہو
صبح کو پوست اوسکا دور کرین اور اندرائن کا مغز لیکر دوا مین شریک کرین دیگر پھنکی معدہ کی
قوت دینے والی دارچینی سونٹھ مصطگی بڑی الائچی مصری سکو کوٹ پیس کے بعد کھانیکے دو تین ماشہ کھاوین
اگر لڑکا ہو ایکماشہ کھلاوین دیگر خاکہ جڑ دارچینی کی سونٹھ شہد باہم ملاکر معدہ پر لگاوین درد معدہ دفع ہو
دیگر سنگرف ڈیڑھ تولہ لیکر کسی مٹی کے برتن مین نرم آگ پر چڑھین اور تین سیر ادرک کی شیرہ نکالکر قطرہ قطرہ سنگرف

اوسکا پیوین کہ تھوڑا نشہ کریگا دوائی کہ تمام امراض بادی اور بلغمی کو فائدہ دیوی اور تاب تلی کو
پگھلادیوے شیرہ آدرک آدھ سیر مغز گھیکوار آدھ سیر شہد آدھ سیر دارچینی نو ماشہ سبکو ملاکر شیشہ مین رکھکر
دن کو دھوپ مین رکھین اور شب کو نزدیک آگ کے رکھین بعد ایکہفتہ کے بقدر ایک پیالہ قہوہ خوریکی پیوین
اگر تیزی آفتاب کی نہو تو دو ہفتہ تک دھوپ مین رکھین اور اثر اوسکا ایکسال تک خراب نہین ہوتا ہی دیگر
مرض بلغمی اور بادی کو مانند تلوار کے کاٹتا ہی دودھ گای کا تین سیر مصری آدھ سیر مغز گھیکوار ڈیڑھ سیر
دارچینی تین تولہ پہلے مغز مذکور کو دودھ مین ڈالکر تین جوش دیوین بعدہ مصری اور دارچینی ملاکر جوش کرین
تاکہ قوام حلوہ کیا ہووے بعد اوسکے گھی گای کا آدھ سیر داخل کرین ہر صبح تین تولہ یا کم وزیادہ کھاوین
دیگر کہ جھولہ اور درد اعضا اور ہاتھ پیر بندھ جانے کو بہت نافع ہی پیپل پونے دو تولہ تیزپات چار تولہ وصلی ساہ
رتن جوت ہر ایک چار تولہ مال کنگنی پونے دو تولہ جالگوٹہ پونے دو تولہ سبکو باریک پیس کے مقدار چنے کی گولی
باندھین دھوپ مین خشک کرین پہلے روز ایک گولی دوسرے روز دو گولی تیسرے روز تین گولی کھاوین
پھر تین گولی ایکہفتہ تک دیوین غذا گیہون کی روٹی اور گھی اور مونج ساٹھی اور مونگ کی دال گوشت
اور شیرینی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر امراض بادی اور بلغمی کو مفید ہی کچلہ اندرائن کی جڑ
کالی مرچ ہر ایک تین تولہ کوٹ پیسکے پاؤ سیر قوام شکر مین ملاکر رکھین اوسقدر چنے کے گولی باندھین اور
ایک گولی پانی کے ہمراہ کھاوین اور طریقہ کچلے کے پیسنے کا مشہور ہے کہ اول کچلہ کو پانی مین تر کرین
بعدہ ناخن سے اوسکا باریک پوست چھیلکر خشک کرکے کوٹین اور دوائین ملاوین واسطے درد
سردی کے جو بہت پرانا ہی مجرب ہے اور بھوک بھی بڑھاتا ہی دیگر کچلہ کھانی کا طریقہ یہ ہی کہ پہلے
کچلہ کو بھونین اور پیسکر رکھین ہر روز پینتالیس روز تک آٹھوان حصہ ایک کچلہ کا کھاوین بعد اوسکے
ساتوان حصہ ایک کچلہ کا پینتالیس روز تک کھاوین پھر چھٹا حصہ پھر پانچوان حصہ پھر چوتھا حصہ
پھر تیسرا حصہ پھر نصف حصہ پھر تہائی ایک کچلہ کی پھر تین چوتھائی ایک کچلہ کی پھر سارا ایک کچلہ
ان سب حصونکو پینتالیس روز کھانا چاہیے چنانچہ ایکسال مین کچلہ موافق مزاج کے معتاد ہوجاوے
پھر اگر چاہین ایک کچلہ اور بڑھاوین ورنہ ایک ہی ہمیشہ کھاتا رہی کافی ہی اور پرہیز کچھ نہین

مانند لقوہ و تشنج و عرق النسا و استرخا و جھولہ وغیرہ کے

دوائی کہ لقوہ اور درد کمر کو دور کرتی ہے جال دخت سنجد کی سوا تولہ لہسن کے دو تولہ مغز ہر ایک سات
آٹھ تولہ گیہونکی بھوسی تر دو تولہ دودھ گائی کا ڈیڑھ سیر گھی بقدر ضرورت سبکو ملاکر مانند کھیر کے پکاوین اور
کھلاوین دیگر گیہونکو مدار کی پتی جوش کی ہوئی کی پانچ سیر پکاکر خشک کرکے کھلاوین دیگر جال
جڑ سفید کنیر کی اور گھنگچی سفید کی دال اور دھتورہ سیاہ کی پتی ہر ایک سات ماشہ پیسکے ٹکیہ باندھکر
پاؤ سیر تیل مین تلی کی پکاوین یہانتک کہ وہ ٹکیہ جلجاوے اور دھوان موقوف ہوجاوے پس روغن کو احتیاط
نکال رکھین فالج اور جھولہ پر ملین دیگر جس شخص کے ہاتھ پیر رہگئے ہون اور کھنچ گئی ہون اوسکو مفید ہے
پہلے روز ایک دانہ مغز پستہ کا کھاوے دوسرے روز دو کھاوے اسیطرح سات روز تک بڑھاتی جاوین بہت
نافع ہے دیگر اجوائن باریک پیسکے تل کے تیل مین ملاکر ہاتھ مین ملین گرفتگی اعضا کی دور ہوگی دیگر
کرنج کی پتی پانچ سیر جوش کرکے بھیارہ دیوین پھر اوسی پتی کو اعضا پر باندھ دیوین ہوا سے محافظت کرین
درد شانہ اور کمر اور ورم زانو کو فائدہ ہوگا دیگر اسبند کو تلی کے تیل مین جلاکر پیسین کہ ایک دات
ہوجاوے اعضا پر ملین اور بعضے اسبند کو سرسون کے تیل مین جلاتے ہین اور زقوم یعنی تھوہر بھی داخل کرتے ہین
کیسا ہی درد شدید ہو دور ہوتا ہے اور جھولہ مارے ہوے کو فائدہ بخشتا ہے دیگر درد کولہ اور درد زانو کو
مفید ہے میتھی اجوائن ہالون کلونجی سب برابر لیکر ایکجا کرین صبح کو جسقدر کہ تین ماشے آوے موافق
برداشت کے کھاوے کچھ کوٹنی کی احتیاج نہین دیگر جس شخص کے ہاتھ پیر بیکار ہوگئے ہون فائدہ دیتی ہے
تیل اسی کا تیل سرسون کا دو تیل رینڈی کا دو تیل تلی کا ہر ایک ادھ پاؤ عرق دھورہ مع پتی و جڑ و
پھل کا ایک سیر سب ملاکر نرم آگ پر جوش کرین جبکہ عرق جلکر خالص تیل رہجاوے اعضو پر ملین اور اوپر
اوسکے مدار کا پتا یا دھتورہ کا پتا یا ارنڈ کا پتا باندھ دیوین دیگر عرق النسا یعنے رنگین کو مفید ہے سونٹھ ستودہ
پاؤ سیر باریک پیسکے ایکتولہ پارہ مین ملاوین یہانتک دونون ایکمیز ہوجاوین پس اوسمین تھوڑا سا تیل
اعضو پر ملین دیگر رنگین کو مجرب ہے مہندی اور صابون دونون ملاکر ضماد کرین دیگر رنگین سخت کو مفید ہے
اور کسی دوا سے صحت نہوتی ہو اور نیند بھی موقوف ہو پوستہ بقدر برداشت کے پانی مین تر کرکے پانی

چوکوب کرکے مثل عرق سونف کے عرق کھینچین صبح اور شام موافق عمر کے تین تولہ پیوین تمام امراض شکم اور پیٹ پھولنے کو بہت نافع ہی دیگر یہ ہو کہ جانور مشہور ہے مانند گوہ کے ہوتا ہی گوشت اوسکا ہمراہ مصالح کے پکاکر کھاوین سختی تلی کی دور ہوگی اور باہ زیادہ ہوگی دیگر بیجی مقدار چھ ماشے کے اگر جوان آدمی ہو اگر چھوٹا ہو دو تین ماشے لیکر باریک کرکے گڑ مین ملاکر اکیس روز تک کھلاوین ترشی اور بادی سے پرہیز کرین تاب تلی دفع ہوجاویگی دیگر آدمی کا پیشاب ہر صبح تھوڑا تھوڑا پلاوین دیگر جرو بخی اور بھلا نوان کھلاوین شیر طبکہ موافقت کرے دیگر سختی تلی کو دور کرتی ہی اگرچہ تمام پیٹ مین پھیلی ہو علاج یہ ہی سیدھے ہاتھہ کی رگ اسلیم پر تپی یا کپڑا یا کاغذ جلاکر داغ دین تھوڑی مدت اسمین سے پیپ اور پانی ٹپکیگا نفع عجیب ہوتا ہے اگر سختی داہنی طرف ہو بائین جانب داغ دیوین اگر بائین طرف ہو داہنی جانب داغ کرین اور اسلیم رگ ہی کہ درمیان چھنگلیا اور اوسکے پاس کی اونگلی کی کہ جسکو خنصر اور مصر کہتے ہین ہوتی ہی دیگر نوساہر سہاگہ شورہ قلمی کالی مرچ سب برابر لیکر تھوڑا مغز کھیکوار شامل کرکے مریض کو کھلاوین دوسرے روز تھوڑا مغز کھیکوار زیادہ لیوین تیسرے روز اوس سے زیادہ کیوین سات روز بہ قدر کھلاوین مجرب ہے دیگر اجوائن بقدر برداشت طبیعت صبح و شام کھلاوین دیگر مسوت تر پھلا بھلا نوان سبکو برابر لیکر ہموزن انکے نمک سنگ یسکے تھوہڑ کے دودھ مین گولی باندھین پھر ایک شاخ تھوہڑ کی خالی کرکے اوسمین گولیونکو بھرین بعدہ گل حکمت کرکے آگ مین جلاوین جبکہ خوب جلجاوے نکالکر موافق حال مریض کے کھلاوین فصل پشت کی بیماری مین دوائی کہ درد کمر کو دور کرتی ہی اور قوت لاتی ہی سونٹھہ مغز تخم ارنڈ کا ہر ایک نو تولہ گھی گائے کا اور مصری ہر ایک اٹھارہ تولہ دودھ گائے کا آدھ سیر پہلے سونٹھہ اور مغز مذکور کو گھی مین بریان کرلیوین پھر دودھ ملاکر جوش کرین جسوقت گاڑھا ہوجاوے مصری ملاکر رکھہ چھوڑین موافق حال مریض کے کھلاوین فائدہ مرض بند کشادہ مین دوائین کہ سب مرضونکو نفع کرتی ہین اور درد کمر کو بھی مفید ہین ذکر ہوگیا ہی دیگر دسمول کو جوش کرکے کھاوین درد کمر دور ہوگا

باب اون دواؤن کے ذکر مین کہ جو امراض بادی کو مفید ہین

اسیطرح کرین اور بادی اور ترشی سے پرہیز کرین پرانی تاب تلی گل جاویگی دیگر لمسن کو کوٹکی چھ تولے
شیرہ نکالین اور چھ تولے گھی اور ساڑھے چار تولہ گڑ اور تھوڑا گیہونکا آٹا ملاکے حریرہ بناوین پس
شیرۂ لمسن مذکور کو پہلے پیوین ایک روز مین مرض تاب تلی دفع ہوگا دیگر چونا پانی پہونچا ہوا باریک
پیسکر شہد مین ملاوین پس تلی پر ضماد کرین اور اوسپر ریندی کا پتا باندھین دیگر تپ تلی اور تپ چوتھیا
کو مفید ہے اور باؤگولہ کو دور کرے سونٹھ ستوہ سہاگہ بھونا ہوا نمک سیندھا ہیر اہینگ سب برابر لیکر کوٹ
پیسکے جڑ درخت سہجنہ کے شیرہ مین مقدار بیر کی گولی باندھین ہر روز صبح ایک اور شام ایک دیوین دیگر
سہاگہ بھونا ہوا ایلوہ ہر دو برابر لیکر ہمراہ گڑ کے گولی باندھین موافق حاجت کے جسقدر کہ چاہین
بیس روز تک دیوین بلکہ ایک مہینے تک اگر متواتر نہو سکے تو ایک یا دو روز درمیان دیکر کھاوین
ہر روز تین چار مرتبہ دست آوینگے اور تمام امراض ضیق اور شکم کو مفید ہے اور چاہیے کہ وقت شب
کھانا کھانے کے بعد ایکساعت کے دوا مذکور کو کھاوین بعد اوسکے کوئی چیز نکھاوین مگر تھوڑا
پانی گلاب کا اور ترشی اور بادی سے پرہیز کرین دیگر اجوائن دیگی ہر بھیڑہ ہر ایک پاؤ سیر پاؤ برگ
آدھ پاؤ سہاگہ نوشادر چھ تولے پرانا گڑ چار سیر مغز کھیکوا ایک سیر سبجی نوماشے لوہی کا میل
چھ سیر سبکو کوٹ پیسکے چھ سیر پانی مین ایک برتن مین رکھکر ایک گڑھا کہ نیچے اوسکے لید خشک
بھری ہو اوسمین برتن کو رکھکر اوپر بھی لید سی بند کردین چودہ روز تک چھوڑ دین بعدہ لید
اوپر کی دور کرکے دو ہفتہ تک بقدر پیالہ قہوہ غوری کے نکالکر ہر صبح پیوین اور برتن کو اوسی گڑھی
مین رہنے دین سختی تاب تلی کی دور ہو جاویگی بفضلہ تعالے دیگر اجوائن آدھ سیر پوست
ہلیلہ کابلی آدھ سیر لوہی کا میل تین پاؤ پہلے ہڑ اور لوہی کو تھوڑا کوٹ کی ایک چلنے برتن مین کہ
جسمین پانی نہ ٹیکتا ہو رکھین اوسپر بارہ سیر پانی ڈالکر سرپوش مضبوط بند کرین بعدہ ایک گڑھی
مین کہ لید اوسمین بھری ہو چنانچہ اوپر مذکور ہوا کھیس روز دفن کرین بعد اوسکے باہر نکالکر صاف
کرکے شیشے مین رکھین ڈیڑھ تولہ صبح و شام یا کم و زیادہ نوش کرین تاب تلی دفع ہو جاویگی دیگر اجوائن
سوا سیر سونٹھ اور تخم خراسانی آدھ پاؤ عاقرقرحا تین تولہ نوشادر چھ ماشے جو چیز کہ لائق کوٹنے کے ہو

پہونچتا تھا اور بیقراری سی راتدن گذرتا تھا ہرچند وہ شخص علاج کرتا تھا مگر کچھ نفع
نہوتا اور ہر ہفتے مین دو تین مرتبہ اس مرض مین مبتلا ہوتا تھا ایک فقیر نے کہا کہ انڈیکی سفیدی زردی
دور کرکے لیمون شہد ڈیڑھ تولہ پیاز کا پانی ڈیڑھ تولہ لعاب بیتھی کا ڈیڑھ تولہ مین ملاکر پیوے اور غذا روٹی
اور دو پیازہ کھاوے چند مرتبہ اس دوا کو کیا صحت پائی دیگر چار دانہ کہ اکثر امراض کو نافع ہی یعنی مال کنگنی
تخم مینڈھا بابچی ہر ایک تین عدد تخم ہالیون ہموزن ایک دوا کے ادویہ مذکورہ سبکو پاک کرکے باہم ملاوین
بغیر کوٹنے کے نہار صبح کو تھیلی بھر کھاوین ہمراہ پانی کے بغیر چابنے کے اور اگر واسطے قوت باہ کے استعمال کرین
تخم بابچی دور کرکے تینون تخم کو کھاوین کافی ہی دیگر دوا کہ مرض استسقا کو مجرب ہے منڈوہ کہ غلہ مشہور ہے
آتا اوسکا ہمراہ پانی تپی کنچار کے خمیر کرکے روٹی بی نمک پکاکر ساتھ گھی بہت کے کھاوین اور بجاے
پانی کے ہر کام مین یعنی نہانے اور وضو کرنے اور پینے مین پانی کنچار کی تپی کا استعمال کرین
دو ہفتے کے عرصے مین اس دوا کا اثر تمام ظاہر ہوگا فصل بیماری تاب تلی مین دوائین کہ
تاب تلی کو گلاتی ہین اور یہ مرض تاب تلی کا بہت برا ہوتا ہی عرق گندھک آملہ سار کا مقدار
چار رتی کی ہمراہ پانی کے ملاکے پیوین اور شروع ایک رتی سی کرین آہستہ آہستہ بڑھاوین چار
رتی سے زیادہ نکرین کہ نہایت درجہ چار رتی ہی دیگر سونٹھ پیپل مرچ انبہ ہلدی جوا کھار چٹکیلے
سبکو برابر پیسکے شیرہ کنوار مین مقدار بیر جنگلی کے گولی باندھین ایک گولی ہر صبح نہار کھاوین تاب تلی
کٹ جاویگی دیگر نوسادر سواد و ماشہ ہمراہ پانی مولی کے پیوین اور مولی اور تل برابر گرم کرکے تلی پر
ضماد کرین تین روز مین گل جاویگی مجرب ہے دیگر سہاگہ بھونا ہوا ایکحصہ رائی تین حصہ دونون باریک
کرکے تھوڑا تھوڑا کھاوین تاب تلی دور ہوگی دیگر انجیر چار عدد سرکہ مین تیکھی ہوئی ہر صبح کھاوین اور
تاب تلی کو انگوٹھی سے ملتے جاوین اسطرح پر کہ تھوڑا تھوڑا درد ہووے دیگر لیمون کا پانی ڈیڑھ تولہ سفید پیاز
کا پانی ڈیڑھ تولہ ہر دو باہم ملاکر پیوین ہر صبح چودہ روز تک اسیطرح عمل کرین اور سوائے نرم چیز کے
مثل کھچڑی اور دال اور خشکہ اور قلیہ وغیرہ کے کوئی دوسری چیز نہ کھاوے دیگر سورن کہ اسکو زمین قند
کہتے ہین ہر روز نو ماشے لیکر تین چار ٹکڑی کرین اور ہر ٹکڑی کو گھی مین تر کرکے نگلجاوین چودہ روز تک

ہر صبح ایک ہفتے تک کھاوین دودھ زیادہ ہوگا دیگر سفید زیرہ لودھ برنج ساٹھی ہر ایک سلت ماشہ
کوٹ پیس کے گائے کی دودھ مین جریرہ پکا کر کھلاوین دودھ زیادہ ہوگا دیگر گرچ گائے کی دودھ مین
جوش کرین اور گائے کا گھی ملا کر کھاوین جاننا چاہیے کہ جو دوا منی زیادہ کرتی ہی وہی دودھ بھی زیادہ
کریگی **فصل** دودھ کم کرنیمین آنا گیہون دریا قلہ کا ہمراہ پانی اور گھی ملا کر عورت کی چھاتی پر ضماد
کرین اگر گرم مزاج ہو لعاب سپغول کو ملا کر **فصل** چھاتی کے چھوٹا کرنے اور سخت کرنے اور کھڑی
رکھنے کی تدبیر مین جو عورت کہ اول اوسکو حیض ہووہ خون لیکر چھاتی پر ملین چھاتیان اوسیطرح
رہین گی دیگر لٹکی ہوئی چھاتی کو کھڑا رکھنے گنجائی بڑی برسات مین ہوتی ہی چالیس عدد ایک برتن مین
رکھکے آدھ سیر نمک اوسمین ڈالین اتنے عرصے تک کہ نمک اور گنجائی ایک ہوجاوے بعدہ چکنی مٹی ملا کر
سات روز چھاتیو نپر ضماد کرین دیگر سنگ مقناطیس یعنے چنبک کا پتھر اسگند زیرہ سفید سب کو
برابر لیکر کوٹ پیس کے چاول ساٹھی مین خمیر کر کے چھاتیو نپر ضماد کرین لیکن پہلے ضماد کردی کے چند سوئی
چبھوئین کہ کچھ تھوڑا خون نکل آوے ضماد کر کے چھاتیو نکو مضبوط باندھین اور چاہیے کہ دنرات مین
دو تین مرتبہ دوا مذکور ضماد کرین یعنی صبح کو دوپہر کو اور سوتی وقت اور سوئی کا چبھونا ایکمرتبہ کافی
دیگر کٹ دار چینی گوند کبر کا سبکو برابر لیکر بیسکے گائے کا مسکہ ملا کر ضماد کرین چند مرتبہ مین سختی آجاویگی
چاہیے کہ سینہ بند مضبوط باندھے رکھین دیگر کوٹ انار شیرین کا ایک سیر سرسون کا تیل تین سیر پانی بیس سیر سبکو
ملا کر جوش کرین جبکہ پانی جلکر خالص روغن رہجاوی تبکہ مرم چند مرتبہ چھاتی پر ملین اور یہ روغن سستی
ذکر کو بھی مفید ہے **فصل** جس عورت کی چھاتی چھوٹی اور ظاہر نہوتی ہو تو اوسکی تدبیر مین
چربی بیل اور گائے کی برابر ملا کر جوش کرین اور نیمگرم چھاتی پر ملین چھاتی ظاہر ہوگی دیگر
اسگند تیل دار چینی سبکو برابر لیکر باریک کر کے بھیلس کے مسکے مین ملا کر نیمگرم چھاتی پر ضماد کرین

باب امراض جگر و تلی و پیٹ و پسلیون اور دوسرے امراض بادی مانند لقوہ و فالج و مجھولہ وغیرہ کی

فصل تسکین دینے درد و تمین دوائی کہ سردی کی درد کو تسکین دیتی ہی لوبان پانی کے ساتھ پیسکر
عضو پر ملین اور آگ سی سینکین فوراً درد دفع ہوگا دیگر ایک شخص کو داہنی جانب جگر مین درد اوٹھا تھا سر مند

بیٹھیں بہت آدمی اس دوا سے مرض ضیق النفس والا اچھا ہوگیا اللہ کی مدد سے دیگر کھانسی یا ضیق
کہ سبب تری یا رطوبت کے ہو نفع کرتی ہے اگر مادہ بہت ہو پہلے پاک کرلیوین کہ نزلہ مین بے ہونا باعث
آفت کا ہوتا ہے اجوائن سفید دو حصہ افیون ایکحصہ بہدانہ کے لعاب مین پسیکر مقدار باجرہ کے
گولی باندھین وقت سونیکے ایک گولی کھلاوین موافق قوت اور طبیعت مریض کے دیگر کہ ضیق
اور پرانی کھانسی کو فائدہ دیوے منقول قرابادین معصومی سے ہی شحم حنظل بھنگرہ مرچ سیاہ دیودار
گندھک صاف کی ہوئی سونٹھ سبکو برابر کوٹ پیس کر سفوف کرین ایکدرم ہمراہ شہد کے یا نیکے دیوین
دیگر سرد کھانسی کو فائدہ دیوے لونگ نمک سانبھر ہر ایک ایکتولہ لیکر آدھا ہر ایک سی بریان کرکے سبکو
کوٹ پیسکے پانچ یا سات حصہ کرین ایکحصہ پانیکے ہمراہ صبح کو کھاوین دیگر کھانسی خشک و ترکہ ہوا سے
ناپاک سی ہوتی ہے بغیر نزلہ کی کہ تے اور ضعف لاتی ہے اور باعث ہلاکی بچون اور بڑونکی ہوتی ہے یہ
دوا فائدہ کرتی ہے ملٹھی چھیلی ہوئی نو ماشے سپستان تین دانہ پوستہ ساڑھے تین ماشہ نشاستہ سات ماشے
سونٹھ ساڑھے تین ماشہ شکر دس درم یعنی تین تولہ سبکو کوٹ پیسکے آدھ سیر پانی مین ڈالکر رات بھر رکھین
صبح کو جوش کرین جبکہ ڈیڑھ پاؤ پانی رہجاوے چھانکر مصری اور نشاستہ داخل کرکے مثل حریر کے پکاوین
بعدہ سونٹھ پسی ہوئی ملاکر نیمگرم مثل قہوہ کے پیوین تین روز تک جسقدر کہ کھانسی ہو گی دفع ہو جاویگی
اگر مرض بلغمی ہو دوا موافق اوسکے دیوین دیگر ضیق اور کھانسی بلغمی کو مفید ہے اور ہمراہ کھانسی کے
مادہ سینہ سے لاتی ہے پھٹکری پیل ہر ایکیا یکتولہ لیوین پہلے پھٹکری کو بھونکر پیل کو بھی ساتھ اوسکے
ملا لیوین تا یہ بھی پک جاوے جسوقت پھٹکری لاوہ ہو جاوے اوتار کر باریک کرکے نوٹ پر باندھین
موافق ضرورت کے جو مناسب ہو اور ایک پڑیا کھلانے سے کف بہت آتا ہے اور کھانسی اور ضیق
پرانی کو بہت مفید ہے لیکن طبیبون نے پھٹکری کی کھلانیمین کم اجازت دی ہے حق یہ ہے جب تک
دوسری دوا سے مطلب برآوے پھٹکری کو استعمال نکرین اور وقت زیادتی رطوبت کے دینا درست ہے
کیونکہ یہ خشک ہے خشکی سینے کو مفید ہو گی فصل دودھی کی زیادہ کرنیوالی دواؤنکی بیان مین نمک سنگ
زیرہ سفید دانہ الائچی بڑی پیل ہر ایک ساڑھے تین ماشے کوٹ پیس کے پیالہ بھر گائے کی دہی مین ملاکے

کھاتی ہو فائدہ کرتی ہی درخت انکول کے اندر کی چھال رائی تل کلسن پرانا گڑ ہر ایک ۱ پڑھ تولہ
لیکر کوٹ پیس کے گولی باندھین ایک گولی کھلاوین قے بہت آویگی اور آخر قے مین ملغم غلیظ لمبا مثل
چھپکلی کے نکلیگا ایک پہر تک قے جاری رہیگی پھر تھوڑی عرصے تک ٹھہر ٹھہر کے قے آویگی شام کو بالکل
موقوف ہوجاویگی چوتھی روز کم زوری اور حرارت اور پیٹ کا درد بہت اور پیاس شدت سے ہوگی
پانچوین روز قریب ہلاکت ہوجاویگا اگر بچ گیا تو صحت ہے اگر مر گیا مر گیا غذا سات روز تک چینی کی
روٹی بی نمک و بے روغن کھاوی پھر چودہ روز تک کھچڑی کم نمک اور بے روغن کھاوے دیگر پوست انار
کو جلا کر پیسو اور نمک ادرک پیس ملا کے گولی باندھکر منہ مین رکھین اور پانی اوسکا نگلجاوین کھانسی دور ہوگی
دیگر اسغول ہر صبح تھیلی بھر کھاوین اسیقدر شام کو بھی کھاوین بہت دنونتک ضیق النفس مین سکی دفع
ہوگی چنانچہ ایک مہینے مین کمی ظاہر ہوگی تین چار مہینے مین مرض بالکل جاتا رہیگا پھر احتیاطاً ایک
دو سال تک استعمال کرین دیگر مرچ سیاہ سیکی بھونی ہوئی چنا پوست دور کیا ہوا سبکو برابر کوٹ پیسکی
شیرۂ ادرک مین گولی باندھین اور کھاوین کھانسی کو مفید ہی دیگر ضیق النفس کو فائدہ کرتی ہی سہاگہ برابر
ایکتولہ باریک کرکے چار تولی شہد مین ملاوین سوتے وقت دو تین انگلی کھاوین دو تین روز مین صحت ہوگی
دیگر بارہ سنگھا جلا ہوا کہ سفید ہوگیا ہو ایکماشہ پیسکر شہد مین گولی باندھکر کھاوین دوسرے روز دو ماشے
اسیطرح ہر روز ایکماشہ بڑھاتی جاوین ایکتولہ تک اگر زیادہ کرنے سے حرارت ہو تو اسیقدر ترکیب سے
ایک ایک ماشہ کم کرین دیگر چھوٹی کڑوے کدو کا گودا نکالین اجوائن سیجی نمک سیاہ نمک سنک سبکو برابر لیکر
کدو مذکور مین بھرین پھر مغز مذکور کو بھر کر سر پوش کرین گل حکمت کی آگ مین جلاوین کہ تمام کدو جلجاوے بعد
جلی ہوئی دوا کو نکالکر روز ایک چٹکی کھلاوین دیگر دو ماشے تھوہر کا دودھ آک مین ملاکر اسکی بتیا بنین
اور بھونین اور وقت کھانیکے تین روز قبل نرم غذا دیوین چوتھے روز آدھا اس دوا کا مرد جوان صاحب قوت کو
کھلاوین جبکہ چھ سات دست آوین دیوین اگر اس سے بھی موقوف نہوں تو دہی خشکہ زیادہ
کھلاوین بعدہ نصف دوا باقی کو بھی کھلاوین تین روز تک شوربا کبوتر کا خشکے کے ہمراہ کھلاوین پانچ
چھ روز غذا نرم دیوین درمیان دوا کھانے مین چند روز پرہیز ہو اسی لازم ہی یعنے محفوظ گھر مین

پیوین سات روز تک اس دوا کو کھاوین تین روز تک گرمی در بیقراری اور دست اور قے
ہوتی ہی پس چاہیے کہ جو شخص اس دوا کو کھاوے حتی الوسع بیقراری کو سنبھالے اور جسوقت کہ زیادتی قے اور
دست سے بیقرار بہت ہووے اوسوقت کھچڑی مونگ چاول کی بہت گھی کے ہمراہ کھاوے بعد تین روز کے کسیطرح کی بیقراری
نہوگی اگر ضیق بیس برس کا ہوگا تو جاتا رہیگا دیگر بڑی کٹائی کی جڑ کو ٹکڑی ٹکڑی کرکے پاؤ سیر
پانی مین جوش کرین جسوقت تمام پانی جلکر مقدار پیالہ قہوہ خوری کی رہے اوسوقت اوتار لیوین
اور ہلاکی پیوین ضیق اور کھانسی دور ہوجاویگی دیگر بکری کی گردن کی چربی کا روغن اور روغن
چنبیلی کا برابر لیکر آگ پر جوش کرین تا کھولتا ہو پس اوپر سینے کی ملین اور سینے کو نرم کرین اسواسطے
کہ اخلاط کثیف نرم ہوکر کھانسی کے ساتھ باہر آوین دیگر خاک خنگلی کو تر کرکے ڈھیلی کی مقدار دو گولی
ہمراہ پانی کے کھاوین ضیق دور ہووے دیگر درخت چرچرا کا نمک تھوڑا تھوڑا دیوین سینے سے بلغم دور کرتا ہے
اور ضیق اور کھانسی دور ہوتی ہی اور طریقہ ان درختوں سے نمک نکالنے کا مقدمہ مین مذکور ہوا اور
خاک تھوہڑ کی سب جا کو سے بہتر ہی اور یہ بھی ہوسکتا ہی خاک تھوہڑ اور درخت چرچرا کی دونون باہم
ملاکر دیوین دیگر پرانی کھانسی کو دور کرتی ہی اور بلغم کو سینے سے بطریق قے کی دفع کرتی ہی بھٹ کٹائی
کو دو ٹکڑی کرین ایک ٹکڑا نمک ملاکر کھاوین پیتی کا پھول منہ مین کھیلین اور مغز تخم مین پھل پیسکے
ایکماشہ ہر روز کھاوین دیگر مغز کھیکوار دس سیر اجوائن پاؤ سیر پہلے مغز کھیکوار کو مٹی کے برتن مین بچھاوین
پھر اوسپر اجوائن بچھاوین اسطرح تہ بتہ کھین پس سر پوش بند کرکے آٹے سے مضبوط بند کرین آٹھ
پہر تک نیچے اوسکے نرم آنچ کرین بعدہ سرد کرکے کھیکوار اور اجوائن کو سایہ مین خشک کرکے ایکماشہ
ہر روز کھاوین خلط غلیظ سینے سے باہر کرتا ہے اور قبض کو بھی دفع کرتا ہے دیگر جو ہی کا پتہ گرم مین
لپیٹ کے کھلاوین دو تین روز مین ضیق دفع ہووے اگر جنگلی جو ہا ہو تو بہتر ہی اور قبل اس دوا کے کھانیکی
بدپرہیزی خوب کرین تا مرض خوب زیادہ ہو بعد اسکے دو سہ روز دوا شروع کرین غذا سات دن تک
گیہون کی روٹی خشک بے نمک کھلاوین دیگر ضیق النفس یعنے تنگی دم کو مفید ہے مکڑ کیا جالا انڈے وغیرہ سے
پاک کرکے گڑ مین گولی باندھکر کھاوین لیکن گرمی بہت کریگا دیگر ضیق النفس یا کھانسی پرانی جو کسی دوا سے

اس سے دم چڑھتا ہی اسکو ڈبہ کہتے ہین علاج اسکا جلاب دینا ہی اور یہ ضماد بھی مفید ہی جمع عربی
ایکتولہ ایلوہ چھ ماشہ مورد چھ ماشہ سبکو پیسکر گھیکوار کے پانی مین ملاکر سینہ پر ضماد کرین دیگر واسطے
کھانسی کے درخت مدار کی پتی مرچ نمک سا بھر برابر پیس کے بقدر مرچ کے گولی باندھین ایک گولی کھاوین
جو کھانسی سردی سی ہو اوسکو مفید ہی اور دمہ اور تاب تلی کو بھی فائدہ مند ہی دیگر درخت
مدار کے پھول کو کھلے نہون ایکحصہ مرچ چار حصہ دونو نکو ملا کر گولی باندھین دیگر مدار کے پھول کہ
جنکا منہ بند ہو آدھ سیر اجوائن پاؤ سیر کالا گڑ پاؤ سیر سبکو باہم پیسکے سائے مین خشک کرین صبح کو
ایک ہتھیلی بھر کھاوین ترشی اور بادی سی پرہیز کرین کھانسی اور دمہ اور باؤگولہ بلکہ سب امراض شکم
وسینہ دور ہو جاوینگے دیگر مدار کی پتی تازی نکلی ہوئی ہمراہ بنگلہ پان مصالح دار کی کھاوین
اسطرح کہ فصل جاڑونمین پہلے روز ایک پتا دوسرے روز ڈیڑھ پتا تیسرے روز دو پتی چوتھے روز ڈھائی
پتے پانچوین روز تین پتی پس چالیس روز تک ہر روز تین پتی کھاوین کھانسی دمہ وغیرہ سب دور ہو جاوینگا لیکن
ترشی اور شیرینی اور روغن سی پرہیز رکھین دیگر دمہ کو مفید ہی ریوند چینی ایلوہ سہاگہ سبکو برابر پیسکر
شیرہ کسوٹی مین مقدار چنے کی گولی باندھین صبح شام ایک ایک کھلائین غذا کبوتر کا گوشت اور مثل
اسکے کھاوے دیگر جرچرہ بجای تنبا کو حقہ مین رکھکر کھینچین دیگر السی باریک کرکے دو چند شہد ملا قوام
مصری مین ملاکر کھلاوین یا تین تولے السی قوام مصری مین خوش کرکے کھلاوین دیگر سیپی کو جلاکر شیرہ
ادرک مین پیسیں اور مقدار چنے کی گولی باندھکر کھلاوین دیگر درخت پیاسا نسہ خار دار مع جڑ اور پتی لاکر
سائے مین خشک کرین اور کوٹ پیسکے رکھ چھوڑین ہر صبح کو ہتھیلی بھر کھاوے ضیق اور کھانسی دفع
ہو گی دیگر بیر بم راکس سائے مین خشک کرکے پیسکے رکھ چھوڑین اور مقدار آدھ ماشہ یا کم وزیادہ موافق
مزاج کے گڑ مین دیوین یا نمبم کنکر باہر نکل آویگا جاننا چاہیے کہ دواندکور کو گڑ مین رکھکر گولی بناوین روز کھاوے
دیگر فقط پتہ گاری کا نگل جاوین اور غذا گائے کی گوشت کا کباب بناوین ایک روز مین ضیق دور ہو جاوے
دیگر ایلوہ مرچ دونون برابر لیکر کوٹ پیسکے ادرک کے شیرہ مین ملاکر مقدار کالی مرچ کی گولی باندھین ہر صبح ایک
گولی کھاوین دیگر ہینگ تھوڑا سا بمقدار مٹر گولی باندھکر نگلجاوین اگر ضرورت جانین تو اوپر تھوڑا پانی

پانی لیکر مصری ملاکی پیوین دیگر کہ امراض دل کو بجہت سردی کی مو فائدہ دیتی ہی پکر مول تین ماشے
کوٹ پیسکے شہد مین گولی باندھکر کھلاوین دیگر کہ ہول اور ناتوانی دل کو دور کرتی ہی گلاب
تین تولے مصری چار ماشہ دونونکو چاندی کی برتن مین ڈالکے آگ پر رکھین جبکہ پانی جلجاوے
اتار کی سرد کرین پس نوش کرین دیگر تپاک دل اور سیت بادا ور مالیخولیا کو مفید ہی چندن نیل نری
ریوند ختائی آنبہ ہلدی اسگند بڑ بھیڑہ آملہ تنتر یک ملٹھی سونٹھ جڑ اندرائن کی امل بید
الائچی چھوٹی کا کولی گھر کا کولی اجھر کنول ہاڑبنگ دارچینی مدماکھ عناب ناگیسر چوب لودار مید مہا
بتیج مغز املتاس منقے جائفل مجیٹھ مدبھار اچترک پھالسہ دھنیا چھوارہ پارہ پکر مول زیرہ سفید
پیپل مونتھ تالیس تنتر تنتر یک نتر پالا کھر سار یعنی مغز چوب کھرمخم کنج بیداری کند جوانسہ سبکو برابر
کوٹ پیسکے شیرہ بانسہ و شیرہ ترنج مین تر کرین اگر ترنج نہ ملے شیرہ لیمون مین تیار کرین اور ہموزن سب
چیزونکے مصری ملاوین اور تھوڑا شہد بھی بقدر معجون بنانیکے ہو داخل کرکے گوندین بعدہ دو تین ماشے سے
کھانا شروع کرین دس ماشے تک بڑھاوین ہر روز آدھا ماشہ زیادہ کرین اور دہی اور تیل اور
ساگ اور مچھلی سے پرہیز کرین دیگر کہ ہول دل کو مجرب ہے کوے کا گوشت پکا کر کھاوین

باب ۱ امراض سینہ اور پھیپڑہ مین

فصل امراض پھیپڑہ کی مانند کھانسی اور ضیق النفس یعنے دمہ کی دوا مین کھانسی کی عام قرقرحا
کالی مرچ پوست انار جہود بانسے کی تپ کٹائی کی جڑ ببول کی چھال سنجار سفید نمک سنگ نمک سانبھر
ہر ایک ایک ٹانگ افیون دو ماشے سبکو کوٹ پیسکے مقدار چنے کی شیرہ ادرک مین گولی باندھین پس گولی
منہ مین رکھیں اور پانی اوسکا نگلجاوین کھانسی سردی اور تری لی دور ہوجاویگی دیگر جوا کھار
ڈیڑھ ٹانگ مرچ تین ٹانگ پیپل چھوٹا ٹانگ انار دانہ بارہ ٹانگ پرانا گڑ آٹھ تولے سبکو پیسکے غلولہ باندھین
ایک گولی صبح کو ایک شام کو منہ مین رکھین اور پانی اوسکا نگلجاوین اور اگر بجای انار دانہ کی پوست انار
یا ہلیلہ داخل کرین بہت مفید ہی دیگر ہر قسم کی کھانسی دفع ہووے کاکڑسنگی کوٹ پیسکے مقدار
مرچ کی گولی باندھکر منہ مین رکھین دیگر واسطے مرض پھیپڑہ کہ یہ مرض بچونکو اکثر ہوتا ہے

ملا کی کان مین ٹپکاوین درد موقوف ہوگا دیگر کہ آوازکان اور پیپ کے بہنے کو بازرکھتی ہی سنبھالو
کی پتی چنبیلی کی پتی مارکی پتی بھنگرہی پتی املسن کی جڑ کیلی کی پتی تلسی کی جڑ سینجنے کی پتی بھٹ کٹائی
اورک پتی کریلی کی سب چیزون کا شیرہ علیحدہ علیحدہ نکالکر برابر لیوین اور تمام چیزون سے دوگنا
تیل تلی کا ملاوین اور سات روز تک رکھچھوڑین ہر روز اوسکو کسی چیز سے ملاتی جاوین بعد
ساتوین روز نرم آگ پر جوش کرین یہانتک کہ شیرہ سب جلکر خالص تیل رہجاوے پس ہر روز
دو مرتبہ چند قطری کان مین ٹپکاوین دیگر شہد خالص کان مین ٹپکاوین سب پیندہو جاویگی دیگر
لودھ باریک پیسکے تھوڑا کان مین ڈالین نجتگی اور پیپ اور گندگی کان کی دور ہوگی دیگر
مرغ خانگی کے انڈیکی سفیدی کان مین ٹپکاوین درد دفع ہوگا دیگر مور کا پرگلے کی گھی مین ڈبو
اور سرکہ ہندکا اور کوئین کا پانی ہر ایک آدھ سیر لیکر تمام کو ایک جا جوش کرین اسطرح کہ سوائے
روغن کے کچھ نہ رہی پس کان مین ٹپکاوین درد دور ہوگا دیگر تھوہر کی جڑ ٹکڑی ٹکڑی کرکے روغن مین
ڈالین پس کان مین ٹپکاوین درد سردی دفع ہوگا دیگر عجیب دوا ہی کہ درد کان کا فی الحال دفع
ہوتا ہی تازی مچھلی کو آگ پر رکھین جو روغن کہ اوس سے نکلے اوسکو تین روز تک صبح کو کان
مین ڈالین کہ سب تدبیرون سے نفع زیادہ ہوگا دیگر کان بہرہ ہونیکو دور کرتی ہی عورت کے
دودھ مین گیرو ملاکر چند قطری متواتر کان مین ڈالین دیگر کان کے ناسور اور پیپ نکلنے کو
نفع کرتی ہی چھوٹا گھونگہ جاندار پاؤ سیر کھرل مین باریک کرین برابر اوسکے تیل سرسون کا
ملاوین اور چوگنا ہر دوا کا یعنے چار سیر پانی ڈالین بعدہ اوسکو پکاوین کہ روغن رہجاوے چند
قطری کان مین ٹپکاوین اور اگر گھونگہ روغن مذکور مین بغیر پانی بھونکر کان مین ٹپکاوین تو بھی مفید ہی
اگر روغن سرسون کا نہ ملے تو روغن تلی کا ملالیوین دیگر کان کا کیڑا دور ہوتا ہی گھونچ پانی مین پیسکر
دو تین قطری کان مین ٹپکاوین باب دل کی دوا مین جاننا چاہیے کہ دل بڑا عضو ہی دوا اوسکی
بہت جلد چاہیے جسطرح کا کہ اسمین زیادہ ہو چند دوا اوسکی یہان لکھی جاتی ہین دوائی کہ تپک دل جو
بسبب گرمی کی ہو دور کرتی ہی دھنیا پانچمین بقدر حاجت تر کرکے تمام شب ہوا مین رکھین صبح اوسکا

ناسل مین چند پہر موقوف رہین جنانچہ تحلیل ہوجاویگا دوائی کہ سیندور کے کھانے سے گلا بند ہوتا ہی اسکو فائدہ
کرتی ہی گل چراغ کا کہ جسکو ٹیم کہتے ہین جلا ہوا پان مین رکھکے کھلاوین قی آویگی گلا کھلجاویگا اور اگر
سیندور کے کھانے سے تھوڑا زمانہ گذرا ہو تو سیندور بخبس اوسی طرح نکلے گا

باب امراض منہ اور زبان اور لب اور گلے کے بیان مین

فصل منہ کے امراض مین دوائی کہ منہ کی بدبو دور کرتی ہی سماق یعنے ترش کوٹ پیس کے
دانتون پر ملین دیگر منہ اور زبان اور لب کے زخم کو ایک روز مین دور کرتی ہی اور پھوڑی اور دانی کو بھی
بہت مفید ہی سیاہ تھوتھہ کوٹ کپڑے پر چھان تینونکو باریک کرکے ملین لیکن چاہیے کہ نیلے تھوتھہ کو بھون
لیوین تا سفید ہوجاوے دیگر کہ منہ کی بدبو دور کرتی ہی بودینے کی پانی سے منہ کو متواتر دھوون
دیگر سنجبین اور دھنیا اور مرچ سیاہ تینونکو پیسکر نہار کھاوین دیگر مشک قطع الائچی ملٹھی آملہ سب
برابر پیسکے گولیان بناوین اور ایک گولی منہ مین رکھین دیگر شراب کی بو کو منہ سے دور کرتی ہے
پانی کپاس کے بنوڑی کا کہ نیم پختہ ہو اور پکا نہوا وسکو سائے مین خشک کرکے رکھ چھوڑین بروقت
حاجت جلاوین بو دور ہوجاویگی دیگر اگر لہسن سارا درست ہمراہ مسکے کی حلق مین لیجاوے
بعدہ یہی دوا کہ شراب کی بو کو دور کرتی ہی چاوے بو لہسن کی مطلق جاتی رہیگی دیگر کہ خشک ہوتے
لب کو مفید ہی گھی اور نمک باہم ملاکر اوپر ناف کے رکھین دیگر مغز تخم تربز پیسکر اوپر لب کے ملین
دیگر کھیرہ کا سر کاٹکر باہم ملین جو کف اوس سے نکلے تازہ تازہ لب پر ملین فصل کان کے امراض مین
دوا کان کی درد کی شیرہ اور کرنلی کا تیل شہد نمک سنگ سکو ہموزن لیکر باہم ملاکر گرم کرکے
کان مین ٹپکاوین دیگر پتی مدار کی کہ زردی مائل ہو ہر دو طرف کھی ملکی توے پر رکھین جسوقت گرم ہو
دو قطرہ نیمگرم کان مین ٹپکاوین دیگر ہوت ہمراہ دودھ کے پیسکر نیمگرم کان مین ٹپکاوین دیگر اندرائن
دونون دور ہوجاوینگے دیگر املیا ہمراہ روغن چنبیلی کے جلاکر نیمگرم کان مین ٹپکاوین دیگر مینھی کے
دانونکو دودھ مین تر کرکے پلاوین اور کان مین بھی ٹپکاوین خارش اور درد پیپ بہنی کو بہت مفید ہی
اور بہتر دودھ کان مین ڈالنے کیواسطے عورت کا دودھ ہی دیگر مہاور ساتھ دودھ لڑکی کی پاشیا کے

پیسے کے مثل مسی کے دانت پر ملین احتیاط رکھین جلق مین نجاوی اور داڑھی کے بالو نمین نہ لگے جبکہ
ملنے سے پانی منہ مین بھر جاوے گرا دیوین پھر کلی کر کر پان کھاوین دیگر واسطے مضبوطی دانت کے
نمک دریا پیسکے مدار کے دودھ مین بھگوئین اور خشک کرین تین مرتبہ بعد اوسکے نمک کوٹی کے
برتن مین رکھین پھر اوس برتن کو آگ پر رکھکر آگ جلاوین اسطور پر کہ نمک بھن جاوے لیکن جلے نہین
پھر سرد کرین کتھہ نو ماشہ تو تیا چھہ ماشہ پھٹکری چھہ ماشے سب کو باریک کر کے ملاوین
پھر تھوہر کی پتی کے دودھ سے سب دوا کو تر کرین اور خشک کرین پھر پیسین اور
ناریل کے پوست مین رکھ چھوڑین ہر صبح تھوڑا اوس سے اوپر دانتو نکے ملین

باب علاج مین بیماری گردن اور گلے کے

خنازیر کہ ورم ڈھیلا گلے مین ہوتا ہی علاج اوسکا بڑی کتابو نسے ڈھونڈھنا چاہیے مگر
یہ دوا مفید ہی منڈی تین تولے پانمین تر کرین صبح ملکے چھانکر پیوین کئی مہینے تک اگر
مریض چھوٹا ہو ڈیڑھ تولی سے دو تولی تک دیوین وہ دوا کہ آواز بڑی ہوئی کو فائدہ بخشی
چاول گڑ مین پکا کر کھلاوین وقت سونیکے شکم سیر ہو کر کھاوین تھوڑی دیر کے بعد دو چمچے
پانی گرم پیوین اور سورہین پھر سرد پانی نہ پیوین دو تین روز ایسا ہی کرین وہ دوا کہ حلق
مین اٹکی ہوئی ہر یکو نیچے لیجاتی ہی اسپند ہمراہ پانی گرم کی دیوین دیگر تخم سرس کوٹ پیسکے
ایکحصہ دو حصہ شہد مین ملا کر ہانڈی مٹی مین کہ جسمین پانی نچھوا ہو سر بوش کر کے ماش کے
آٹے سے مضبوط بند کر کے چودہ روز آفتاب مین رکھین پھر منہ کھولین اور ہر روز ایکتولہ اوس سے
کھاوین اور ریادی اور ترشی اور مثل اوسکے سے پرہیز کرین بعنایت الٰہی ایکہفتہ مین دفع ہووے مجرب ہے ہر چند
کہ یہ دوا بہت بدبودار اور گندہ ہوتی ہی لیکن نفع اوسکا زیادہ اس سے ہے دوائی کہ خنازیر کو
دور کرتی ہی اور مجرب ہے ایلوا عربی بول بنسوت جوتری گاؤدس ماشہ ایک ساڑھے تین ماشی پتہ قنفذ یعنی
کچھوا دریائی کا کافور ہر ایک چار رتی زعفران پونی دو ماشی کچھکنی سات ماشے سبکو کوٹ پیسکے اکٹھا کرین
چھانین اور چار رتی نبو کے پانمین ملا کر ناس لین تین روز تک اسطرح کرین چند روز کی بعد پھر

مضبوطی کو مفید اور بی نظیر ہی دیگر درد دانتو نکو فی الفور دور کرتا ہے مجرب ہے عرق گندھا کا
تھوڑی روئی مین آلودہ کرکے درد والی دانتو نپر رکھین اور احتیاط کرین کہ دوسرے دانتو نپر
عرق نہ لگنے پاوے اور جاننا چاہیے کہ یہ عرق دانتو نکو آہستہ آہستہ بوسیدہ کرتا ہی اور گرا دیتا ہے
لیکن بہت دنو نمین مگر درد دانتو نکا دور کرنیمین حکم تیغ بران کا رکھتا ہی اگر اوس جگہ پہ سب
درد دانتو نکے ورم مسوڑہ اور گلی کا ہولہوا اوسکو بھی دور کرتا ہے دیگر درد دانتو نکا اور
ورم اوسکا اور دانتو نکی جڑ بسی خون جاری ہونا دور کرتا ہے اور مُنہ کی جوش کو نفع دیکوٹ دار ہلدی
ہلدی مجیٹھ ہر ایک کٹکی بوجھل موتہ لودھ ہر ایک پیسکے دانتو نپر ملین منجن کہ دانتو نکو جلا دیوے اور
گرنی سے باز رکھی مصطکی دارچینی الائچی کپور کچری کپور چین سونٹھ مرچ کتھہ نیلہ تھوتھا جڑا بالی
زیرہ دھنیا ہر ایک ایکتولہ نمک سنگ دوتولی کوٹ پیسکے منجن کری منجن کہ دانت کو مضبوط کرے
اور منہ مین خوشبو لاوی چنانچہ دلیر خانی واسطے نواب بائی کی بنایا تھا فائدہ کیا مصطکی کسیس
تخم مین پھل سونٹھہ بریان سنگ احت بریان سہاگہ بریان سنگ سہرمہ نمک سیندھا ہر ایک
ڈیڑھ تولہ مرچ سیاہ دھنیا بریان کتھہ سفید زیرہ بریان ہر ایک ڈیڑھ تولہ ناگر موتھہ چھ تولے
سبکو کوٹ پیسکے مسواک سی دانتو نپر ملین پانی سی غرغرہ کرین منہ کو صاف کرین پان کھاوین
وہ دوا کہ دانت کیڑی کھائی ہوئی کو فائدہ دیتی ہی نوسادر افیون دانت پر رکھین اوپر اوسکی
موم پگھلا کر چند مرتبہ رکھین دیگر کلونجی کوٹ پیسکے سرکہ مین ملا کے دانت کے نیچے دباوین کیڑا مرجاویگا
دیگر پھل بھٹ کٹائی کا مٹھی مکڑی وچھ کوٹکی عرق اوسکا منہ مین لین اور کلی کرین ہر روز صبح کو
درد کندگی اور گرم خوردگی جاتی رہیگی دیگر درد دانتو نکا جو سردی سی ہو دور ہوگا اس دوا کا
نام تریاق الاسنان ہے کالی مرچ عاقرقرحا ہینگ کچور نمک برابر کوٹ پیسکے شہد مین گولی باندھکے
سائے مین خشک کرکے ایک گولی دانت کی نیچے دباوین دیگر شحم حنظل کو گلے کی گھی مین جوش کرین
سلائی کے منہ پر روئی لپیٹین اور جو کف کہ اوپر اوس گھی کے آوی سلائی سی لیکر دانت پر
رکھین دیگر لیموں کے بیج کوٹکے نیچے دانت کے دباوین منجن کہ گوشت بڑھے ہوے کو نفع کری نیلہ تھوتھ

ڈیڑھ تولہ لیکر سبکو کوٹین اور پیسین عرق لیموں مین پھیر کپڑا تر کرکے خشک کرین تھوڑا اوس سے دانتو نپر
ملین اور پراوسکے پان کھاوین دانت رنگین ہوجاوے دیگر درد دانتو نکا دور ہوجاوے پھٹکری
جلائی ہوئی اور مسی ملاکر ملین دیگر دانتو نکو صاف کرتا ہے کتھہ اور پٹہ پاکتھہ اور کشمیری کتھہ سونٹھہ
نیلہ تھوتھا بھونا ہوا سب کوٹ پیسکے ملین دیگر جو دانت کہ ہلتے ہین مضبوط ہوجاوین اور درد
دور ہوجاوے پھٹکری بھونی ہوئی اور نمک ملاکر دانتو نپر ملین دیگر درد دانتو نکا جاتا رہے
بابرنگ کو ٹکر پوٹلی باندھی دانت کی نیچے دباوین لعاب باہر پھینکین دیگر نرپھلہ ترکٹ مازو پھل
کتھہ لودھہ کہ سب نو دوائین ہین ہر ایک ایکتولہ نیلہ تھوتھا بھونا ہوا چھ ماشہ سب باریک پیسین
دیگر گٹھلی زرد آلو نمک دونو کو باریک کرین سب ملاوین دانتو نپر ملین یا سرکہ ساتھہ نمک کے منہ مین
لین یہی فائدہ کرتا ہے درد خواہ گرمی خواہ سردی ہو دیگر ایکساعت مین درد کو دفع کرے
منٹے دو عدد یا تین عدد تھوڑی روئی مین لپیٹ کی پانی سی تر کرکے تھوڑا کچل کے جس دانت مین
درد ہو دباوین وہ دوا کہ درد دانتون اور کیڑے کو مفید ہی اور کیڑے کو باہر لاوے بابرنگ کوٹین
پانچ چھہ پوٹلی باندھین پانیمین جوش کرین پس ایک پوٹلی لیکر دانت کی نیچے دباوین جبکہ سرد ہووے
دوسری دباوین کیڑی اندر پوٹلی کے جمع ہونگے دیگر مسی سفید چھوٹی الائچی سونٹھہ لعبت بربری
نیلہ تھوتھا ہر ایک ایکتولہ معصطگی رومی کباب چینی پھٹکری ہر ایک تین ماشے آملہ پانچ عدد بیخ
کنیر سفید کی ڈیڑھ تولہ اول نیلہ تھوتھے کو گھی مین بھونین بعدہ سبکو کوٹ پیسکے دانتو نپر ملین درد
اور جنبش کو نفع دیوے جاننا چاہیے کہ مسی دو امشہور ہی اکثر عورتین دانتو نپر ملتی ہین ترکیب اوسکی بعضی کہو
اور بعضی سفید ہی لیکن اسجگہ سفید مطلوب ہے دیگر کہ درد دانتو نکو دور لری اور جڑ کو مضبوط کرے
گوشت مسوڑونکا جو گل گیا ہو نکال لاوی نیلہ تھوتھا کٹ ہر ایک ڈیڑھ تولہ نمک لاہوری سات ماشے
کتھہ سفید تین ماشے زیرہ بھونا ہوا تین ماشے دھنیا بھونا ہوا سات ماشے سونٹھہ دو ماشے مرچ دو ماشے
مصطگی کبیر کچری کباب چینی ہر ایک دو ماشے سب دواؤنکو کوٹ پیسکے نیلہ تھوتھے کو آگ پر
بھون لیوین سب ایکجا کرکے صبح و شام ملین چار گھڑی تک پانی دانت سے نہ لگاوین اور یہ منجن دانتون کے

دانت پیسنجین دمامسپیاری چھالیہ کتھہ سفید نمک لاہوری ہر ایک ساڑھے سات تولے مصطگی ڈیڑھ تولے
مرچ پیپل ہر ایک دو ماشے دونا نگ سپیاری کو نمی کی برتن مین آگ پر رکھکے جلاوین تمام دواؤنکو باریک پیسین
منجن بناوین دیگر مازو پھٹکری ہر ایک ڈیڑھ تولہ اکتھہ سفید نیلہ تھوتھا نو ماشے نیلے تھوتھے کو بھونے تا
سفید ہوجاوے بعد تمام دواؤنکو باریک پیسکے منجن بناوین اور جا بجا نیچادین منجن کے خوزہ کو مصطگی
تیلی کی تہی خشک سات ماشے زنگار ہر تال طبقی ہر ایک ڈیڑھ تولہ سبکو پیسکے سرکہ تیز مین تر کرین ٹکیہ
سکو پرین رکھین اور گل عکست کیکے آگ مین رکھین جبکہ مٹی اوپر کی سرخ ہوجاوے دواکو نکالکر دو رتی
چار رتی تک دانتو نپر چھڑکین ہر کیب مسبی کی لعاب پوست انار کا ہر ایک آدھ سیر مازو پاؤ سیر
پھٹکری ایک سیر چاروں کو مثل سرمے کے پیسین اور دانتو نپر ملین دیگر دانتو نکی درد کو دور کری ترچ
سندروس کوڑی جلائی ہوئی گلاب کے پھول کوٹ پیسکے منجن کرین جنبش اور درد دانتو نکا جاتا رہے
دیگر پھل پاکر کو مثل کسیس کے ہوتا ہے پانیمین ڈالکے جوش کرین نیگرم کلی کری ویسا ہی فائدہ کرتا ہے
جنبش دانتو نکی کہ سبب چوٹ یا مثل اوسکے نہو فائدہ کرے جڑ دانتو نکی مضبوط کری پھٹکری
بھونی ہوئی سپیاری ترچ مرچ آملہ نمک برابر کوٹ پیسکے ملین سپیاری کو جلا لیوین آدھی آملونکو
بھون لیوین وہ دوا کہ دانتو نکی جڑ کی خون کو موقوف کری عود ہندی اگر کو جلاوین خاک اوسکی لیکر
برابر اوسکے پھٹکری بھونی ہوئی ملاوین اور ملین تھوڑا سا نمک بھی شریک کرین وہ دوا کہ درد اور
درد کو دور کری سونٹھ اور سونا مکھی اور بابرنگ اکسیس کتھہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ نیلہ تھوتھا بھونا ہوا
پانچ ماشے کوٹ پیسکے لگادی وہ دوا کہ دانتو نکو صاف کری پان کھانے پر رنگ مسی دیوے
سونا مکھی نو ماشے نیلہ تھوتھہ ڈیڑھ تولہ دونون پیسکے لوہے کی برتن مین رکھین اور سر لکڑی مین سیا
چپکا کر عرق لیمو نکا ڈالکر اوسی خوب گھوٹین بھلیتک گھوٹین کہ ڈیڑھ سیر عرق لیمون خرچ ہووے کپاس سے تر کرکے
خشک کرین جسوقت کہ تھوڑا اوس سے دانتو نپر ملین اور پان کھاوین رنگ مسی ظاہر ہووے دیگر
چھوٹی بڑی مائین پھٹکری شہد دھنیا بھونا ہوا کتھہ سب باریک کرکے دانتو نپر ملین اور سپر پانی پیوین
خون دانتو نکا بند ہوجاوے دیگر کہ رنگ مسی کا دیوی خشک سونا مکھی نیلہ تھوتھہ سیر اکسیس کتھہ ہر ایک

نمک سنگ عرق لیمو نمین پیسکر زبان پر رکھین تو لعاب زبان سی بہت نکلیگا دیگر پھٹکری باریک
پیسکر اچھر پر ملین منہ کھلا رکھین بطوبت نکلجاوے دیگر پتی انجیر کی ڈھائی عدد مٹھی نو ماشے
بیج انڑی نو ماشے سبکو پانی مین پیسکر غرغرہ کرین دیگر ترہیلہ کھیر کی لکڑی چنبیلی مسبتی لکڑی جوش
کرین اور غرغرہ کرین دیگر لودھ گیرو مرچ سیاہ ہر ایک چہار ماشی پھٹکری تین ماشی نیلا تھوتھا دو ماشے
باریک کرکے زبان پر ملین صبح و شام بکرم خدا دو مرتبے مین صحت ہوجاویگی دیگر لیمون کو
دو ٹکڑے کرین تخم اسکے دور کرین گوگل باریک کرکے اندر لیمون کے ڈالین آگ پر رکھین جبکہ
گرم ہو جوسین دیگر سرسی دانہ ہای زبان کو فائدہ کری رسوت ساتھ عرق لیمو کے ملا کر زبان پر
ملین دیگر فلاح یعنی جوشاندہ زبان کو کہ جسکو نباتہ کہتے ہین نفع کری دانۂ الائچی فوفل یعنی سپاری
کتھہ دھنیا خشک جلائی ہوئی پھٹکری جلی ہوئی سب برابر کوٹکے منہ مین چھڑکین دیگر درخت
زبان کو دور کری میتھی نو تولی چھوارہ چھ تولے انجیر خشک تیس عدد سبکو پیسین اور بیچ ڈیڑھ من
پانی کی پکاوین جبکہ آدھا ری ملاوین غرغرہ کرین دیگر سستی اور ڈھیلا ہونا زبان کو مفید ہو
ایک شخص کو بسبب ڈھیلا ہونی زبان کے بولنا بند ہوگیا دارچینی حماما بابچھڑ ہر ایک نو ماشے
تیج پات اجوائن زرا وند طویل تخم کرفس تخم اسپت مصطگی سالیوں دو فولہ سبون ہر ایک
ساڑھے تین ماشی موتی کہربا برابر ایک سات ماشے کوٹ پیسکے گولی بناوین خوراک ایکدرم پانی یا
پورانی شراب کے ہمراہ وہ دوا کہ گنا و کو مفید ہے رسوت پانی یا کلاب مین ملا کے تھوڑا سا کہ ڈالکے
طلا کرین اگر منہ خشک ہو اور درد پیدا ہو روغن گل بنفشہ کرکے غرغرہ کرین وہ دوا کہ دانتونکو
جلادے اور درد کو دور کری نمک سنگ ہر ایک ساڑھے تین ماشی سونٹھ دھنیا بھونا ہوا زیرہ سفید
بھونا ہوا کسیس کتھہ مرچ سیاہ مصطگی ہر ایک نو ماشے کوٹ پیسکے منجن کرین وہ دوا کہ دانتونکی
واسطے مفید ہے اور مضبوط کری مازو خاردار نمک سیندھا باریک کرکے منجن کرین مو چرس
ڈیڑھ تولہ مرچ سیاہ دس عدد دھرجان دو رتی باریک پیسکے دانت پر جماوین پچاس روز تک بہت
خوب ہے وہ دوا کہ کیڑا دانت کا نکالڈالے تخم پیاز آگ مین جلاوین دھوان اوسکا نرکل کی راہ سی آہستہ آہستہ

چھوڑ لیے سوراخ کرکے اور تخم اوسکے دور کرین تھوڑی افیون پانی مین جلکر کے اسمین ڈالکر تہ کو پہونچے
اور تھوڑی مسی بھی بیچ مین ڈالکر کچی پیاز کے بیچ مین رکھکر لیموں کو اگ پر رکھین کہ جوش مارے پھر پارچہ باریک اوپر منہ لیموں کے
بچھاکر اوس جانب نیگرم آنکھ پر رکھین ایکقطرہ آنکھ کے اندر جانے دیوین اگرچہ لیموں جلتا ہو پانی
بہت برلاویگا جلد سرخی جاتی رہیگی اور ورم بھی جاتا رہیگا دیگر پھٹکری بھونی ہوئی گھی سات قطرہ
پانی سے دھوکر ملاکر پلک آنکھ مین لگاوین دانے کھٹے انار کے خشک پانیمین افیون قدری دونی اسکی
پھٹکری ملاکر جوش کرین کہ گاڑھا ہوجاوے گولی باندھکے رکھین وقت ضرورت گلاب مین یا پانی مین
گھسکے آنکھ مین لگاوین درد آنکھ کا کہ سبب سیل یا دے ہووے دور ہوجاوے نیم کی پتی املی کی پتی سرس
کی پتی ہلدی پھٹکری افیون ہر ایک پونی دو ماشے کو ٹکے پوٹلی باندھین پانی مین گھین ساعت بساعت
آنکھ مین پھیرین سوجن آنکھ کو دفع کرے آنکھ اٹھنے کو رفع کرے بڑی ہڑ سنگ بصری برابر پانی یا
گلاب مین گھسین اوپر پلک چشم کے لگاوین دوا واسطے درد آنکھ کے مجرب ہے افیون پھٹکری بھونی ہوئی
اوپر توتیا لوہے کے رکابی دستہ لوہے سے گھسین تھوڑا عرق لیموں کا ڈالین کہ سیاہ ہوجاوے
پشت چشم پر ضماد کرین دیگر سرخی آنکھ اور درد کو ایک پہر مین دور کرے ہلدی لودھ پھٹکری ہر ایک
چھ چھ ماشے کونگا ایکعدد شیرۂ املی کہ جسمین سونا چاندی بجھائی ہین اور ملتے ہین دوا کو کوٹکر اوس
پانیمین ملاکر ڈیلی باندھکر ساعت بساعت آنکھ مین پھیرین کہ قطرات آنکھ مین جاوین دیگر سرخی
اور سوزش آنکھ کو دور کرے تتی انار کی پتے کے ٹکیہ آنکھ پر باندھین اور گلاب کے ساتھ بہت مفید ہے
دیگر سونٹھ صندل سرخ زرد چوبہ ہر زرد برابر گلاب مین گھسکر اوپر آنکھ کے طلا کرے تھوڑا آنکھ مین جانے دیوے

باب بیماری زبان و جڑ دانتون و ورم و سختی زبان و کھردری ہونا زبان کا

کہ اسکو سہندی مین اچھر کہتی ہین مغز کرنجوہ زیرہ سفید تواکھیر دانہ الائچی کلان کونپل نیم کی چھال
گوندنی آنبہ ہلدی ہر ایک دو ماشے پانیمین پیسکر چنے برابر چونہ ملاکر کھلاوین صبح کو اگر حرارت ہو آملہ
پانیمین تر کرکے پانی دسکا بعد اوسکے یا قبل اسکے پلاوین آملی کو پیسکے بدن پر ملین دیگر مغز کرنجوہ

حسن چرایتہ مرچ سیاہ سونٹھ ہلدی ست گرچ کا دھنیا چھال نیم کی ہر ایک ڈیڑھ تولہ بار یک
کر کے ڈیڑھ سیر گائے کے گھی مین ملاوین جو شاندہ تر پھلے کا اور دو دھ اور عرق بانسہ اور بھنگرہ
مذکور کو اضافہ کر کے دیگچی مین جوش کرین جسوقت کہ دودھ جلجاے اور روغن رہجاے احتیاط سے
رکھین صبح کو پہلے روز سوا تولے اور دوسرے روز ڈیڑھ تولے تیسری روز تین تولے کھاوین
پھر تین تولے ہمیشہ کھاتی رہین اور تھوڑا آنکھ مین بھی لگاوین دس روز مین نفع تمام ظاہر ہوگا
عجائب ہے جاڑے مین کھانا چاہیے کہ قبض کو بھی دفع کرتا ہے **فصل رتوندی** کے بیان مین
ہر صبح تین تولے گائے کا گھی کھلاوین کالی مرچ اور لونگ گھوڑے کی مُنہ کے لعاب مین پیسکے آنکھ
مین لگاوین دیگر خون تازہ گدھے کا آنکھ مین ٹپکاوین اور پیپل دہی مین پیس کے آنکھ مین لگاوین دیگر
جگنو جو رات کو چمکتا ہی اتوار کی رات کو ساتھ بگلے پان کے کھلاوین پیپل رات کو درمیان بکری کے
جگر کے رکھکے آگ مین جلاوین پھر پیپل مذکور کو نکالکر آنکھ مین لگاوین **فصل کھرپکنی** آنکھ مین
کا پھل جا پھل روغن چنبیلی مین پیسکر آنکھ مین لگاوین وہ دوا کہ بانسی اور ہر بال اور ڈھلکہ اور
جالہ اور باد چشم کو نفع دیوی جست تین تولے لوہے کے برتن مین پگھلاکر عرق ساگ بتھوے کا اوپر جست کے
ٹپکاوین جبکہ جست خاک ہوجاوے اور رنگ راکھ کا زرد مائل بسفیدی ہو باریک پیسکے آنکھ مین لگاوین
وہ دوا کہ سفیدی آنکھ کو اگرچہ موٹی ہو اور دیدے کو چھپا لیا ہو مجرب ہے مغز بنولے کا تیل نکالین
کف دریا آٹھ رتی ڈیڑھ تولے روغن مذکور مین ملاکر آنکھ مین لگاوین دیگر آملہ سات ماشے پانی مین
بھگو کر مانجھ اوسکا آنکھ مین ٹپکاوین **فصل رمد** کے بیان مین کہ سفیدی آنکھ کی ورم کرے کہ جسکو
یونانی در دنیج کہتے ہین لڑکونکو بہت ہوتی ہی اور آنکھ کی پلک کی اندر سوج جاتا ہی اصل
علاج فصد اور جلاب ہی موافق مادہ کی اور یہ دوا لودھ پھٹکری مردار سنگ ہلدی زیرا ایک ایک
ماشہ افیون دو رتی مرچ چار عدد نیلا تھوتھا تین تولے سب باریک پیسکے کپڑے مین پوٹلی باندھکی سرد
پانی مین یا پوست کے پانی مین ڈالکر آنکھ پر پھیرین چنانچہ مشہور ہے انجیر لیکر لوہے کی توے پر دستے سے مسین کہ
مثل مسکے کی ہوجاوے اوپر آنکھ کی لگاوین اگر کبری کو پیسکے آنکھ پر لگاوین تو بہی ایک لیموں کا غذی لیکر

لیمون کا تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاوین پھر گولی بناکر رکھین وقت بنانے گولی کی تہ رو ہو مچھلی کا بھی
داخل کرنا بہتر ہی وہ دوا کہ آنکھ کی پھولی دور کری مصری ساتھ دودھ عورت لڑکی والیکے پیسکے
آنکھ مین لگاوین دیگر کہ ضعف بصر کو نافع ہی زعفران عورتکی دودھ مین پیسکر آنکھ مین لگاوین بہت فائدہ
ہوتا ہی دیگر کڑوی کدو کے بیج کا مغز ساتھ تیل تل کے ملاکر آنکھ مین لگاوین پھولی پورانی اور نئی
جاتی رہے دیگر نرسی یا نیمین پیسکے آنکھ مین لگاوین دیگر شہد خالص تین تولی اور پیشاب کالی بکری
ڈھائی پاؤ تر پھلے کو پیسین اور ساتھ شہد و پیشاب کے ملاوین چار پہر رکھین پھر تانبے کی سلائی سے نوا کر
آگ مین سرخ کرکے بیچ اسکے سات مرتبہ بجھاوین پھر سلائی کو دھوکر رکھین کبھی کبھی آنکھ مین کھینچیے
لیکن سلائی صاف ہو کہ آنکھ نہ چھلے دیگر دوا کہ جائی کو کاٹتی ہی سنگ بصری نیلہ تھوتھا بھونا ہوا
مصری پھٹکری پیپل سب دو برابر لیکر پیسکر سرمہ بناوین یا رہ سنگھا عورتکی دودھ مین گھسکر آنکھ
مین لگاوین اور چنبیلی کے پھول مین تھوڑی مصری ملاکر گولی بناوین آنکھ مین لگاوین دیگر دوا کہ
ڈھیلے کو مجرب ہے چمگادڑ جو چیز کہ منہ سے گراتا ہے یا نیمین پیسکی ناک کے سوراخ مین دو تین قطرے ڈالیے
اوس سوراخ مین کہ آنکھ سے اوس جانب پانی نہ آتا ہو نسخہ دیگر میر معین الدین خان اکثر بناتی تھی اور
سب مرضون آنکھ کو مفید تھا سرمہ اصفہانی تین تولہ سنگ بصری ایکتولہ موتی دو تولہ ممیرا چھ ماشے
سونے کے ورق چار ماشے مونگا سوا تولہ سوا سو نیکے آٹھ روز پہلی ساتھ پانی ہڑ کی پھر گلاب کے
بیچ سنگ سماق کے گھسین نو روز موتی کی ورق داخل کرکے گھسین کہ نوروز تمام ہو جاوین
اور کسی چیز مین نکال رکھین اور سلائی سے آنکھ مین لگائین شرط یہ ہے کہ وقت پیٹ بھرے اور نشے کے
نہ لگاوین دیگر بال زائد کہ ہندی مین ہر بال کہتے ہین دفع ہو جاوے خون کتی کی بچے کا اور خون ٹھل کا اوسکے
اوسکے ملین مجرب ہے دیگر وہ دوا کہ سبل کو مفید ہی اور سبل اوسکو کہتے ہین کہ آنکھ سرخ ہو جاتی ہی اور
کھجاتی ہی اور اثر دوا کا ہین جلد نہین ہوتا ہی ہڑ بہیڑا آملہ ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ عرق بانسہ کا کہ پھول
اوسکا سفید ہوتا ہی دو دھ بکری کا عرق بھنگر سیاہ کا ہر ایک ڈیڑھ تولہ تر پھلا مذکور کو دو تین سیر
پانی مین جوش کرین جبوقت کہ تین پاؤ رہی چھانکر ہر بہیڑا آملہ ملٹھی مجیٹھہ ستاور مغز کنول گٹہ

ملٹھی کو پیسین اور روئی اوسمین آلودہ کرکے آنکھ کی پلک پر رکھین دیگر کندر ساتھ پانی یا گلاب کے
پیسکے صبح وشام آنکھ مین کھینچین دو تین روز مین ناخنہ دور ہوجائیگا وہ دوا کہ مسافر کی آنکھ بسبب
گرمی آفتاب کے درد کرتی ہی کام مین لاتے ہین ہلیلہ زرد دو تولہ اور دو تین نیم کی پتی باہم آنکھو کو ٹین
اور ملاوین بعدہ چکنی مٹی مین رکھکر آگ مین جلاوین جسوقت کہ مٹی سرخ ہوجاوے اوسوقت وا ندکور کو
اوسمین نکالکر رکھچھوڑین بروقت حاجت تھوڑی آنکھ مین لگاوین تاریکی اور غبار جاتا رہیگا اور نفع
ظاہر ہوگا فائدہ اگر کوئی شخص ہمیشہ ہر روز سوئیکی سلائی آنکھ مین کھینچے روشنی آنکھ کی زیادہ ہوگی
آزمودہ ہی وہ دوا کہ آنکھ کے درد کو دور کرتی ہی درخت کٹائی کی پتی کا پانی آنکھ مین لگاوین درد
فوراً ٹھہر جاوے اور اگر اوسکی پتی کی پٹڑی بنا کر آنکھ پر باندھی تو بھی صحت پاوے دیگر آنکھ کی میل
اور چیٹر کو دور کرتی ہی مغز ہلیلہ عورتکی دودھ مین پیسکر ہر روز آنکھ مین لگاوین فائدہ پتی کپاس
کی دہی مین خوش کرکے پشت آنکھ پر باندھین رمد کو دور کری دیگر ترجمہ عربی عبارت کا سرمہ عجیب ہی
منع کرتی آنسو بہنے اور رطوبت آنکھ کو مجرب ہے بشرطیکہ رمد ہو ہلیلہ کابلی لاوین اور بوسیدہ خمیر اور
بریان سی کیا جاوے اینٹ پر تنور مین یہانتک کہ خمیر بریان ہووے وبعدہ گٹھلی ہلیلے کی نکالکر ایک
دانگ زعفران کے ہمراہ آنکھ مین کھینچین اور وہ اثر عجیب رکھتا ہی اور مجرب ہے دواڈھلکہ کی جا کچھیلا ہوا
کپڑ لیسے چھانکی دو حصے سنگ بصری اور سونی کف دریا اور موگا اور بول اور طوطیا اور سونا مکھی اور
ناگر موتھا چھوٹا سب برابر خوب پیسکر ساتھ چاکسو کے ملاکر مثل سرمے کے آنکھ مین لگاوین پانی نکلنا بند
ہوجاویگا دیگر میل کا ن کاٹین روز تین تین مرتبہ آنکھ مین ڈالین دیگر واسطے ناخنہ آنکھ کے پانی کرفس اور
سماق کا آنکھ مین ڈالین دیگر ناخونی کو کاٹین زعفران ساتھ پانی کے پیسکے آنکھ مین لگاوین دیگر نوسادر سرا وسکا
مانند قلم کی باریک کاٹین دس سے ناخونہ کو آہستہ آہستہ چھیدین یعنی حرکت دین ایک روز مین دو تین
مرتبہ چند روز مین تمام ناخنہ جاتا رہیگا دیگر ناخونہ اور ڈھلکہ اور پھولہ کو مفید ہی نیم کی لکڑی ایک بالشت لیکر
سرا وسکا کچلین درمیان مین اوسکے تھوڑا سا نبا اور سہتہ اور کوڑی زرد سمین رکھین اور جا دیوین اوپر
کانسے کی تھالی مین سنگ بصری تھوڑا پیسکے رکھین فی راس لکڑی کے سمین کہ جسمین کوڑی لگی ہی اور عرق

کرو آنکھ کے متواتر ملین پلکون کی گر جانے اور خارش آنکھ کو فائدہ دیتی ہی دیگر سفید پیاز کا پانی اور
شہد برابر ملاکر وقت سونیکے آنکھ مین لگاوین تمام بیماریونکو نفع دیتا ہی دیگر کھجلی آنکھ کو مفید ہی
ایلوا رسوت پوست ہلیلہ زرد وشیاف ماہیتا کہ نسخہ مرکب ہے برابر آنکھ مین لگاوین دیگر جوشاندہ
قطور یون کا پانی تزلہ کو منع کرتا ہے دیگر قطور یون دقیق تین درم کہ وہ ایک گھاس ہے روم سے
آتی ہی تربد ساڑھے سات ماشے بسفایج دو تولہ مویز منقی ساڑھے دس ماشے سکو دو سیر پانی مین جوش
کرین جبکہ تہائی حصہ باقی رہی ساتھ چار ماشے ابارج فیقرا کے کہ نسخہ مرکب ہے ہر ہفتہ مین ایک مرتبہ
کھاوین دیگر ترجمہ عبارت عربی کا ایک عورت تھی کہ بینائی اوسکی ضعیف ہوگئی تھی راہ چل
نہین سکتی تھی پس اوسکو حکم کیا صاحب کتاب نے کہ سات روز مسکہ سر پر ملی اور مینہدی لگاوے
اپنے سر اور بدن مین اور کھاوے روٹی گیہونکی اور دودھ گاے کا قند یا شکر ڈالکے مطابق اسکے کیا گیا
اور بینائی اوسکی درست ہوگئی اور ملنا مسکے کا اوس شخص کو کہ جسکو ضعف بصر بسبب خشکی کے ہے فائدہ
بہت کرتا ہے دوا کہ پانی اوترے ہوے کو فائدہ دیتی ہے بیٹ سانڈ بکی آنکھ مین اور بہتر علاج اسکی شروع مین
گل دیتا ہی دونون کنپٹیون پر جسجگہ رگ کودتی ہی کان کے قریب دیگر واسطے نزول الماء کے نرمل کہ کتھ پھل
کہتے ہین شہد مین پیسکر آنکھ مین لگاوین دیگر امراض آنکھ کو نہایت مفید ہی جست مارے ہوے اور پھٹکری
بھنی ہوئی کو ہموزن لیکر پیسین اور آنکھ مین مانند سرمے کے لگاوین دیگر کہ ڈھلکے کو منع کرتا ہی ہلیلہ سیاہ
یعنے زنگی ہڑ مانی یا گلاب مین پیسکر آنکھ مین لگاوین دیگر شیرہ کھیکوار ایکقطرہ آنکھ مین ٹپکاوین اور
سوویں ڈھلکہ اور سرخی اور گرمی دور ہوتی ہی دیگر پھولہ اور جالہ اور دھندلا دکھائی دینا
دور کرتا ہی اور ایکلحظہ مین آنکھ مثل آینہ کی روشن ہوجاتی ہی مجرب ہے ہڑی کٹائی کی جڑ پیسکے
عرق مین گھسکے آنکھ مین کھینچین دوا معمی یعنے ڈھلکہ اور نزلہ اور پھولہ اور دوسرے مرضونکو بھی مفید
مرچ سیاہ لیوین اور پوست سیاہ کہ اوسپر ہی چھیلکر دور کرین اور منغز تخم سرس بھی ہموزن مرچ سیاہ کے
لیوین ہر دو کو علیحدہ علیحدہ باریک پیسین اور ہمراہ شہد خالص کے ملاوین خواہ بطور معجون کے رکھین
خواہ گولیان بنالین ساتھ شہد یا پانی کی حلکہ کے آنکھ مین لگاوین دوا کہ آنکھ کی سرخی دور کرتی ہی

آملہ بارہ تولے مصری دس تولے ملٹھی ڈیڑھ تولے پیپل ڈیڑھ تولے نمک سنگ ڈیڑھ تولہ بنسلوچن
ڈیڑھ تولہ سبکو پیسین گھی سی چرب کرین شہد خام مین گولی باندھین اور کھلاوین بوزن غو
ماشے کی اس ترکیب کو دھنیا امرت کہتے ہین وہ دوا کہ آنکھ کو روشن کرتی ہی تمام چرکٹ آنکھ سی
دور ہو جاتی ہی مغز گٹھلی ہڑ کا اور مغز گٹھلی بہیڑا اور آملہ دار چینی سنگ بصری ملٹھی ہر برابر لیوین اور
پیسین بساتھ گلاب کے ملا کی گولی بناوین وقت سونیکے پانچمین گھسکر آنکھ مین لگاوین دیگر
سرمہ سانپ اور بچھو کا آنکھ کو روشنی دیتا ہی اور تپلی جو پھٹ جاتی ہی اوسکو اچھا کرتا ہے گائی کا
دودھ بہت لیکر جوش کرین جبکہ آدھا رہجاے بڑے برتن مین مچھرین اور ایک سانپ کالا اوسمین ڈالدین
اور چار بچھو کچل کے اوسمین چھوڑ دین اور منہ اوس برتن کا بند کر کپڑ مٹی کر دین کہ ہوا نہ جاے رکھ
چھوڑین بعد اوسکے منہ برتن کا کھولکر ہڈیان سانپ کی باہر پھینکے اوس دودھ سی مسکہ نکالکر
رکھین بعد اوسکے ایک مرغ لاکر پایہ و سقمونیا باہم پیسکر کھلاوین کہ پیٹ اوسکا چلی دوسرے روز
وہ مسکہ آنکھ مین ملا کر مرغ مذکور کو کھلا دی اور جو بیٹ کہ وہ مرغ کرے اوسکو جمع کر کے وقت ضرورت
آنکھ مین لگاوے دیگر ہڑ کی گٹھلی کا مغز و کالی مرچ و پیپل و آملہ دار چینی سنگ بصری و ملٹھی وزن برابر
پانی مین پیسکے بقدر سرخ یعنے گھونگچی کے گولی باندھین اور سایہ مین خشک کرین وقت ضرورت ایک
گولی پانی سر دمین گھسکر سونیکے وقت آنکھ مین لگاوین صبح کو پانی سر دسے دھوئین دیگر تجربہ
ایک شخص کا کہ بسبب بیماری آنکھ کی اندھا ہو گیا تھا بعد ایک مدت کی دیکھا صاحب نظر ہی اور
لکھتا ہی جب دریافت کیا معلوم ہوا کہ ایک مدت تک تپی سنبھالو کی خشک کر کے برابر اوسکے
تمام کو خشک ملا کر بقدر تین تولے کی ہر روز کھاتا تھا کہ اوس سے روشنی حاصل ہوئی دیگر سفوف قوت
دینیوالا بینائی کا مجرب صاحب مرزا شکوہ کا ہر شب کو وقت سونیکے سات ماشے سونف ساتھ سات ماشے
مصری کی کوٹ پیسکے کھاوین کم زوری بینائی سی پناہ مین رہے ساتھ فضل خدا کی ہرگز بیماری چشم نہوگی
دیگر سفوف آملہ تازہ سایے مین خشک کر کے دودھ گاے مین جوش کر کے پھر خشک کری اور سفوف تیار
کر کے سات روز سات ماشے تین ماشے ساتھ شہد کے کھاوی دیگر درخت مدار کی جڑ کی خاک کو پانچمین پیسکے

فولادی سونٹھ دس ماشے سرکہ انگوری مین ملاکر پیٹر کر رکھین فصل آنکھ کی امراض مین جانا چاہیے
کہ آنکھ افضل سب اعضا سے ہی جبکہ آنکھ مین درد ہو بدون تنقیے کے آنکھ مین دوا نہ لگانا چاہیے اور
طب اکبر مین کہ کتاب بنائی ہوئی میری ہی ساتھ تفصیل کے اسکو بیان کیا ہی اسجگہ چند دوائین
واسطے بینائی کے اور رمد اور سفیدی آنکھ کے اور مانند اوسکے لکھی جاتی ہین نسخہ
سرمہ سیاہ ایکتولہ سنگ بصری آدھا تولہ لونگ سولہ عدد چھوٹی الائچی سولہ عدد کہ پوست نہو سبکو گلاب
مین کھرل کرین مقدار چنے کے گولی باندھین وقت حاجت کے آنکھ مین لگاوین آنکھ کے
بہت مرضونکو مفید ہے مانند خارش و ڈھلکا وغیرہ کے دوا کہ بینائی کو قوت دیوے
آنکھ کی اور مرضونکو بہت مفید ہی نمک سنگ سفید ہلدی اوسقدر کہ سنگ کو زرد کر دیوے
باہم ملاکر پیسین آنکھ مین لگاوین دیگر کہ بینائی گئی ہوئی کو پھیر لاتی ہی جالہ اور پھلی شروع
نزلے کو فائدہ دیتی ہی بھلاوان ایکعدد پھٹکری مقدار دو چنے افیون مقدار ایک چنہ لیمون
کاغذی دو عدد اول بھلاوے کو جلاوین کہ دھوان اوسمین نہ ہی اور کوئلا ہو جاوے پھر تینون
دوا کو اندر نیو یکے کہ خوب صاف ہو رکھکر تھوڑا تھوڑا عرق لیمون ملاکر دستہ لوہے سی گھسین کہ
عرق دونون لیمونکا صرف ہو جاوے ظرف چینی مین رکھین وقت ضرورت عرق لیمو نمین گھسکر
آنکھ مین لگاوین آنکھ کو بند رکھین ڈھیلا آنکھ کو گھجاوین کہ پانی خوب نکلجاوی دیگر درد آنکھ کا
جس قسم کا کہ ہووے دفع ہو جاوے زیرہ سفید پھٹکری برابر کوٹکر مغز گھیکوار مین ملاکر پوٹلی کرین
آنکھ مین پھیرین ہر ساعت اور اگر رانکو یا دوبہ کپڑے پر لگاکر آنکھ پر رکھکر سورہین صبح کو پوٹلی
استعمال کرین کم تین روز سے فائدہ ہو جاوے دیگر دوا کہ جمیع امراض آنکھ کو مفید ہی دماغ کو
پاک کرے وخیالات وگل چشم کو مفید ہے ہر روز کھاوی ہلیلہ کابلی بارہ تولہ آملہ چوبیس تولے کشنیز بوہا
چھ تولہ ملٹھی بارہ تولہ پیپل تین تولے انسلوچن تین تولے نمک سنگ تین تولے سبکو باریک پیسین اور برابر
سب دوا کی شکر ملاوین اور گھی سی چرب کرین اور ساتھ شہد خالص کے ملاوین بقدر ڈیڑھ تولہ کم و زیادہ
موافق حال مریض کے کھلاوین اس ترکیب کو دواد س امرت کہتے ہین دیگر ہلیلہ تین تولے بہیڑا بہیڑا چھ تولے

کوئی چیز گم ہوئی ڈھونڈھتا ہی اسطرح جاکر ڈھونڈھے جسکو کوئی پوچھے کہ کیا ڈھونڈھتا ہی جواب
دیوکہ نیند ڈھونڈھتا ہون اوسیوقت چراغ گول کردیوے پھر اپنے مکان پر چلا آوے بحکم خدا مریض کو
نیند آویگی **فصل دوران سر کی بیان مین** صندل سفید نو ماشے گلاب مین پیسکے تین دن ملا اوین
ہاتھ پیر کو ساتھ پانی جڑ رینڈ کے تر رکھین **فصل نسیان** یعنے بھول جانیکے بیان مین مصطگی شکر صبح کو
کھاوین اور اگر بابونہ سونٹھ ہر ایک سات ماشے ہمراہ منقے کی ملا کر سات ماشے کھاوین مفید ہی دیگر پستہ
مویز منقے ناگر موتھ لوبان سب برابر کوٹکی دو مثقال یعنے نو ماشے کھاوین اور کچھ محنت کیا کرین اور
غذا کم کھایا کرین جو کچھ سنیگا یاد رہیگا اور اس معجون کو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کھایا ہے دیگر
علاج بھول جانے تیری ذہن اور ذکا کا اگر پوتے دو ماشہ بھلا نوان ہر روز کھاوے واسطے نسیان کے
بہت مفید اور تمام بیماری بارد دماغی کو مفید ہی اگر ساڑھے تین ماشے دار چینی ہر روز کھاوے
نسیان دور ہوتا ہی ذہن تیز ہوتا ہی دیگر اگر سات ماشے یا سونٹھ ہر روز کھاوے قوت حافظہ زیادہ ہوتا ہے
فصل زیادتی نیند مین جسکو بات کہنے مین نجم کا ہو جو این افیون لفاح ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
ساتھ جوشاندے خشخاش کی پیشانی پر طلا کرین سرور حاصل رہیگا کالی مرچ کو گھوڑ بیکے
منہ کے لعاب مین گھس کے وقت سونیکے آنکھ مین لگاوین ہرگز نیند نہ آویگی کالی مرچ نمک
ہلدی تینونکو کوٹ پیسکے چند روز برابر کھاوین غلبہ نیند کا دفع ہو جاویگا **فصل** ناک کے
امراض مین دوا نکسیر بھوتنے کی گدھے کی لید نچوڑکے چند قطری ناک مین ڈالین خون ناک کا بند
ہو جاویگا دیگر سرس کو پگھلاوین موتی کپڑونپر طلا کرین ایک کو ناک کی سرسی تالو تک کھینچ
دیوین دوسری کو کان کی لوسے دوسرے کان کی لو تک لپیٹین اسطور پر کہ پہلے بطن دماغ کو لپیٹ
لیوی جبکہ خون بند ہو جاوے تین چار قطری گائے کی گھی کے ناک مین ٹپکا دیوین پھر اون کپڑونکو پانی سے
تر کرکے چھوڑا لیوین دیگر بھٹ کٹائی یا نیم بیکر تالو پر ضماد کرین باش کا آٹا پانی مین ملا کے
تالو پر ضماد کرین فائدہ ہو جس شخص کو تشنوئی سمجھکر بند کرین کہ بند کرنا خون کا دن بحران کے
منع ہی مگر جسوقت کہ خوف غشی کا ہو دیگر کام دنزلہ دفع کرنیکی دوا کالادانہ نوسادر ایکبار

ناک کی اندر جاوے چھینک آویگی کیڑا ناک سے گریگا اوسیوقت اچھا ہوجاویگا دیگر اتوار کے دن جسوقت
ہندو مردیکو جلاچکے اوس آگ میں روٹی پکالیویں پھر اوس روٹی کو لیکر گھر کو آویں پیچھے پھر کر نہ دیکھیں
پھر اوس روٹی کو تھوڑا تھوڑا مرگی والیکو کھلاویں چند روز میں دفع ہوجاویگی دیگر مرگی لڑکونکی
اور بڑونکی تین روز میں جاتی رہے آدمی کی سر کی ہڈی کہ جلی ہو خوب مثل سرمے کے پیسیں مقدار
سات ماشے کی تین روز صبح کو کھلاویں یقین ہے کہ پھر یہ عارضہ نہوگا اگر خدانخواستہ ہو تو سر مکھی کے
سات عدد لاویں پانچمیں پیسکے ناک میں ٹپکاویں ساتھ مدد اللہ کے مرگی نہوگی دیگر مست ہاتھی کے
کان کے نیچے کا عرق لاکر روئی تر کرکے رکھ چھوڑیں بروقت ضرورت پانی سے تر کرکے دو تین
قطرے ناک میں ٹپکاویں دیگر تافسیا کہ گوند ایک گھاس کا ہی سفید رنگ اور کڑوا اور بہت تیز تیسرے درجے
میں گرم و خشک اور آتما جو کا سرکہ انگور یکساتھ ملاکر خمیر کرکے سونگھاویں وہ معجون کہ طبیبون
گیلان نے واسطے بادشاہ محمد ہاشم کی کہ مرض صرع اونکو لاحق تھا بنائی تھی یوست ہر کابلی شونٹھ
سونٹھ مصطگی عود قاقلہ دانیا یعنے عود صلیب کہ ایک جڑ ہی بہت سخت اوسکو گلے میں لٹکانی سے مرگی
دفع ہوجاتی ہی ہر ایک تین مثقال یعنے ساڑھے تیرہ ماشے اسطوخودوس ساڑھے چار ماشے زنگی ہر آملہ
ہر ایک سوا دو تولہ دارچینی چودہ ماشہ روغن بادام ساڑھے بائیس ماشے شہد تین گنا بدستور معجون بناویں بعد
چالیس روز کے کھاویں خوراک ساڑھے چار ماشے فصل سکتہ کی بیان میں نیل کہ مشہور ہے قسم اول مرد
اوسکے نگر کہ لکڑی مشہور ہی لیویں کوٹ پیسکے بقدر مرچ سیاہ کے گولی باندھیں مریض بیہوش کو تین گولی
ساتھ شیرۂ ادرک کی کھلاویں اگر سبب بیہوشی کی نکھاسکے تو شیرۂ ادرک میں پیسکے تالو اور حلق میں
چھوڑ دیں اور لیں بفضل الٰہی جسکہ ہوش میں آوے پھر کھلاویں فصل بیداری یعنے نیند نہ آنیکی بیان میں افیون
مقدار مونٹھ کی کھلاویں یا سنگھاویں نیند آویگی اور بادام اور خشخاش کھلاویں اور تیل بادام اور کدو کا
سر پر ملیں اور ناک میں ٹپکاویں اور سفید پیاز کا پانی اور ادرک کا پانی ایک جگہ کرکے کھلاویں نیند لاتا ہی ہر دو
پانی دو تولی تک ہوں اگر حرارت نہو اور پوست خشخاش کا مقدار تین ماشے پانچمیں جا پیہر تر کریں اوس پانی کو
پیویں اور اوسکا ثفل پیسکر تالو پر لگاویں نیند لاویگا لوٹنکہ جسکو نیند نہ آتی ہو چراغ جلاکر بازار میں جسطرح

لپیٹین اور تین روز بیچ جگہ سر کے رکھین بعد اسکے بیچ نکال کے ساتھ دہی چکنے کے ملا کی سر پر ملین
تین چار گھڑی توقف کرین بعد اسکے گرم پانی سے دھوین ایک روز مین دو مرتبہ یہ عمل کرین
عنایت خدا سے دو تین روز مین مرض سر کے دور ہو جاوینگے فائدہ چھلکا انار کا دھنیا خشک
مردار سنگ ہلدی ہڑ جلا کی سب مہین پیسکے اوپر زخم کے چھڑکین دوا دوسری گھوڑے کی سم جلا کی
تلی کے تیل مین ملا کی ملین تیل تلی کا ساتھ تیل سرسون کے کہ پہلے سے اوس تیل مین آچار آنب کا رکھا ہو
اوپر سر کے ملین اگر کسی دوا سے اچھا نہوا ہو اس سے صحت ہو جاویگی دوا دوسری کچلہ پلاس پاپڑہ
زیرہ سفید تینون کو تیل مین جلاوین پتھر سے پیسین کہ مثل مرہم ہو جاوے کام مین لاوین سر کے زخم کو بواسطے
بہت مجرب ہے دیگر رائی آدھی بھونی ہوئی آدھی کچی باریک پیسکے تل کے تیل مین ملا کے ایکدن مین دو تین مرتبہ
اوپر زخم سر کے ملین **فصل صرع** یعنے مرگی دام الصبیان مین کہ ایک قسم مرگی کی ہے دل گھوس کو
لیکر سات ٹکڑے کرین ہر ٹکڑا اتوار کو بھونکر کھاوین سات اتوار تک سات ٹکڑے کھاوین
صرع پورانی دور ہو جاویگی گھوس جانور مشہور ہے چوہے سے بڑی ہے بن پیدا ہوتا ہے بہت بال ہوتے ہین
دیگر گوشت گلہری کا تھوڑا سا بھونکر کھلاوین مرگی دور ہو جاتی ہے دیگر ہلاس پاپڑا تھوڑا پیسکے
پانی ناک مین ٹپکاوین صاحب مرگی ہوش مین آجاویگا دیگر جدوار یعنے نرسل دورتی یا چارتی
موافق سن و سال کے مان کے دودھ مین پیسکے دیوین لڑکے مرگی والیکو صاحب اختیارات نے خود
دیکھا ہے کہ ایک لڑکے کو چودہ دفعات ام الصبیان لاحق رہی ایکساعت خالی اس سے نہین رہا
دوا مذکور سے صحت ہوئی دیگر شاخ سونگے کی آگ مین سرخ کرکے درمیان دونون پٹھون کے
داغ دیوین مجرب ہے اس سے کوئی علاج بہتر نہین ہے دیگر گدھے کا کان اتوار کے دن کاٹے
اوسکے خون مین کپڑا تر کرکے رکھین وقت ضرورت تھوڑا اوس کپڑے سے پانی مین دھوکر لڑکے کے
حلق مین ٹپکا دین اگر تازہ خون دیا جاوے تو بہتر ہے اور خون خرگوش کے کان کا بھی اسیطرح فائدہ
رکھتا ہے دیگر گوشت نیولے کا بھونکر کھلاوین دیگر دو ٹکڑی بندر کی جو انکر کھونہین لگے رہتی ہین
کھٹمل کے خون مین تر کرین اور ناک کی آگے مرگی والیکے اوسکا دھوان کرین اسطرح جیسے کہ دھوان

ایکساعت کی بعد وہ دوا کہ خشکی اور کندی دماغ کو دور کری تازگی دل و قوت ہاضمہ کو نفع
دیوی ٹکیہ آدھی الائچی بڑی دو دانہ الائچی چھوٹی دو دانہ زعفران مرچ سیاہ چوتھائی گھاس کرہ دار
مشہور ہے باریک پیسین دونون سوراخ ناک مین دو تین قطری ٹکاوین پہلے نکلنے سورج کے
تین روز تک عمل مین لاوین وہ دوا کہ دماغ کو قوت بخشتی ہی اگر گوشت مرغ کا پکاکر ہمیشہ کھاوے
دماغ و دل کو قوت زیادہ کرتا ہے اور عقل بھی زیادہ ہوتی ہی اور کھانا گوشت تیتر کا قوت
دماغ زیادہ کرتا ہے کھانا زعفران کا قوت دل و دماغ کو دیتا ہی اندازہ اسکے کھانیکا پونی دو ماشے
سے ساڑھے تین ماشے تک ہی سونگھنا امرود کا قوت دل و دماغ گرم کو دیتا ہی بالچھڑ ساڑھے
تین ماشے ہر روز ساتھ پانی سرد کی کھاوے قوت دماغ سرد کو دیتا ہی لونگ مقوی دماغ سرد ہے
اگر بسماق ساتھ پانی سرد کے صبح کو کھاوین قوت دماغ ہوتی ہی سونگھنا پھول گلاب تازہ کا قوت
دینی والا دماغ سرد کا ہی سونگھنا اور پینا مشک کا قوت دماغ زیادہ کرتا ہی تقدیر ایک قیراط
یعنے ایک جو کی سونگھنا چنبیلی کا قوت دینے والا دماغ سرد کا ہوتا ہے اور ریاح غلیظ جو دماغ
مین ہوتی ہی پچا دیتا ہی دوا دوسری مغز سر بکری سیاہ کا بارہ روز گھی مین بھون کے ساتھ
شکر سفید کے کھاوین اور شب کو سر پر ملین جو دماغ کہ خالی ہوگا اپنی اصل پر آجاوے گا

فصل سر مین زخم و آبلہ ہونیکے بیان مین

کہ اسکو سعفہ کہتے ہین دوا اسکی کوپل ارنڈ کو ٹکی نمک ملاکی سر پر ملین اور ضماد کرین اور ثفل یعنے نیچے
بیٹھ جاوے اوس دوا کا کہ جسمین برگ جیتو برگ نیم پڑا ہو سر پر لگانا مفید ہی مرچ سیاہ تیل مین
جلاکے پیس کے زخم سر اور داد سر پر لگاوین بہت مفید ہی اور واسطے مرض مذکور کے مفید ہی کیلہ پکی
مہندی کی مردار سنگ مازو پوست انار ہلدی ہر ایک ساڑھے دس دس ماشے کوٹ پیسکے موم سفید
ڈیڑھ تولہ کو بیچ چھ تولہ روغن گل کا اور چھ تولہ سرکہ مین ملاکر آگ مین پگھلاوین اور سب دوا کو ملاکر
مرہم بناوین اور ملین عارضہ دفع ہوجاویگا دوسری دوا پنواڑ کے بیچ جسقدر منظور ہون لیکر پیچھا کھیکوار
کو اندر سے خالی کرکے بیچ پنواڑ کی اوسمین بھرین برابر کرکے اوپر اسکے کپڑا دو تین تہ پانی مین تر کرکے

لاحق ہوجاتا ہے **وہ تیل** کہ جو اس باب مین مفید ہی پرپا کھ صندل سفید پیپل کنول گٹہ ملٹھی
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شیر آملہ کا ایک سیر تیل تلی کا ساڑھے چار تولہ دوا کو ٹ پیسکے شیرہ
اور تیل مین جوش کرین جبکہ روغن باقی رہے اگر تازہ آملہ ہو عرق اوسکا کوٹ کر لیوین اگر
خشک ہو جوش دیکر پانی اوسکا لین اور تیل سر پر ملین مجرب ہے **وہ دوا** کہ در دنیم سر کو دور
کرے ادرک یا سونٹھہ اور شہد تھوڑے پانچمین شیرہ نکال کے تین قطرہ ناک مین ٹپکاوین اور
منہ طرف سورج کے کر کے بیٹھے **دوا دوسری** شقیقہ یعنی آدھی سیسی کو مفید ہی سمندر پھل
پانی مین پیسکے دو قطری صبح کو ناک مین ٹپکاوین اور مریض ناک مین اسکو انتہا تک کھینچے اگر درد
دہنی طرف ہو بائین سوراخ مین ٹپکاوین اور اگر درد بائین طرف ہو داہنے سوراخ مین ایکبار دو تین قطرے
ٹپکاوین کفایت کرتا ہے **دوا دوسری** گھوسلا چڑیونکا پانچمین پیسکے سر پر طلا کرین دو
تین قطرے ناک مین ٹپکاوین **دوا دوسری** سونٹھہ جڑ ارنڈ صندل سفید تینون کو پانچمین
پیسکے سر پر طلا کرین **دوا دوسری** آدھے سیسی کو باندھ دیوے پتی مدار کی قدر تیل سے
چرب کر کے کچھہ گرم کر کے ہاتھہ سے ملین دو تین قطری دونون سوراخ ناک مین ٹپکاوین چھینکین بہت
آوینگی درد شقیقہ دفع ہو جائیگا اگرچہ پورانا ہو **دوا دوسری** اسبند تیل تلی مین بھون کے
اوس تیل کو سر پر ملین اور دھوپ مین بیٹھین یا اسبند گیارہ ماشے لیکر آدھ سیر تلی کے تیل مین
ڈالکے خوب ملاوین بعدہ تیل کو کام مین لیاوین **دوا دوسری** زعفران رینڈی ہر دو
تھوڑی لیکر پیسکر ناس دیوین آدھی سیسی جاتی رہے گی اگر بہت مدت کی ہوگی سعوط یعنے ناک مین
دوا کا پانی کھینچنا کہ دماغ کو پاک کرے پانی ناک سے بہت نکالے چنبیلی کے پھول تین عدد تیل مین
ملکے ناک مین ٹپکاوین **وہ دوا** کہ نزلے کو روکے تنباکو قسم سورتی یا بغدادی یا فرنگی ساڑھے
تین ماشے زعفران ایک ماشہ لونگ سات عدد پیسکے مہین کپڑے مین چھان کے ناک مین کھینچین
سونگھنے کی **دوا** کہ پانی بہت نکالے ویرقان کو فائدہ دیوے بندال کو سونگھین **وہ دوا**
کہ ایک لحظے مین زکام کو ٹکڑے کرے اور پانی سوکھے نوسادر اور چونا باہم ملاکے سونگھین

کے عادت کرین دوسری مرتبہ کم کم مارین اور عادت کرین یہانتک کہ بدون مارے موکھانا
شروع کرین عمر کو دراز کرتا ہی اور سر دا مرض کو دور کرتا ہے اور قوت باہ لاتا ہی مگر اسکی ہمراہ
گھی زیادہ کھانا چاہیے **طریقہ کھانی ہرتال کا** اگر ہمیشہ کھاوے تو دو ہی ہین قبولنیج مدت کا اور سرعت ازال
اور دبلا ہونا اور کم کھانا اور بدہضمی اور سستی کو دور کری اور بدن کو موٹا کری طریقہ کھانیکا
یہ ہے کہ بقدر ایک مسور یا ایک ماش کے شروع کری دو ہفتے تک اسیقدر صبح کو کھاوین بعد اسکے
ہر ہفتے مین بقدر ایک مسور بڑھاوین یہانتک کہ مدت دو سال مین ڈیڑھ تولہ تک پہونچے اس سے
زیادہ نہ کھاوی اور ہرتال زرد بھری ہونہ ورقی یعنی طبقی ہو واسطے کھانیکے خاص ہی بعضون نے
واسطے احتیاط کی رنگی ہڑ کو کہ مصلح اوسکی ہی برابر اوسکے یعنے ہرتال کے پیسکے کھانے مین اور ایک
چنے برابر سے شروع کرتے ہین دو برس مین سات ماشے تک بڑھاتے ہین اوسیقدر پر ٹھہر جاتی ہین
اگر آخر کو رنگی ہڑ کم کرتے جاوین آہستہ آہستہ یہانتک کہ ہرتال خالص کھانے لگین نفع اوسکا
بہت ہوگا اور وقت کھانے کے دودھ اور غذا ئین بری نہ کھاوین مٹھائی کھاوین **طریقہ**
کھانی سنکھیا کا آہستہ آہستہ بمقدار ایک ماش کے دانے کے شروع کرین یا کم اوس سے اور مدت
سال مین دو ماشے تک کھائین پرہیز اوسکا مثل پرہیز ہرتال کے ہی اور نفع اوسکا بھی مثل اوسکے ہے

باب مضمون سر کے بیان مین فصل پنجم صداع یعنی درد سر کے

اگر مادی ہے پاک کرین اور اگر بدون مادہ ہی تعدیل کرین وہ دوا کہ درد نیم سر کو مفید ہے
اطریفل کشنیزی ایکتولہ ایارج فیقرا تین ماشے باہم ملا کر وقت خواب نوش کرین دیگر دودھ
گاے کا ایک سیر پانی دو سیر جھورا چار عدد خوب جوش کرین کہ پانی جلجاوے وقت جوش کے
کنگیر سی ملاتی جاوین پھر سرد کر کے نوش کرین شقیقہ کہ وقت گرمی آفتاب کے زیادہ ہوتا ہی دور ہوگا
وہ طلا کہ درد سر کہنہ کو دور کرے سونٹھ دارچینی تمکین کے پھول مچھال جڑ ارنڈ کی افیون زعفران
برنج ساٹھی کچلہ سب برابر کیوین و باریک کرین لیکی کو پانی مین گھسین پھر سر پر طلا کرین اور خشک ہونے
نہ دیوین طلا دوسرا ہالم پانی مین پیسکر پیشانی پر طلا کرین درد سر پورانا کہ عرصے سے

مٹی اور بان پور لانے چارپائی کے پینچی سے کترکے اور بال بکریکی روئی پورانی طریقہ افیون
چھوڑانیکا جائپھل ایک حصہ کوپل درخت ارنڈ دو حصہ باہم پیسکے گولیان بناوین اوسقدر کہ
جسقدر کہ افیون کھاتا ہو وقت کھانی افیون کے اس گولی کو کھلادیوین طریقہ دوسرا سفید کنیر
کی جڑ ساڑھے دس ماشہ مانند صندل کے گھسین اور بابچی گھسی ہوئی اکیس ماشے اسبند جلانے کا
ساڑھے تین تولہ کندر کی تتی سات تولہ اور میتھی چودہ تولہ کوٹ پیس کے ساڑھے تین ماشے کی گولی
بناوین جو کوئی ساڑھے دس ماشے افیون کھاتا ہو ساڑھے دس ماشے اس گولی سی کھلادین طریقہ
صاف کرنے افیون کا کہ کھانے مین نقصان نکری افیون بہتر گرم پانی مین جلد طجاوا ایک سیر اور
گائی کا دودھ چار سیر دودھ گائی کا گرم کرکے افیون اسمین ملاکے کپڑے پتلے چھان کے قوام کرین
جبکہ قوام پر پہونچے گائی کا گھی یا روغن بادام پاؤ سیر گرم کرکے قوام مین ملاوین کہ سب روغن
جذب ہو جاوی بعد اوسکے زعفران ڈیڑھ تولہ عود قماری تین مثقال داخل کرکی خوب ملاوین
اور بقدر گھنگچی سرخ کے گولی باندھی اور اگر بجای عود کی عنبر اشہب ملاوین تو بہتری اور بعضی افیون
کو ادرک مین بناتی ہین سو مرتبہ افیون کو ادرک کے پانی مین پیس کے بارہ روز تک دھین پھر ٹکیہ باندھکے
مٹی کے برتن مین رکھکے سرپوش سی بند کرکے اتوار کے دن نیچی زمین کے دفن کری دوسری اتوار کو
نکال کے اپنے کام مین لاوین بہت مفید مطلب ہی طریقہ سفید کرنے بھنگ کا کہ سبزی اوسکی
سفید ہو جاے بھنگ سبز کو برتن سوراخدار مین ڈالکر نیچے اوسکے گندھک کی دھونی دیوین اور
ہاتھ سے ملاتی جاوین کہ سب بھنگ کی تتی مین بخار لگے کہ بھنگ مثل سفید شکر کے ہو گی
طریقہ دوسرا بھنگ سبز دو سیر شاہی لوبان دو ماشے سبھی سفید ایکیاشہ صندل سفید پسا ہوا
دو ماشے سبکو ایک ہی مین پیسکے ملاوین بھنگ سفید ہو جاویگی طریقہ کھانی بھنگ کا تھوڑا تھوڑا
کھاوے آہستہ آہستہ زیادہ کری یہانتک کہ مدت بہت مین از روی عادت کے اوس مقدار کو پہونچے کہ
بغیر عادت اگر اوس مقدار کو کھاوی تو باعث ہلاکی جان و نقصان کا ہووے مگر اوس کھانیوالیکو کچھ نقصان
نہین کرتی اور فائدہ بخشتی ہی بہتر اسمین یہ ہے کہ پہلے ہر ایک زہر کو بالکل مار ڈالین بعد کھانے

و درد معدہ و لقوہ کو فائدہ دیوی یہ خواص کتاب حکیم صالح ہردی سی لکھی گئی اگر تھوڑا واسطے
درد دانتوں کی لگاوین فوراً درد جاتا رہی لیکن یہ ضرور ہی کہ جو دانت اچھے ہین اوسپر اس دوا کا اثر
نہ پہونچے کہ خوف ٹوٹ جانیکا ہی اور اس عرق گندھک کا ملنا واسطے مجلی کے ہمراہ تیل یا بدون
تیل کے مفید ہی فائدہ پانی ناک مین کھینچنے کا صبح کو آہستہ آہستہ ناک مین پانی کھینچے لیکن زیادہ
بائیس تولے سی نہو جس روز کہ بارش اور ہوا ہو موقوف رکھے نفع یہ ہے کہ مرض خشکی و گرمی دماغ کی
دور ہو جاوین اور گرم مزاج کو وقت سیری شکم کے کھینچنا نہین چاہیے نہار منہ چاہیے واسطے برابری
کرنے سردی پانی کے ساتھ گرمی معدہ کی بلغمی مزاج کو حکم نزلے کا رکھتا ہی اور سردونون مین کھینچنا
اچھا نہین اگر ضرورت ہو پانی نیمگرم کرکے کھینچین اندھیرا آنکھہ مین جو صفرا اور خشکی سے
ہوتا ہے وہ دور ہو جاتا ہی زکام گرم کو بھی نفع ہی اور بعضون سے سنا ہی کہ بھوک بھی بڑھ جاتا ہے
اور پھولنا معدہ کا دور ہو جاتا ہی فائدہ پارہ سر ملنا چاہیے کہ سائیسوین ہر مہینے کو دورتی
سے چار رتی تک تا لو پر بال ہونڈ کے ملین اور بلغمی مزاج کو ساتھ لعاب کنوچ کی اور صفراوی مزاج کو ساتھ
لعاب اسپغول کے ملین اور کہتے ہین کہ خوشی لاتا ہے اور جوانی قائم رہتی ہی ہیضہ نزدیک جلایا ہوا پارہ
یشر غش کہ سرسام بلغمی ہے و نسیان و زکام بلغمی کو مفید ہی زندہ کرنا سونا مارے ہوئیکا
ایکتولہ سونا مارے ہوئے کو گھریے مین رکھکے ایک رتی سیسہ ڈالکر آنچ تیز کرین زندہ کرنا جستہ
مارے ہوئے اور سوا اوسکے چھوٹا مار الحیات کہ گھی اور سہاگہ اور شہد ہی اسقدر خاک خشت پر
ڈالین کہ وہ چھپ جاوے غلولہ کرکے لوہے کے چمچے مین رکھکے آگ پر پگھلا دین زندہ ہو جاویگا
زندہ کرنا قلعی نمک رہی ہوئی کا خاک قلعی کی لوہے کی چمچے مین رکھکے تھوڑا تیل تل یا سرسون کا
تھوڑا نوسادر ڈالکے آگ پر رکھین زندہ ہو بنانا گھر یہ مینڈھی کا مٹی کمہار کے گھر کی آدھ سیر گوبر
ڈیڑھ تولہ گیرو تین تولہ نمک سانبھر سوا دو تولے پرانی روئی یا کپڑا تھوڑا سا گوبر گائیکا تھوڑا سا بنانا گھر یا
یونانی کا کمہار کے گھر کی مٹی پورانی اینٹ نمک سانبھر آدمی کے سر کے بال اور بال بکری اور
بان اور پورانی روئی یا کپڑا دھان کی بھوسی کچی اور بھونی گھر یا میونکی کمہار کے گھر کی مٹی اور

ابرک سفید ہوجاویگی نکالکر اپنے کام میں لاوین انداز کھانیکا دوورتی واسطے ہر مرض کے ساتھ
دواؤن مناسب کے کھلاوین **طریقہ کجلی کرنے پارہی اور گندھک کا** دونون بیچ ظرف
لوہی کی بقدر ضرورت لیکر تین روز کھرل کرین بدون ملانی اور چیز کے سیاہ رنگ ہوجاویگی مثل
کاجل کیصورت پارہی معلوم ہوگی اسکو کجلی کہتے ہین **فائدہ ترکیب بنانی نوریکی** یعنے وہ دوا
کہ جس سے بال گرجاوین اور جلد سخت نہو اور اکثر یہ دوا عورتونکی کام آتی ہی چونا کہ جسمین پانی ڈیڑھ
چار دام یعنے چھہ تولہ ہرتال ڈیڑھ تولہ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ مثل سرمے کے پیسین پھر ایک برتن مین
چونی کو رکھین اوپر اوسکی پانی ڈالین کہ جوش آوی جبکہ سرد ہونی لگے یعنے شیر گرم ہو ہرتال پیسا ہوا
اوسمین ملاوین اور ساتھ لکڑی کے خوب حلکرین اور جسجگہ کی بال دور کرنا منظور ہو لیپ کرین بعد لیپ کے
دریافت کرین اور ناخن سے حرکت کرین اسواسطے کہ بال اپنی جگہ سے اوکھڑتا ہے یا نہین اگر بال
اوکھڑنے لگے تو فی الفور گرم پانی سے دھو ڈالین اور اوپر اوسکی تل کا تیل ملین اور جاننا چاہیے کہ
اگر اوس دوا مین کپور کچری نیمدام یعنے نہ ماشہ کا فور چینہ تین ماشہ سفیدی بیضہ مرغ ایکعدد باہم
ملاوین تو نوریکو خوشبودار کریگا اور چھپانہی کہ نورہ جسوقت بناوین اوسیوقت کام مین لاوین
اسواسطے کہ دیر تک رکھنے سے جوہر ہرتال اور چونی کا اوڑجاتا ہی اور وہ دوا بیکار ہوجاتی ہی **فائدہ**
بہتر کرنا بچھناک کا دودھ گای کو جوش کرین اسمین بچھناک کو لٹکاوین جسوقت دودھ خوب جوش کرے
ہلاوین کہ زہر دودھ مین آجاوے **طریقہ اصلاح** یعنی سودھنا جمالگوٹہ کا مغز جمالگوٹہ باریک کیہوئے
باندھکی مٹے مٹی کے برتن مین گوبر گای کا کہ پانیمین گھولکر اوسمین رکھا ہو ناگا باندھکی اوسکو لٹکاوین
نیچی اوسکے آگ جلاوین دو پہر آنچ کرین پھر اوسکو نکالکر پانی سے دھوکر دوا ملاوین **فائدہ عرق**
گندھک کی بیان مین کہ گرم ہی بھونک زیادہ کرتا ہی بائی توڑتا ہی اگر ساتھ گلاب کے کھاوین بلغم کو دفع کرے
اگر ہمراہ عرق بید مشک کے پیوین زیادتی صفرا کی کم کرے اور معدہ کو قوت دے کمر اور مثانہ کو
مضبوط کرے اگر اوپر سفید داغ کے اور داد کے ملین دور کرے اگر لونگ یا دارچینی یا جائپھل کو بیچ اس
عرق کے تر کرکے خشک کرکے کھاوین قوت باہ اور ہاضمہ بہت ہو اور تمام مرض بلغم و خون و فالج و تشنج

کھتی سیسے کی پہلے سے پتلی بنائی ہو طلا کرین اور دونون طرفون تختیون مکوتہ برتہ رکھکر مٹی کے
برتن مین رکھین ایک رکابی مٹی سے اوسکو چھپا دین اور گل حکمت کرکے خشک کرین آنچ دیون
جبکہ سرد ہو باہر لاوین پھر دونون خاک مذکور بیچ مغز گھیکوار کی چار پہر کھرل کرین اوس تختی پر طلا
کرین اور مٹی کے برتن مین رکھکے بطریق مذکور آنچ دین لیکن آنچ لگ پٹ کی ہو پھر اسطرح چھ
آنچ دیون اور آنچ لگ پٹ اوسے کہتے ہین ایک بانس لمبا اور ایک بانس چوڑا اور ایک بانس
گہرا زمین کو کھود کر آنچ دیون اور آنچ گج پٹ وہ ہی کہ ایک گز کا لمبا اور ایک گز کا چوڑا اور
ایک گز کا گہرا گڑھا کھود کر آنچ دیجاوی اور بیچ آنچ لگ پٹ کے تختی سیسے مذکور کی سالم
رہتی ہے اور بعد اوسکے ریزہ ریزہ ہوتی جاتی ہے اور گھٹنے لگتی ہے پس چاہیے کہ جو ریزہ
علیحدہ رہجاوے اوسکو بھی آنچ دینے مین ملا لیا کرین دستور چاندی کی گھر یا بنانی کا
دو تولہ پارہ ایکتولہ دودھ درخت برگد کا بعد اسکے پارہ کو گھر یہ مین کھکر اوپر دودھ مذکور کے
ڈالین نیچے اوس گھر یہ کے چراغ چار پیسہ نکا جلاوین ساتھ تیل تل کے دو پہر تکاوے چاہیے کہ گھر یہ
اوپر تانبا لوہے کی ہو اور چراغ اسطرح رکھین کہ لو بتی کی نیچے گھر یہ کی ہو درمیان مین فاصلہ تین
انگل کا چاہیے یہ تمرہ ہے یعنے چاندی بیچ طریقہ مارنی طلا تو یعنی ابرک کا ڈیڑھ تولہ ابرک لیکر
ٹاٹ کی تھیلی مین باندھکر اسقدر ملین کہ مثل لعاب منہ کی ہو جاوے اور ڈیڑھ تولہ قند سیاہ اور ڈیڑھ تولہ
شورہ قلمی اسمین ملا کر اسمین جلکر ین اگر ضرورت جانین چند قطرے پانی کے بھی ڈالین پھر اون تمام
چار حصہ کرین چار عدد جنگلی اُپلے لیکر ہر ایک کے درمیان مین بقدر ضرورت کھود دین اون
چار حصے دوا کو چار عدد کنڈو نمین کھین اوپر ایک دوسرا کنڈا صاف کرکے مثل سرپوش کے بند کرین
پھر بقدر ایک ہاتھ کے گہرا گڑھا کھود دین اور اوس گڑھے مین جنگلی اُپلے بھرین جسقدر کہ سما وین
اور اون اُپلونکے وہ چار عدد بنائے ہوئے چار دن حصے دوا کے رکھین اور آگ دیون چار پہر تک
جسوقت سرد ہووے باہر نکالین اور ڈیڑھ تولہ قند اور شورہ ساتھ ابرک کے ملا کر بطریق مذکور
آگ دیون اسطرح تین چار مرتبہ آگ دیون اور ہر مرتبہ قند اور شورہ ملاتی جاوین بعد اسکے

منہ بند رکھین اور بات نکرین اسواسطے کہ پارہ منہ سے نکل نہ پڑے سات روز تک اسیطرح
کھاوین نفع ظاہر ہوگا جبتک کہ جی چاہے استعمال کرین پہلے آدھے تولے سے شروع کرین
جب کہ موافق مزاج کے ہوجاوی آہستہ آہستہ زیادہ کرین لیکن ایام جاڑہ میں کھانا چاہیے
نہ گرمیون میں اور جس شخص کے مزاج مین سردی اور تری زیادہ ہوگی اوسکو بہت نفع ہوگا
بخلاف گرم مزاج کے کہ اوسکو نقصان ہوگا اور جوان آدمی کو کھانا نچاہیے پس
جاننا چاہیے کہ پارہ تین روز تک پیٹ مین رہتا ہی بعد اسکے پاخانے کی راہ سے
نکلجاتا ہی اور چاہیے کہ پارہ قسم اول سے ہو اور پارہ کھانیکے وقت گھی اور مسکہ بہت استعمال
کری اسواسطے کہ پارہ کیطرح کا نقصان نکری اور کھٹائی اور بادی چیزونسے پرہیز رکھی منتر
مذکور یہ ہی اُتم پارا توڑا جتی سانول پربت پہاڑ سے پیون پارا جھڑے نہ پڑے نہ گرے
نہ پھوٹے اللہ محمد رسول اللہ آدم صفی اللہ در چھا کرے جہان رکھی تہان رہے بحق
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فائدہ طریقہ نکالنا نمک مولی ہی اور چرچر پسی اور
اور قسم کی گھاس ہے جسقدر کہ منظور ہو مولی اور چرچرہ تازہ لاوین اور خشک کرین اور جلاکر
خاک اوسکی لین ایک کپڑا گاڑھا چار کونی اوسکے لکڑیون مین باندھکے لٹکا دین جیسیکہ مشہور ہے
پھر خاک مذکور اوسمین ڈالین تھوڑا تھوڑا پانی اوسپر ٹپکاوین نیچے اوسکے ایک برتن رکھین جو
پانی ٹپکے اوس برتن مین جمع آوے جبکہ تمام پانی ٹپک آوے اسکو قلعی دار تانبے کے
برتن مین جوش کرین یہانتک کہ پانی سب جلجاوے اور نمک بندھکر رہجاوے اپنے
کام مین لاوین اسیطرح جس چیز کا چاہین کھار نکال لین اور جو کھار کہ جس مرض کو مفید ہی نام
اوسکا ساتھ بیان اوس مرض کے لکھا جائیگا اور اگر پانی ٹپکے ہوئے کو پھر کپڑے پر چھوڑین
اور ٹپکاوین تو چاہیے کہ کسی لوٹے مین بھر کر ٹونٹی سے نہ بہت قریب سے نہ بہت دور سے
چھوڑین ایکبار کی نچھوڑنا چاہیے شمس یعنے سونا بنانیکی ترکیب جھاؤ درخت ارجن کی خاک اور
خاک بانسہ سرخ کی برابر لیوین تھوڑا اوس سے ساتھ مغز کھیکوار کے چار پہر کھرل کرین اور پھر اوسکو

پیسکر ڈالی شنگرف پر لیپ کرین اور دھوپ مین رکھین تا خشک ہووے پر ایک انڈا کرکنات یعنی ماہ
مرغی کا تھوڑا انڈیکا سر ایک طرف سے توڑ کر سپیدی اوس سے دور کر کے زردی باقی رکھکے وہ ڈلی
شنگرف کی مع ہرتال انڈیکے اندر کر دیوین اور کسی چیز سے ہلا دیوین کہ زردی ڈلی مین ملجاوے
اور دوسرا انڈا خالی کر کے مانند ڈھکنے یعنے سرپوش کے اوپر اوس انڈیکے بیٹھا دیوین کہ انڈا چھپا رہے
اور وہ انڈا ابھی اگر مرغی کرکنات کا ہو تو بہتر ہی اور اوس انڈیکی بھی زردی نکالکر پہلے اس انڈا مین کہ
ڈلی رکھی ہی ڈالدیوین اور بقدر چوڑائی اور لمبائی بیضے کی کپڑا چکنی مٹی سے لت کر کے انڈی پر لگا کر
خشک کرین اسطرح تین لیپ کپڑا مٹی کرین اور خشک کرین پھر تین عدد اوپلی جنگلی لاکر چھوٹے چھوٹے
ٹکڑے کر کے وہ انڈا کپڑا مٹی کیا ہوا بیچ کنڈے کی جگہ محفوظ مین رکھکر آگ دیوین اور بعد چار گھڑیکے باہر
لاوین پھر شنگرف کی ڈلی نکالکر اکیاشہ ہرتال عرق لیمو مین پیسکر ڈلی مذکور پر لیپ کرین خشک کر کے
بدستور آگ دیوین اسطرح پر بارہ ماشہ ہرتال بارہ مرتبہ مین چرخ ہووے بعد اسکے بدون لیپ
کرنے ہرتال کے شنگرف کی ڈلی کو انڈے مین رکھکر بطریق مذکور ایک سو ایک دفعہ آگ دیوین جسوقت آخر مین
تمام ہو جاوین ایک رتی اسمین سے لیکر چاندی چرخ دی ہوئی پر چھوڑین سونا ہو جاویگا اور اپنے دل مین
یاد رکھین کہ وقت آگ دینے کے بدبو جلنے زردی بیضے کی مانند بدبو کباب کے باہر آتی ہی جب تک
کہ وہ بدبو دور نہو جاوے تب تک بیضے کو آگ سے باہر نہ لاوین اور چاہیے کہ انڈیکو اوپلو مین
اسطرح سے رکھین کہ انڈا اوپر زمین کے ہو اور انڈیکے نیچے کنڈا نہ رکھین اسواسطے کہ شنگرف بھاری ہوتا
نیچے تہ مین بیٹھ جاتا ہی اگر نیچے بیضے کی آگ ہوگی تو یہی خوف ہے کہ شنگرف جلجاویگا حاصل کلام کا
یہ ہے کہ نیچے بیضے کے آگ نہو تو بہتر ہی اور چاروں طرف اور اوپر آگ ہونا چاہیے اونھین تین
عدد کنڈے دینے طریقہ کھانے پارہ کا کہ شکم مین قائم رہے اور نفع دیوے پس بارہ جس مقدار
کھانا منظور ہو لیکر کاغذ یا برگ پان پر رکھین اور یہ منتر تین بار پڑھین اور اوپر اوسکے پھونکین اور ہر بار اول
اور آخر درود شریف ملاوین پھر اوسکو کھا جاوین قبل پارہ کھانیکے چاول پکاکے دہی مین ملاکر کھالیوین
ہمراہ کھی یا دودھ بھی کے اور ساتھ اوسکے پارہ کھاوین جسطرح کہ مذکور ہوا اور بعد پارہ کھانیکے تھوڑی دیر تک

یعنے آلت کا سر چھوڑکی ترکیب مارنی تانبے کی کہ مثل کاغذ کے سفید ہو پہلے چھال درخت
انگول کی خشک کرین اور بھی جڑ موٹی اوسکی زمین سے نکالین اور درمیان اوسکے خول کرین
تھوڑیسی چھال خشک کرکے پیسکے اوس خول مین بھرین اوپر اوسکے تانبے کا پتر رکھین پھر اوسپر چھال
خشک مذکور بھرین اور سبکو ساتھ گل حکمت کے لپیٹین اور ساتھ آگ میگنی کے پکہ یعنی مثل کچ پکے دیوین
یعنے گڑھے کے مربع مین جنگلی اوپلے بھر کر آنچ دیجاوے تا تانبا کھیل ہوجاوے بعدہ اوس تانبے کو باہر
نکالکر نگاہ رکھین واسطے ہر مرض کے ساتھ دوائیون بہتر کی جو مناسب ہے دینا چاہیے اور جانا چاہیے کہ
انگول ایک بڑا درخت ہی دو قسم پر ہوتا ہے ایک کانٹھا انگول یعنے خاردار مقصود اسی درخت سے ہی
دوسرا بے کانٹے یہ کسی کام نہین آتا پہلے چاہیے کہ تانبے کو خوب صاف کرے جسطرح تانبے کا
صاف کرنا مشہور ہی اور بہتر صاف کرنا تانبے کا یہ ہی کہ تانبے کو مثل قلعی کے صاف کرے تین تین
مرتبہ دہی اور تیل مین سرد کرے اسواسطے کہ تانبا جلد نہین پگھلتا ہی اگر تھوڑی سنکھیا پارے مین
ملا دیوین تو جلد گل جاتا ہی فائدہ پارہ قائم کرنیکی طریقی مین پہلے روغن سرسوں کا اور پارہ
ہموزن لین دونونکو ایکساعت آہنین ملاکر مٹی کے گھریے مین رکھکر بعد اوسکے ایک گھریہ لوہے کی
لیوین اور اوسکو نمک سانبھر سے بھر کر درمیان اس نمک کے وہ گھریہ گلی رکھین پھر سرپوش لوہے کا
اوپر ظرف لوہے مذکور کے رکھین اور چاہیے کہ شکم سرپوش کا بھی نمک سانبھر سے بھرین یعنی نیچے اوپر اوس
گھریے کے کہ جو گھریہ لوہے مین ہی نمک پر ہوئی پس چھپہ پھر آتش دیوے یعنی ایک بتی کی کرین تیار
کرکے اپنے کام مین لاوین طریقہ نکالنا روغن سرسوں کا پہلے درخت مذکور کی تپی اور جڑ لیکر اندر
شیشے کی رکھین اور اوس شیشے پر خوب لیپ مٹی کا دیوین اور بطور ڈول خمیر روغن اوسکا لپیٹ دین
طریقہ جلانا دندان فیل کا یعنے ہاتھی دانت کا پہلے ہاتھی دانت کو سوہان سے برادہ کرکے مٹی کے
برتن مین رکھکے اوسپر تین مرتبہ گل حکمت کرین بعدہ ایک گڑھا گول بقدر ایک گز کے گہرا کھود کر اوس
برتن کو رکھکر جنگلی اوپلونسے بھر کر آتش دیوین چنانچہ مشہور ہے ترکیب بنانی شمس یعنے سونا
بنانی کی شنگرف ایک تولہ کہ ایک ڈلی ہو ہرتال طبقی ایکتولہ پس ایکماشہ اوسی ہرتال سے لیکر

ملا رہے پھر اوس برتن کے منہ کو ساتھ سرپوش مٹی کے بند کرین اور اطراف اوسکے ساتھ آٹی یا مٹی کے
خوب مضبوط بند کرین بعدہ چولہے پر رکھکے نیچے اوسکے چراغ جلاوین اسطرح کہ پاؤ بھر تیل چراغ مین
سماوے اور بتی ایسی بناوین کہ پاؤ بھر تمام رات مین جلجاوے باقی نہ ہے اس چراغ کو نیچے دیگچی کے
اس طرح رکھین کہ درمیان بتی اور دیگچی کے فاصلہ ڈھائی انگشت کا رہے تمام شب کھا رہے
صبح کو سرپوش کھولین تمام جوہر اوسکا چڑھکر اطراف دیگچہ اور سرپوش کے چمٹ رہیگا اوسکو
چھوڑا کر کام مین لاوین واسطے سستی اور بند کرنے پسینے کی مثل آب حیات ہی مقدار ایکماشہ ہمراہ
پانی کے استعمال کرے بشرطیکہ دن جاڑے کے ہون اور مزاج سرد ہو اور اوپر ہاتھہ پیر کے بھی ملین
جو شخص کہ گرم مزاج ہو اوسکو کھانا سنجابیہ فقط ملنا کافی ہے طریقہ دوسرا یہ ہے کہ بطریق
معمول کے لوبان دیگ مین رکھکر اوپر اوسکے تھالی کانسے کی رکھین اور اطراف ماش کے
آٹے سے بند کرین درمیان تھالی کے پانی بھر دین نیچے اوسکے گرم آگ جلاوین ایک پہر تک
پھر جو کچھہ کہ مانند چوہ کے نیچے تھالی کے چمٹے اسکو عمل مین لاوین مجرب ہے اور واسطے سستی
قضیب کے ملنا اور کھانا بھی مفید ہے **فائدہ پلاس پاڑہ یکا روغن نکالنے کی بیان مین**
کہ واسطے علاج نامردونکے مفید ہے پلاس پاڑہ جسقدر ہو پانی مین ایکساعت تر رکھین پھر
پوست اوسکا جدا کرکے مغز کو خشک کرین ایک برتن مٹی کا لیکر درمیان اوسکے برمہ سے
سوراخ کرین نیچے اوسکے ایک ہانڈی چھوٹی سوراخ کے مقابل مین رکھین مثل تال خشت کے
پھر وہ مغز دیگ مین ڈالین سرپوش کرکے چارونطرف اوسکے بند کرین تین مرتبہ اور ہر مرتبہ
خشک کرتی جاوین بعدہ ایک گڑھا مربع نیم گز کا زمین مین کھودین درمیان اوسکے ایک چھوٹا
گڑھا اور کرین اس چھوٹی گڑھے مین ایک چھوٹا برتن رکھدین اور بڑی گڑھے مین بڑا برتن کہ جسمین
دوا ہے رکھدین سوراخ نیچے کا مقابل مین چھوٹے برتن کے رہے بعدہ گرد برتن کے جگہ خالی پاکر بھر دین کہ تمام
گڑھا بھر جاوے پھر آگ دیوین جسوقت کہ سرد ہو دوا کو احتیاط سے نکالین اس طرح سے کہ راکھہ
چھوٹے برتن مین کہ جسمین روغن جمع ہو گرنے نپاوے اسکو اوپر قضیب کے ملین خشفہ چھوڑ کے

کھنے کے مجرب ہے یعنے تھوڑا سا تھہ پان کے کھاوے مفید ہے **فائدہ** شنگرف سے پارہ نکالنے کے
بیان مین **اول** شنگرف کو ساتھہ عرق لیمو نکے چار پہر گھسین پس اگر شنگرف تھوڑا ہی تو گولی باندھکے
درمیان شیشے کپڑوتی کیے ہوے کے رکھکر مثل چوپہ کا نسہ آب مین ٹپکاوین اور اگر شنگرف بہت ہو تو
باریک پیس کے مثل نان باریک تیار کرکے درمیان گھڑی مٹی کے کہ بہت بڑا ہو رکھکر منہ اوسکا
ساتھہ مٹی اور گوبر کے ملاکر لیپ کردیوین اوپر اوس گھڑی کے ایک منڈیا مٹی کی الٹی رکھا دیوین
یعنے اوندھا دیوین اسطرحسے کہ منہ ہر دو ظرف کا آپسمین ملجاوی اور مٹی اور چونہ سے گرداوسکی
خوب بند کردیوین بعد سات مرتبہ کپڑوتی گرد منہ ہر دو برتن کے بعد ایک دوسرے کے لگاکر
خشک کرین پھر چولھے پر چڑھاکر نیچے اوسکے چار پہر آتش کرین جیسا کہ واسطے کھانا پکانیکے آنچ
کرتے ہین اور بھی کپڑا چند تہ پانی سے تر کرکے گرد مٹی کی اور ہانڈی کے لپٹین اور پانی سے تر رکھین
کہ سوکھنے پاوے اور نفع اسکا یہ ہی کہ پارہ اوڑ نجاوی بعد چار پہر کے مٹکا اوتار کر سرد کرین پھر منہ مٹکی کا
کھولین جو کچھ پارہ کہ اوپر مٹکے کے چپٹ گیا ہوگا وہ سب چھوڑا کر جمع کرین اور جو کچھ نیچے ظرف کے
رہ گیا ہو اسکو بھی جمع کرین اور کام مین لاوین **فائدہ طلق** یعنے ابرک سے پارہ نکالنے کی بیان مین
اول ایک برتن مٹی کا چھوٹا پانی سے بھرین اور اوس برتن کو درمیان بڑی گڑھی کے رکھین
اور اوس چھوٹے برتن کے منہ پر کپڑا باندھین اوپر کپڑے کے برگ کونچہ بچھاوین اور ابرک رکھکر
پھر برگ مذکور رکھین کہ ابرک درمیان مین ہووی پھر اوس دیگ کو چولھے پر چڑھاکر نیچے اوسکی
آگ جلاوین تمام پارہ پانی بھری ہوی برتن مین ٹپک جاویگا **فائدہ مہر** یعنے حریرہ یا لپئی
بنانے کے بیان مین چنانچہ معمول اطبای ہند کا ہی واسطے نرم کرنے اور پکانے ورم کے
نہایت فائدہ دیتا ہی چاول چھ تولہ کوٹین جیسا کہ فیرنی بناتے ہین ایک سیر دہی مین ڈالکر
پکاوین مثل کھیر کے ہوجاوے اگر بجاے چاول کے آٹا جو کا ڈالین وہی عمل کرے گا
فائدہ ست لوبان نکالنے کے بیان مین لوبان بقدر ضرورت لیکر جوکوب کرین اور ایک
مٹی کے برتن مین ڈالکر تہ مین برابر پھیلاوین اس ترکیب سے کہ ہر ایک ٹکڑا لوبان کا ساتھہ دوسرے

ایک ہفتے مین ہوگی اگر آگ گل ہوجاوے تو اور اوپلے سلگاوین تاکہ تمام گوشت اور پوست اور ہڈیان جلکر خاک ہوجاوین بعدہٗ برتن سے نکالکر مٹی دور کرکے باریکی خاک کو احتیاط سی رکھین تانبے کو چرخ دیگر تھوڑا خاک مذکور سے اوپر اوسکے ڈالین سونا ہوجائیگا اور اگر اوپر رانگ کے ڈالین شاید کہ کوئی چیز بنجاوی فائدہ بیچ بیان صاف کرنے گندھک کے پہلے مٹی کے برتن مین گائیکا دودھ ڈالین اور اوسکے منہ پر کپڑا باندھین اور اوپر اوس کپڑے کے گندھک رکھکر گرداگرد اوسکے آٹے یا مٹی سے بقدر دو انگل کے اونچی دیوار اوٹھاوین اور اوس دیوار پر لوہے کا توا رکھین اوسکے اوپر کوئلے سلگاوین ایکساعت تک تاتمام گندھک کپڑے چھنکر دودھ مین ٹپکے بعدہٗ گندھک کو دودھ سے نکالکر کام مین لاوین اور طبیبون نے کہا ہی کہ گندھک کو بدون صاف کیے ہوئے کام مین نہ لانا چاہیے فائدہ ترکیب شنگرف کی کہ بھوک تین گنا لاتی ہی معمولی بھوک سے اور قوت باہ کو بہت مفید ہی شنگرف قسم اول کہ نسبتی ناگ مشہور ہی ایک ڈلی دو تولی کی لیوین اور اسکے پھر سفید کہ بوٹی گھاس کی قسم سے ہی پاؤ سیر لیکر باریک کرین اور زمین قند کو کوٹکی عرق نکالین سنوف کے پھر کو اس عرق مین سانین شنگرف کو درمیان رکھکے غلولہ باندھین اور ایک موٹا کپڑا غلولہ پر صاف لپیٹین اور ہر طرف سے سی دیوین اور روغن مصفر یعنی ہردنکا تیل کہ ہندیمین کرٹ کتے ہین دو تولی تین سیر لاکر اسکو تانبے کی برتن مین رکھکے غلولہ مذکور اوسمین ڈالدیوین بعدہ سرپوش کمہار کے آٹے سے مضبوط بند کرین اور ایک پتھر اوپر سرپوش کے رکھین بعد اوسکے نیچے آگ جلاوین اسطرح سے کہ آگ زیادہ مذبھڑکے یعنے دو تین لکڑ لونسے آنچ کرین ایک پہر تک بعد اوسکے آنچ تیز کرین تین پہر تک اور دھوان اوسکا باہر نہ نکلنے پاوے ایک شور اڑاویگا سے نکلے گا اوس سے نڈرین بعد چار پہر کے اوتار لیوین تمام روغن گاڑھا ہوجائیگا ڈلی شنگرف کی علیحدہ کرکے مقدار ایک چاول کے ہمراہ پان کے چباکر کھاوین بھوک زیادہ ہوگی قبض دفع ہوگا بیچوف ہے قوت باہ بہت ہوگی کمزور کو موٹا اور زوردار کرتا ہی اور دو ہفتے کھاوین ایکسال تک اثر اوسکا باقی رہتا ہی اور روغن گاڑھا مانند چوہہ کی ہوتا ہی وہ بھی واسطے بھوک اور امراض

سکو پگھلاوین اور جو برتن کہ آگ پر چڑھا ہی اسپر ایک مٹی کی چینی ڈھانک کر درمیان مین
ایک سوراخ کردیوین بعد اسکے رانگ یا سیسے پگھلے ہوے کو سوراخ کی راہ سے برتن مین چھوڑ دیوین
اور فائدہ اس ترکیب سے یہ ہے کہ بروقت ڈالنے دھات کے پانہین اوچھلنے پاوے کہ بدہضمی کا
خوف ہے ورنہ کچھ احتیاج ڈھانکنے برتن کی نتھی غرض دھات کو پانی مین سرد کرنا چاہیے جسطور سے
ہوسکے لیکن جو چیز کہ پگھلنے والی نہو مثل تانبا اور فولاد اور مانند اسکے چاہیے کہ تانبا یا فولاد خالص
لیکر باریک ورق یعنے پتر تیار کرین پھر اسکو بطریق مذکورہ آگ مین گرم کرکے تین تین مرتبہ ہر ایک
پانہین بجھادین اور طریقہ دھات مارنیکا یہ ہی کہ پہلے دھات کو خوب صاف کرین جیسا کہ اوپر
مذکور ہوا بعد اسکے درمیان بھنگ یا انبلی کی تہی یا دودھی کہ بوٹی مشہور ہی اوس دھات کو رکھین
جیسا کہ مشہور ہے بعد اسکے ٹاٹ مین لپیٹکے اندر گڑھے کے کہ مقدار تین گز کے مربع ہو رکھین اور اوپر
نیچے اوسکے جنگلی اوپلے رکھکر چار پہر تک آگ دیوین جسوقت کہ سرد ہو آہستہ آہستہ ہٹاکر رانگ کو
کہ کھیل ہو گیا ہو نکال لین اور سب دھاتونکو موافق اس ترکیب کے مارین طریقہ پارہ کے مارنیکا
اول دو تولہ پارہ لیکر تین چار مرتبہ کپڑے مین رکھکر نچوڑین اور صاف کرین بعد اوسکے مٹی کے برتن مین
ساتھ عرق تلسی کے اونگلی سے ملاوین یہانتک کہ پارہ دانہ دانہ ہو جاوے بعد اوسکے چمگادڑ نر کہ
بڑا بگل مشہور ہے اوسکو لاکر کمر مین کچا تاگا کہ عورت نابالغ نے کاتا ہو باندھین اور سات مرتبہ
اس افسون کو اوپر پارہ کے پڑھکر چمگادڑ کے حلق مین ڈالین افسون یہ ہے آونی موتی چھوتی باندھون
یون پانی دھرتی آسمان باندھون جنگل اور پانی بحر باندھون راکس بھوکس کرت سورج باندھون دہنے
نرسنگ باہین ہنومت دہائی راجہ رامچندر کی جو ہنومت کا باندھا چھوٹے تو مورا باندھا چھوٹے پھر
اسکے منہ چمگادڑ کا مضبوط سیوین تاکہ پارہ باہر نہ نکلے بعد اسکی چمگادڑ کو گل حکمت کرین یعنی اوپر چکنی مٹی
چڑھادین پھر اسکو آفتاب مین خشک کرین جسوقت کہ خشک ہو جاوے ایک مٹی کے برتن مین رکھکے
سرپوش کرکے کنارونکو مٹی سے بند کردین اور ایک گز مربع گڑھے مین ساتھ جنگلی اوپلون
کے جلادین یہانتک کہ ہڈیان چمگادڑ کی خاک ہو جاوین اور یہ بات عرصہ پانچ روز مین

رعایت فصلون سال کی جیٹھ اور اسار ہ کے مہینے مین ساتھ مویز منقے کی کھاوی اور ساون
اور بھادون کے مہینے مین ساتھ نمک سنگ یعنی لاہوری نمک کے اور کنوار اور کاتک کے مہینے
ساتھ مصری کے اور اگھن اور پوس کے مہینے مین ساتھ سونٹھ کے اور ماگھ اور پھاگن کے مہینے
مین ساتھ پیپل کے اور چیت اور بیساکھ کے مہینے مین ساتھ شہد کے لیکن بھری اور سونٹھ اور
منقے اور شہد کو ہموزن ہڑ کے لینا چاہیے اور نمک بقدر مزیکے اور پیپل تین عدد ساتھ ہلیلہ
کی کافی ہی جو شخص ساتھ ترکیب مذکور کے ہلیلہ یعنے ہڑ کو کھاوی نفع بہت پاوی اور فائدہ عظیم
اوٹھاوے لیکن ہمیشہ نہ کھانا چاہیی اسواسطیکہ ہلیلہ معدہ اور کبد کو ضعیف کرتا ہی خصوصین
بیچ بنجار کے ہلیلہ زرد سے پرہیز لازم ہی کہ اوس سے خوف اسہال کبد کا ہی فائدہ ساتو
مہینو نکے نامونمین زبان فارسی و عربی و ہندی ہین حمل عربی فروردین فارسی میکھ بیساکھ
ہندی ثور عربی اُردی بہشت فارسی برکھ جیٹھ ہندی جوزا عربی خرداد فارسی ہتھن اسار
ہندی سرطان عربی تیر فارسی کرک ساون ہندی اسد عربی مرداد فارسی سنگھ بھادون
ہندی سنبلہ عربی شہریور فارسی کنیا آسن ہندی سونج دکنوار ہندی میزان عربی مہر فارسی
تلا کاتک ہندی عقرب عربی آبان فارسی بر چھیک اگھن ہندی قوس عربی آذر فارسی
دھن پوس ہندی جدی عربی دے فارسی مکر ماگھ ہندی دلو عربی بہمن فارسی کنبھ پھاگن
ہندی حوت عربی اسفندارمذ فارسی مین چیت ہندی فائدہ فلزات یعنے دھات کے
مارنے اور صاف کرنیکے بیان مین طریقہ صاف کرنیکا یہ ہی کہ اول روغن تل کا لیوین
اور گرم کرین کسی دھات کو تپھلا کر یا گرم کرکے درمیان روغن مذکور کے ڈالین پھر اس دھاتکو
نکالکر بطریق مذکور تین مرتبہ تیل مین بجھاوی پھر اسیطرح تین مرتبہ دہی مین سرد کرے پھر
اوس گائکے پیشاب مین کہ جسنے بچہ نہ جنا ہو تین مرتبہ سرد کری پھر گانجے کے پانی مین
تین مرتبہ سرد کری پھر پانیمین کلتھی جوش کی ہوئی کی تین مرتبہ سرد کری اور چاہیے کہ جس برتن
مین پانی بھرا ہو اسکو آگ پر رکھین لیکن جو چیز کہ پگھلنے والی ہو مانند رانگ یا سیسی کی چاہیے کہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ترجمہ مجربات اکبری کا

سب تعریف ثابت ہی واسطے خداوند حکیم کے ایسا حکیم کہ ہدایت کی اوسنے ہمکو طرف
راہ مستقیم کے اور درود نامحدود نازل ہو جیو اوپر رسول کریم کے کہ جنکے صفت مین انک لعلی خلق عظیم
نازل ہے یعنے تحقیق کہ تو پیدا کیا گیا اوپر اخلاق بزرگ کے اور اوپر آل عظام اور اصحاب کرام کے
کہ مخصوص ہین ساتھ لطف عام کے اب بعد تعریف خدا کے کمترین بندونکا محمد اکبر بیٹا حاجی
میر محمد مقیم کا عرض رکھتا ہی کہ چند ترکیبین جو صاحبان تجربہ سے سنکر صفحہ کاغذ پر لکھی تھین وہ
سب پراگندہ پڑی تھین بسبب بے ترتیبی کے بروقت ضرورت نکالنا کسی مطلب کا باعث رنج و
محنت ہوتا تھا اسواسطے یہ دل مین آیا کہ ہر ایک ترکیب کو جو ساتھ ہر ایک مرض کے مخصوص ہے
ایک جگہہ منتظم کیجیے تا بلا محنت بروقت حاجت مفید مطلب ہو ساتھ مدد اللہ مہربان کے کہ دنیا مین
بجز ذات اوسکے کوئی دوسرا موجود نہین اور یہ مختصر شامل ہے اوپر ایک مقدمہ اور کئی باب اور
فصلون کے مقدمہ فائدونکی ذکر مین فائدہ ترکیب کھانی ہلیلہ کا مین یعنے ہڑ کے ساتھ

نمبر صفحہ	تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ	تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ
۱۳۹ تا ۱۳۹	بیان کثرت عرق کی کہ ہاتھ اور پیر سے ہوتی ہے اور چوٹ یعنے ضربہ وسقطہ۔	۱۴۸	بیان دفع کرنا زہر بچھو کا۔
		۱۴۹	بیان ترکیب موٹا ہونے مین۔
		۱۵۰	آدمی کے دبلا ہونے مین اور خوش آواز ہونے مین اور رنگ طرح طرح کے بنانے مین۔
۱۴۰	بیان دوائے بادفرنگ مین ادویہ واسطے آتشک کے۔		
۱۴۲ تا ۱۴۳ تا ۱۴۴	بیان ہر قسم کی بائی کو دور کرنے مین		
	بیان واسطے دور کرنی بدبوے پسینے کے اور دوائون جھائین مین۔	۱۵۱	دور کرنا خط کا ورق سے اور سوا اسکے اور خط چھپا ہوا ظاہر مین طریقہ نقش برتر کرنیکا اور تدبیر شکار کرنی چڑیونکی اور شکار کرنا کبوتر کا اور اور شکار کرنا کوے کا۔
۱۴۵	بیان معالجے دوائون زہر کھائی ہوئی اور جانورون زہردار مین		
۱۴۶	بیان دریافت ڈنک سانپ کا اور معالجہ زہر سانپ کا۔	۱۵۲	طریقہ شکار کرنے کانگ کا۔

تمت

	تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ		تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ
۷۳	وہ دوائین کہ جس سے ستی مرد اور عورت کی دور ہو	۱۰۴	معالجہ یرقان کا ساتھ تپ کے۔
۷۴ و ۷۵	بیان دواؤن بیلان ہنسی اور سوزاک	۱۰۵	بیان معالجہ تپ کا۔
	اور بند کشاد اور سرعت انزال کا۔	۱۰۶ تا ۱۱۰	ہر قسم کے تپ کا معالجہ۔
۷۶	ترکیب اندری جھاڑ یعنے برلانیوالی	۱۱۱ تا ۱۱۲	دوا کہ ورم کو کھو دیوے اور پیپ کو
	مادہ کی بول ہے۔		دور کرے اور خشک کرے۔
۷۷	دوا پرمیو اور سوزاک کی۔	۱۱۳	بیان دوا نارو مین کہ جو دھاگا
۷۸	دوائے بند کشاد کی۔		مقام جوڑ مین پیدا ہوتا ہے۔
۷۹	بیان ادویہ قوت باہ۔	۱۱۴ تا ۱۱۹	بیان معالجے اکوتہ اور چھاجن اور جذام
۸۰ تا ۸۷	بیان ترکیب بدن مسوک واسطے		اور زخم بواسیر دور کرنے کا۔
	قوت باہ کے نسخہ قوت باہ کا۔	۱۲۰	بیان روغن کہ زخم کو خشک کرتا ہے۔
۸۸ تا ۹۱	بیان ادویہ واسطے درازی آلت کے	۱۲۱ تا ۱۲۲	بیان معالجہ سفید داغ کا۔
۹۲ تا ۹۳	بیان ادویہ امساک۔	۱۲۳ تا ۱۲۴	بیان معالجہ داد کا۔
۹۴	وہ ادویہ جو لذت دیتی ہین وقت	۱۲۵	بیان دور کے مسہ اور جلد کا کھردرا ہو جانا
	جماع کے اور معالجہ امراض فوطے کا	۱۲۶ تا ۱۲۹	معالجہ بیماری کی ناخن اور ادویہ خارش کا
۹۵ تا ۹۹	بیان اون ادویہ کا جو فرج عورت کو تنگ		اور معالجہ جون کا۔
	کرے اور حیض کو لاوے اور بند کرے۔	۱۳۰	بیان ادویہ خضاب و بال خورہ۔
۱۰۰ تا ۱۰۳	بیان ادویہ واسطے منزل کرنے عورت کے	۱۳۱	بیان دوا کہ جلا دینے والی بدن کی ہے۔
	اور آسان ہونے بچہ کے وقت پیدا	۱۳۲ تا ۱۳۶	بیان مرہم کا اور جو کہ مرہم سے مناسب ہے۔
	ہونے بچے کے۔	۱۳۷	بیان دوا پسینا لانے والی کا۔

	تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ		تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ
۳۱	بیان قلاع جسکو ننا وہ کہتے ہین مع معالجہ اوسکے۔	۵۰ تا ۵۴	بیان دوا بھوک لگانے والی اور پیاس کو کم کرنیوالی اور ہچکی دفع کرنیوالی کا۔
۳۲ تا ۳۳	بیان مسی بنانے کا اور منجن کا۔	۵۳	بیان بادگولہ اور پیچش اور سنگرہنی کا۔
۳۴	بیان منجن دانتون کا۔	۵۴ تا ۵۹	بیان دوا ر جیر و پیچش اور دوائے لیپ کا۔
۳۵	بیان خنازیر جسکو گھینگھا کہتے ہین اور معالجہ اوسکا۔	۶۰	بیان دوائے غذا کا۔
۳۶	بیان منہ کے امراض کا اور کان کے امراض کا مع معالجہ اوسکے۔	۶۱	معض یعنے بیان درد آنت کا مع معالجہ اور دوائون مسہلہ کے بیان ہین۔
۳۷	بیان دل کے امراض کا اور معالجہ اوسکا یعنے تپاک دل کا معالجہ۔	۶۲	بیان مسہل کہ باسانی طبیعت کو نرم کرے
۴۰ تا ۴۱	پھیپھڑے کی امراض ہین یعنی دمہ کی دوا۔	۶۳	بیان قہوہ مسہل سنا اور پارے کا سودھنا۔
۴۲	بیان دودھ کے زیادہ کرنے ہین اور دودھ کے کم کرنے ہین۔	۶۴	بیان وہ دوا جو قے لاوے باافراط۔
۴۳	بیان چھاتی کے چھوٹا کرنے کا اور دردون کے دور کرنے کا۔	۶۵	وہ دوا جو قے اور متلی کو دور کرے
۴۴ تا ۴۵	بیان تاب تلی کا اور معالجہ اوسکا۔	۶۶	وہ دوا کہ کیچوہ پیٹ سے دور کرے اور ہیضے وبا کو رفع کرے۔
۴۶	بیان درد کمر اور پشت کی بیماری ہین۔	۶۷ تا ۷۱	بیان باہر آنے مقعد کا یعنے جاضی ورکا اور بیان دوائے بواسیر کا۔
۴۷ تا ۴۸	معالجہ لقوہ اور درد کمر کا۔		
۴۹	بیان درد ہوک اور معالجہ اوسکا۔	۷۲	جلن مثانہ اور رسنگ گردہ کا بیان اور معالجہ اوسکا

فہرست مجربات اکبری

نمبر صفحہ	تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ	نمبر صفحہ	تفصیل امراض و ترکیب استعمال ادویہ
۶	بیان ترکیب استعمال ہلیلہ۔	۱۷	بیان افیون چھوڑانے کا اور سفید کرنے
۷ تا ۸	بیان طریقے مارنے دھات کا۔		بنگ کا اور طریقہ کھانے بچھناگ کا
	مع اوسکے افسون کے۔	۱۸	بیان کھانے ہرتال اور کھانی سنکھیا کا
۹	بیان نکالنے ست لوبان کا۔		بیان زرد سرمع معالجے اوسکے۔
۱۰	بیان نکالنے روغن پلاس پاپڑے کا۔	۱۹	بیان معالجہ شقیقہ یعنے آدھا سیسی
۱۱	بیان پارہ قائم کرنیکا اور نکالنے روغن		وغیرہ کا۔
	سرپھوکے کا اور ترکیب بنانے سونے کی۔	۲۰	بیان سرمین زخم و آبلہ ہونیکا مع معالجہ اوسکے
۱۲	بیان استعمال پارہ کہ شکم مین قایم رہے۔	۲۱	بیان صرع یعنے مرگی و ام الصبیان کا
۱۳	بیان نکالنے نمک موتی کا اور سونا		مع معالجہ اوسکے۔
	بنانے کا اور گھریہ بنانے چاندی کا۔	۲۲	بیان سکتے کا اور نیند نہ آنے کا۔
۱۴	بیان مارنے ابرک کا۔	۲۳	بیان دوران سر اور نسیان اور
۱۵	بیان کجلی کرنے پارہ اور گندھک کا		زیادتی نیند کا اور ناک کے امراض کا۔
	اور ترکیب نورہ بنانیکی اور سودھنا	۲۴ تا ۲۸	بیان آنکھ کے امراض مین مع معالجہ
	جمالگوٹے کا اور نکالنا عرق گندھک کا		اوسکے۔
۱۶	بیان پانی ناک مین کھینچنے کا صبح کو اور	۲۹	بیان رتوندی اور پھڑکنا آنکھ کا اور
	پارہ ملنا سر پر اور زندہ کرنا سونا		اورد کا بیان۔
	مارے ہوئے کا اور قلعے ماری	۳۰	ورم آنکھ کا بیان اور کھرکھرہ ہونا
	ہوئی کا اور گھریہ یونانی کا بنانا۔		زبان کا۔

التماس

اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے اور فہرست مطبوعہ ہر ایک شائقین کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معاینہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ سادہ مین کتب طب مختص بعلاج انسان و کتب مختص بعلاج بہائم و طیور و کتب مختص بمفردات طب و کتب غیر مختص و چند کتب طب فارسی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدر دانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

کتب طب مختص بعلاج انسان

تشریح الاسباب - معروف بمظہر العلوم مع نقشہ بروج فلکی مصنفہ حکیم قاضی الٰہی بخش

رسالہ زبدۃ المفردات - او نظم مارتی مؤلفہ حکیم سید علی حسین مخلص بہ بلیغ

زبدۃ الحکمۃ - فصول اربع مین روزمرہ چیزونکی استعمال کا بیان ہی مؤلفہ سید حکیم مہر علی رئیس مظہر

مفید الاجسام - مع فوائد عجلیہ ہر ششم امراض کے نسخے مؤلفہ سید فضل علی نیوٹ ڈاکٹر۔

علاج الغربا - اسکی کوڑیونکی دوا قیمتی کام کرتی ہے مترجمہ حکیم غلام امام۔

ترجمہ طب اکبر - یہ ترجمہ تمام خوبی سی ہوا ہر ایک مطالب دقیق کو صاف محاورہ زبان اردو مین لکھا ہی نام تاریخی اسکا مظاہر العلاج ہی مترجمہ حکیم محمد حسین

قانون حضرت - مومامہر ششم تپ کا علاج و خصوصاً تپ مزمن کا مصنفہ حکیم عترت حسین

تحفۃ الاطبا - اسم بامسمی ہی مؤلفہ حکیم سید مشرف حسین خیر آبادی۔

قرابادین شفائی - اردو مترجمہ حکیم محمد ہادی حسین خان مراد آبادی۔

قرابادین دکائی - فارسی مصنفہ حکیم ذکاء اللہ خان اردو مترجمہ حکیم ہادی حسین خان مراد آبادی۔

طب نبوی - جسکا ہر نسخہ مریضون کے لیے اکسیر اعظم ہے انتخاب احادیث نبوی سے مؤلفہ حافظ اکرام الدین۔

رموز الحکمۃ - اون علامتون کا بیان جس سے ابتدائے مرض سے مآل نیک یا بد ی معلوم ہوتا ہی اور اوسکے دفع کی تدبیر مؤلفہ حکیم رجب علی۔

معالجات احسانی - دلائل تشخیص امراض اور اسکا علاج مؤلفہ حکیم احسان علی۔

علاج الامراض - اردو طب کی مستند کتاب مترجمہ حکیم ہادی حسین خان۔

رسالہ قارورہ - شناخت رنگ و قوام و رائحہ بول مین عمدہ رسالہ مؤلفہ حکیم غلام یحیی۔

مرکبات احسانی - بطور قرابادین ہر مرض کی تشخیص بترتیب حروف تہجی از حکیم احسان علی۔

اکسیر القلوب - ترجمہ اردو مفرح القلوب جو تصنیف حکیم محمد اکبر ہے مترجمہ حکیم محمد نور کریم۔

Moojurlut Akbaree

INSTITUTE OF INDIAN

یہ رسالہ مسمے بہ

مجربات اکبری

جسکو

حکیم سید محمد اکبر صاحب نے بکمال محنت فن طب مین تالیف

و ترتیب فرماکر ہر مرض کے نسخے مجرب و آزمودہ لکھے

ترجمہ اوسکا

بزبان اردو عام فہم حسب الایمای جناب منشی نولکشور صاحب جناب

حکیم واحد علیخان صاحب موہانی نے فرماکر حق ترجمہ جناب منشی صاحب موصوف کو عنایت کیا

اب واسطے نفع عام کے

مطبع منشی نولکشور مقام کانپور مین طبع ہوا

سنہ ۱۸۸۲ء

Mujarrabāt-ē-Akbari.